# THE
# SENATE OF PAKISTAN
# DEBATES

***OFFICIAL REPORT***

Tuesday, the February 10, 2026
(358th Session)
Volume XIV, No. 05
(Nos.)

*Printed and Published by the Senate Secretariat, Islamabad*

| | |
|---|---|
| Volume XIV | SP.XIII (05)/2026 |
| No. 05 | 04 |

# Contents


1. Recitation from the Holy Quran ........ 1
2. Leave of Absence ........ 2
3. Privilege Motion moved by Senator Bilal Ahmed Khan against a PIA crew ........ 4
4. Further discussion on the suicide attack at a Mosque in Islamabad ........ 5
   - Senator Bilal Ahmed Khan ........ 5
   - Senator Dr. Afnan Ullah Khan ........ 9
   - Senator Dost Muhammad Khan ........ 12
   - Senator Syed Waqar Mehdi ........ 14
   - Senator Abdul Wasay ........ 15
5. Point of Order raised by Senator Sherry Rehman regarding non-streaming of live proceedings of the House ........ 18
   - Senator Syed Ali Zafar ........ 20
   - Senator Kamran Murtaza ........ 20
6. Further discussion on the suicide attack at a mosque in Islamabad ........ 21
   - Senator Ashraf Ali Jatoi ........ 21
   - Senator Hafiz Abdul Kareem ........ 22
   - Senator Fawzia Arshad ........ 23
   - Senator Nasir Mehmood ........ 26
   - Syed Mustafa Kamal (Federal Minister for National Health Services) ........ 28
   - Senator Raja Nasir Abbas (Leader of the Opposition) ........ 29
   - Senator Mashal Azam ........ 29
   - Senator Khalida Ateeb ........ 32
   - Senator Noor Ul Haq Qadri ........ 33
   - Senator Mohammad Humayun Mohmand ........ 35
7. individual who has been named as a Chairman, it is Donlad J. Trump, this is not a President of United States. ........ 36
   - Senator Aimal Wali Khan ........ 38
   - Senator Jam Saifullah Khan ........ 42
   - Senator Kamil Ali Agha ........ 45
   - Sardar Awais Ahmad Khan Leghari (Minister for Power) ........ 47
   - Senator Nadeem Ahmed Butto ........ 47
8. Introduction of [The City University Islamabad Bill, 2026] ........ 49
9. Introduction of [The Securities and Exchange Commission of Pakistan (Amendment) Bill, 2026] ........ 50
10. Consideration and passage of [The Islamabad Capital Territory (Prohibition of Plastic Book Coves) Bill, 2025] ........ 56
11. Consideration and passage of [The Criminal Laws (Amendment) Bill, 2023] ........ 57
12. Consideration and Passage of [The Prevention of Trafficking in Persons (Amendment) Bill, 2024] ........ 59
13. Consideration and Passage of [The Prevention of Electronic Crimes (Amendment) Bill, 2024] ........ 61
14. Consideration and passage of [The Pakistan Penal Code (Amendment) Bill, 2024] ........ 63
15. (Amendment of section 377 of PPC) ........ 63
16. Resolution moved by Senator Dr. Zarqa Suharwardy Taimur, urging withdrawal of NEPRA's Draft "Prosumer Regulations, 2025'', regarding Rooftop Solar Prosumers, and the Government to ensure that Pakistan's energy transition remains equitable, evidence-based, and citizen inclusive ........ 66
17. Motion Under Rule 218 moved by Senator Senator Dr. Zarqa Suharwardy Taimur regarding the implications of draft NEPRA (Prosumer) Regulations, 2025 ........ 69
   - Senator Syed Ali Zafar ........ 70
   - Secretary Senate ........ 72
   - Senator Sherry Rehman ........ 74
   - Senator Zeeshan Khan Zada ........ 79
   - Senator Kamran Murtaza ........ 80
   - Sardar Awais Ahmad Khan Leghari (Federal Minister for Power) ........ 82
   - Senator Kamil Ali Agha ........ 89
   - Mr. Awais Ahmad Khan Leghari (Minister for Power) ........ 89

# SENATE OF PAKISTAN
# SENATE DEBATES

Tuesday, the February 10, 2026

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad at twelve minutes past three in the evening with Mr. Presiding Officer (Senator Amir Waliuddin Chishti) in the Chair.

----------------

## Recitation from the Holy Quran

أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔

وَ اِذْ قَالَ اِبْرٰهِيْمُ رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا الْبَلَدَ اٰمِنًا وَّ اجْنُبْنِيْ وَ بَنِيَّ اَنْ نَّعْبُدَ الْاَصْنَامَ ﴿۳۵﴾ رَبِّ اِنَّهُنَّ اَضْلَلْنَ كَثِيْرًا مِّنَ
النَّاسِ ۚ فَمَنْ تَبِعَنِيْ فَاِنَّهٗ مِنِّيْ ۚ وَمَنْ عَصَانِيْ فَاِنَّكَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۳۶﴾ رَبَّنَآ اِنِّيْٓ اَسْكَنْتُ مِنْ ذُرِّيَّتِيْ بِوَادٍ غَيْرِ ذِيْ زَرْعٍ عِنْدَ
بَيْتِكَ الْمُحَرَّمِ ۙ رَبَّنَا لِيُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ فَاجْعَلْ اَفْئِدَةً مِّنَ النَّاسِ تَهْوِيْٓ اِلَيْهِمْ وَارْزُقْهُمْ مِّنَ الثَّمَرٰتِ لَعَلَّهُمْ يَشْكُرُوْنَ ﴿۳۷﴾

ترجمہ: ارشادِ باری تعالیٰ ہے اور (یاد کرو) جب ابراہیم علیہ السلام نے دعا کی، اے میرے رب! اس شہر کو امن والا بنا دے اور مجھے اور میری اولاد کو بتوں کی عبادت سے بچالے۔اے میرے رب! بے شک ان (بتوں) نے بہت سے لوگوں کو، گمراہ کر دیا ہے، پس جو میری پیروی کرے وہ مجھ سے ہے،اور جو میری نافرمانی کرے، تو بے شک، تو بہت بخشنے والا نہایت رحم فرمانے والا ہے۔اے ہمارے رب! میں نے اپنی کچھ اولاد کو تیرے محترم گھر کے پاس، ایک ایسی وادی میں آباد کیا ہے، جہاں کھیتی نہیں ہوتی، اے ہمارے رب! تاکہ وہ نماز قائم کریں پس لوگوں کے دلوں کو ان کی طرف مائل کر دے، اور انہیں پھلوں کا رزق عطا فرما تاکہ وہ شکر گزار بنیں۔سچ کہا ربِ ذوالجلال نے جو بڑی عظمت والا ہے۔

سورۃ ابراہیم (آیات ۳۵ تا ۳۷)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ آج کا اجلاس ہم کل کے اجلاس سے ہی شروع کریں گے، جس میں ہمارے معزز ممبران کی کافی تقاریر رہ گئی تھیں اور یہ طے ہوا تھا کہ کل کے بقیہ مقررین اسلام آباد سانحہ پر اپنا اظہارِ خیال کرنا چاہتے ہیں، وہ آج سیشن کے شروعات میں شروع کر دیں گے۔ اس سے پہلے ہم چھٹی کی درخواستیں لے لیتے ہیں، اس کے بعد ہم تقاریر کا آغاز کر لیں گے۔

## Leave of Absence

Mr. Presiding Officer: Senator Umer Farooq has requested for the grant of leave for the whole current session due to personal engagements. Is leave granted?

*(The leave was granted)*

Mr. Presiding Officer: Senator Abdul Shakoor Khan has requested for grant of leave for 2nd February to 11th February, 2026 due to visit abroad. Is leave granted?

*(The leave was granted)*

Mr. Presiding Officer: Senator Ahmed Khan has requested for the grant of leave from 2nd and 3rd February, 2026 due to personal engagements. Is leave granted?

*(The leave was granted)*

Mr. Presiding Officer: Senator Dost Ali Jeesar has requested for the grant of leave for 16th February, 2026 due to personal engagements. Is leave granted?

*(The leave was granted)*

Mr. Presiding Officer: Senator Syed Kazim Ali Shah has requested for the grant of leave for 6th February, 2026 due to personal engagements. Is leave granted?

*(The leave was granted)*

Mr. Presiding Officer: Senator Syed Masroor Ahsan has requested for the grant of leave for 6th February, 2026 due to official engagements. Is leave granted?

*(The leave was granted)*

(Cont'd.... T02)

**T02-10Feb2026 Tariq/Ed: Waqas. 03:20 pm**

*(The leave was granted)*

Mr. Presiding Officer: Senator Atta-ul-Haq has requested for grant of leave for 3rd February, 2026 due to personal engagements. Is leave granted?

*(The leave was granted)*

Mr. Presiding Officer: Senator Mohammad Ishaq Dar has requested for the grant of leave for 6th February, 2026 due to official engagements. Is leave granted?

*(The leave was granted)*

Mr. Presiding Officer: Senator Qurat-Ul-Ain Marri has requested for the grant of leave for 3rd and 6th February, 2026 due to personal engagements. Is leave granted?

*(The leave was granted)*

Mr. Presiding Officer: Senator Sarmad Ali has requested for the grant of leave for 3rd February, 2026 due to personal engagements. Is leave granted?

*(The leave was granted)*

Mr. Presiding Officer: Senator Rana Sana-Ullah Khan has requested for the grant of leave for 9th February, 2026 due to personal engagements. Is leave granted?

*(The leave was granted)*

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ، سینیٹر بلال احمد خان صاحب، ہم کل کے ایجنڈا سے ہی شروع کر لیتے ہیں۔ سینیٹر صاحب ہم آج ان شاءاللہ تعالیٰ business take-up کریں گے، پہلے کل جہاں سے ہم نے ختم کیا تھا وہاں سے شروع کرتے ہیں۔ بس ہم یہ تقاریر سن لیں، جو

اراکین اپنے تاثرات کا اظہار کرنا چاہتے ہیں اس کے بعد ہم کر لیتے ہیں۔ میڈم انوشہ رحمان صاحبہ، کل یہ decide ہوا تھا کہ کل جو معزز اراکین تقاریر نہیں کر سکے تھے وہ اپنے جذبات کا اظہار کر لیں اور اپنی تجاویز دے دیں، منسٹر صاحب اسے conclude کر لیں اس کے بعد ہم business لے لیں گے۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: میڈم یہ already decided ہے اگر آپ چاہتے ہیں تو دوبارہ voting کر لیتے ہیں۔۔۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: ہم private کو پہلے لے لیں گے اور government کو بعد میں لے لیں گے۔ ہم نے یہ کل طے کیا تھا کہ ہم private Bill پہلے لیں گے اس کے بعد ہم government business لے لیں گے۔ جی سینیٹر بلال صاحب۔

## Privilege Motion moved by Senator Bilal Ahmed Khan against a PIA crew

سینیٹر بلال احمد خان: جناب چیئرمین! میں سب سے پہلے ایک privilege motion against a PIA crew move کرنا چاہتا ہوں جنہوں نے دو روز پہلے میرے ساتھ flight میں بدتمیزی کی تھی، اس سلسلے میں privilege motion move کیا ہے تو براہ مہربانی اسے Privilege Committee کو بھجوا دیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: پہلے تقاریر کر لیں، یہ بہت اہم ہے۔ دیکھیں ابھی ہم نے کوئی business نہیں لیا ہے۔

سینیٹر بلال احمد خان: جناب آپ اسے صرف وہاں بھجوا دیں، میں اس کے ساتھ تقریر بھی کر رہا ہوں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ پہلے تقریر کر لیں پھر اسے decide کر لیتے ہیں۔

سینیٹر بلال احمد خان: جناب چیئرمین! میرے خیال میں یہ privilege motion صرف میرا نہیں ہے، آج یہ میری طرف سے ہے، کل یہ میرے ساتھ بیٹھے ہوئے تمام سینیٹر حضرات کی طرف سے ہوگا، آج اگر یہ خاموش بیٹھیں گے تو کل ان تمام کی طرف سے ہو گا۔ جناب اسے refer کر دیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: ہم نے اسے note کر لیا ہے۔

سینیٹر بلال احمد خان: جناب آپ اسے کمیٹی کو بھیج دیں، میں اپنی تقریر شروع کر دیتا ہوں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ پہلے تقریر کرلیں، پھر میں اسے refer کر دیتا ہوں۔

سینیٹر بلال احمد خان: جناب کمیٹی کو بھیج دیں، میں تقریر شروع کر دوں گا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ مجھے مسئلہ تو بتائیں۔

سینیٹر بلال احمد خان: جناب چیئرمین! مسئلہ یہ ہے کہ flight میں آتے ہوئے crew نے میرے ساتھ بد تمیزی کی ہے اس سلسلے میں privilege motion دیا ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: ٹھیک ہے اسے Privilege Committee کو بھیج دیتے ہیں۔

سینیٹر بلال احمد خان: شکریہ جناب۔

سینیٹر سید مسرور احسن: جناب چیئرمین! کراچی انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر PIA deal کرتی ہے اور وہاں ہم نے ساری چیزوں کو دیکھا کہ ہزاروں لوگوں کی لائن لگی ہوئی ہے، trolley نہیں ہے، trolley کے پیسے لیے جارہے ہیں اور باقاعدہ پیسے مانگتے ہیں۔ Immigration پر اتنی بڑی لائن لگی ہوئی ہے تو ذرا کراچی ایئرپورٹ کے معاملات پر رحم کریں اور اس معاملے کو بھی Privilege Committee کو بھیجیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر مسرور احسن صاحب اس معاملے کو ہم نے already Privilege Committee کو بھیج دیا ہے۔ مسرور احسن صاحب والے معاملے کو بھی Privilege Committee میں بھجوادیں۔

سینیٹر سید مسرور احسن: جناب یہ Aviation والوں کا issue ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: ہم اسے Civil Aviation کو بھیج دیتے ہیں۔ Civil Aviation کو بھیج دیں۔ جی سینیٹر بلال صاحب۔

## Further discussion on the suicide attack at a Mosque in Islamabad

### Senator Bilal Ahmed Khan

سینیٹر بلال احمد خان: شکریہ، جناب چیئرمین! سب سے پہلے میں ان تمام خاندانوں کے ساتھ جن کے پیارے اس واقعہ میں اس دنیا سے رخصت ہو گئے ہیں یا اس سے پہلے ہونے والے واقعات میں دنیا سے رخصت ہوئے ہیں ان سے میں دلی ہمدردی کا اظہار کرتا ہوں۔

جناب چیئرمین! ہم تقاریر میں، بیانات میں، TV پر یہ بات کرتے ہیں کہ واقعہ یا سانحہ، یا ایک حادثہ کے لفظ کا استعمال کرتے ہیں۔ اگر دیکھا جائے تو واقعہ، حادثہ یا سانحہ یہ اچانک ہونے والی چیزیں ہیں، ایک دم ہونے والی چیزیں ہیں اور یہ کئی سالوں کے بعد، کئی مہینوں کے بعد یا کئی

دہائیوں کے بعد اس طرح کے واقعات پیش آتے ہیں لیکن اگر ہم اپنے ملک کی تاریخ پر نظر دوڑائیں تو جو کچھ تسلسل سے ہوتا آ رہا ہے تو میں انہیں واقعات، واقعہ، سانحہ یا حادثہ نہیں کہوں گا، یہ ایک مسئلہ ہے۔ مسئلے میں اور سانحہ یا واقعہ میں بڑا فرق ہوتا ہے، واقعہ یا سانحہ اچانک ہوتا ہے، مسئلہ کئی سالوں یا کئی دہائیوں سے چلتا آتا ہے اور وہ اپنی جڑیں مضبوط کرتے ہوئے اپنے آپ کو ظاہر کرتا ہے۔ ہمارے ہاں جو کچھ ہوا، میں کہتا ہوں کہ پاکستان میں جو کچھ ہوا، جب میں پاکستان کا نام لوں گا تو مجھے اس میں تفریق کرنے کی ضرورت نہیں ہو گی کہ کیا وہ واقعہ ڈیرہ اسماعیل خان میں ہوا، کیا وہ بلوچستان کے کسی بارہ اضلاع یا بارہ شہروں میں واقعہ ہوا، مجھے یہ define کرنے کی ضرورت نہیں ہے کہ آیا وہ واقعہ اسلام آباد میں ہوا یا خدانخواستہ اللہ نہ کرے یہ واقعہ آنے والے وقت میں لاہور میں ہو، کراچی یا پنڈی میں ہو، میں یہ کہوں گا آج جو کچھ ہوا یا اس سے پہلے جو کچھ ہوا وہ پاکستان میں ہوا، اس کے بعد خدانخواستہ اگر ہو گا تو پاکستان میں ہو گا۔

اگر ہم اس چیز میں فرق کرنے لگ گئے جیسا کہ ہم کرتے آ رہے ہیں کہ بلوچستان میں واقعہ ہوا تو پھر یہ بلوچستان کا مسئلہ ہے۔ یہ مسئلہ صرف اور صرف بلوچستان حل کرے گا۔ اگر ہم کہیں کہ یہ واقعہ اسلام آباد میں ہوا ہے تو یہ واقعہ اور مسئلہ صرف اور صرف اسلام آباد کا ہے۔ اگر ہم یہ کہیں کہ یہ واقعہ D.I. Khan میں ہوا تو یہ صرف D.I. Khan کا مسئلہ ہے، یہ پاکستان کا مسئلہ اور واقعہ نہیں ہے۔ کیا ہم مسئلے اور واقعہ کو الگ کر سکیں گے، کیا ہم اس مسئلے کو مسئلہ سمجھ رہے ہیں، کیا اس دہشت گردی کو جسے ہم دہشت گردی کہہ رہے ہیں، اس کو ہم واقعہ کا نام، حادثے کا نام، سانحہ کا نام دے کر صرف اس پر discussion کرکے، ہاتھ اٹھا کر انا اللہ وانا علیہ راجعون پڑھ کر خاموش ہو جائیں گے۔ کیا یہی اس کا حل ہے اگر یہی اس کا حل ہے تو شاید پورا پاکستان ان للہ وانا علیہ راجعون پڑھ کر اس سانحہ کے اثرات کو ختم کر دے گا۔ لیکن اگر اسے ہم مسئلہ سمجھتے ہیں، اگر واقعی یہ ایک مسئلہ ہے، اگر دہشت گردی، بدامنی یا جسے ہم proxy کہتے ہیں اگر واقعی یہ ایک مسئلہ ہے تو اس مسئلے کو حل ہونا چاہیے۔ مسئلے کا حل کیا ہے؟ کیا کبھی اس پر ہم نے بیٹھ کر سوچا ہے؟ کیا اس ایوان میں، کیا ہمارے برابر میں موجود دوسرے ایوان میں، کیا ہماری صوبائی اسمبلیوں کے ایوانوں میں یہ بیٹھ کر سوچا گیا ہے کہ یہ مسئلے ہیں یا یہ واقعات ہیں۔ میرا خیال ہے کہ آج تک ہم اسے صرف واقعات ہی سمجھ رہے ہیں۔ اگر میں غلط نہیں ہوں تو شاید اس ایوان میں بیٹھے ہوئے میرے ساتھی میری تصحیح کر دیں، شاید میں غلط ہوں اور اسے واقعہ کہہ رہا ہوں، اگر وہ کہتے ہیں کہ یہ ایک مسئلہ ہے تو اس مسئلے کو حل ہونا چاہیے۔ اس مسئلے کے بارے میں ہم باتیں تو بہت کر رہے ہیں اور انڈیا، اسرائیل یا افغانستان کے نام تو لے رہے ہیں، ہم اس کی نشان دہی تو کر رہے ہیں کہ ہمارے ساتھ جو کچھ ہو رہا ہے یہ ان کے توسط سے، ان کے حوالے سے یا ان کے through

ہمارے ساتھ یہ سب کچھ ہو رہا ہے، یہ چیز تو admitted ہے، یہ چیز تو ماننے والی ہے کہ ہمارے ساتھ کچھ نہ کچھ ہو رہا ہے، ہمارے ساتھ ہمارے ہمسائے کچھ نہ کچھ کر رہے ہیں۔ (آگے جاری۔۔۔T-03)

T03-10Feb2026 Mariam Arshad/Ed:Shakeel 03:30 p.m.

سینیٹر بلال احمد خان: (جاری۔۔۔) یہ چیز تو admitted ہے، یہ چیز تو ماننے والی ہے کہ ہمارے ساتھ کچھ نہ کچھ ہو رہا ہے۔ ہمارے ساتھ ہمارے ہمسایہ ممالک کچھ نہ کچھ کر رہے ہیں۔ ہم نے اپنے ہمسایوں کے ساتھ کیا کیا، ہم نے اپنے ہمسایوں کے ساتھ اس بارے میں، اس سے ہٹ کر تجارت کے بارے میں، اس سے ہٹ کر خارجہ پالیسی کے بارے میں، اس سے ہٹ کر باقی دیگر معاملات پر ہم نے کس طرح کے معاملات discuss کیے ہیں۔ اس کے علاوہ یہ جو ہمارے ساتھ دہشت گردی ہو رہی ہے، یہ دہشت گردی کا جو مسئلہ ہمارے ساتھ چلتا آرہا ہے اس مسئلے کو ہم نے کبھی take up کیا ہے۔ اس مسئلے پر کبھی seriously اس ایوان نے ہمارے ساتھ دوسرے ایوان میں بیٹھے لوگوں نے کبھی اس پر discussion بھی کی ہے۔

میرے ایک سینیٹر ساتھی نے کل رات نے ٹی وی پروگرام میں بیٹھ کر کہا کہ اس کا حل 500 سیاستدانوں کو فارغ کرنا ہے۔ کس طرح فارغ کرنا ہے، یہ سمجھ میں نہیں آرہا۔ مجھے سمجھ نہیں آئی کہ میرے جو ساتھی تھے انہوں نے سیاستدانوں کا نام یا سیاستدانوں کو کیسے اس کا موردالزام ٹھہرایا ہے۔ انہوں نے کہا 500 سیاستدان میرے جو یہاں بیٹھنے والے دوست ہیں سینیٹر صاحب انہوں نے 500 سیاست دانوں کا نام لیا۔ کیا اس مسئلے کا حل ان کو معلوم ہوچکا ہے کہ اس کا مسئلہ کا حل یا اس مسئلے کی وجہ ہم 500 سیاستدان ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: مندوخیل صاحب آج صرف سانحہ پر گفتگو ہو رہی تو اس پر ہی بات کریں۔

سینیٹر بلال احمد خان: میں اسی پر آرہا ہوں میرے خیال میں کیا میرے اس فاضل دوست کو معلوم ہو چکا ہے کہ یہ جو مسئلہ ہے یہ 500 سیاستدانوں کی وجہ سے ہے۔ اگر یہ بات ہے تو پھر ٹھیک ہے اگر یہ ملک ہم جیسے سیاستدانوں کی قربانی سے ٹھیک ہو سکتا ہے تو قربانی کے لیے ہم شاید سب حاضر ہو جائیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ مندوخیل صاحب۔

سینیٹر بلال احمد خان: جناب پریذائیڈنگ آفیسر! اگر مسئلہ کہیں اور ہے یا مسئلہ کچھ اور ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: مندوخیل صاحب آج صرف سانحہ پر بات ہو رہی ہے۔

سینیٹر بلال احمد خان: یہ سانحہ سے جڑا ہوا ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آخری منٹ لے لیں اور conclude کریں۔ اس پر اور ساتھی بھی بات کرنا چاہتے ہیں۔

سینیٹر بلال احمد خان: کل رات کو ٹی وی پر اتنی بڑی بات کی گئی۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: پھر تو پورا سال گزر جائے گا اور لوگ بھی بات کرنا چاہتے ہیں۔

سینیٹر بلال احمد خان: اتنی بڑی بات انہوں نے یہ ٹی وی چینل پر کی ہے یہ ٹی وی چینل صرف میرے گھر پر نہیں آرہا۔ یہ ٹی وی چینل پورے پاکستان میں ہے اور یہ ٹی وی چینل دنیا کے دیگر ممالک میں بھی چل رہا ہے۔ کیا ایک ٹی وی چینل پر میرا ایک Parliamentarian شاید میں سیاستدان کا لفظ استعمال نہ کر سکوں۔ میرا ایک Parliamentarian بیٹھ کر یہ بات کرتے ہیں کہ 500 سیاستدانوں کو آپ صفحہ ہستی سے ہٹائیں گے تو یہ ملک ٹھیک ہو جائے گا۔ اخباروالوں نے غالباً تھوڑی سی شرافت سے کام لیا ہے انہوں نے 500 لکھا ہے۔ افنان اللہ صاحب اگر انہوں نے ٹی وی پر پانچ ہزار کہا ہے تو میں اس پر معذرت چاہوں گا کہ اخبار والوں نے 500 لکھا ہے۔ اب مجھے معلوم نہیں 500 ہیں یا پانچ ہزار ہیں یا پانچ ہیں۔ مجھے لگتا ہے کہ کل کی تقاریر کے بعد کل رات کو یہ نشاندہی ہو گئی ہے کہ جو مسئلے مسائل ہیں وہ ہم میں سے ہیں، ہم نے کیے ہیں۔ میرے ساتھ ہال میں بیٹھے ہوئے سیاستدان یا ہمارے party میں موجود سیاستدان جو ایوانوں تک نہیں پہنچتے، ہمارے جو workers and politicians گلی کوچوں میں ہیں۔ ہمارے پاس ہر level کے سیاستدان ہیں کونسل لیول کے سیاستدان، ڈسٹرکٹ لیول کے سیاستدان، سینٹ لیول کے سیاستدان، نیشنل لیول کے سیاستدان، صوبائی اسمبلی کے لیول کے سیاستدان ہیں۔ ہم سب سیاستدان، ہم سب جو سیاست کر رہے ہیں کوئی اسمبلی تک پہنچتا ہے کوئی نہیں پہنچتا لیکن سیاست سب کرتے ہیں، سب کے سب سیاستدان ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ کا point آگیا ہے۔

سینیٹر بلال احمد خان: اس کا مطلب یہ ہے کہ ہماری موجودہ جتنی بھیparties ہیں یہ سب کے سب اس نرغے میں آئیں گے یا سب کے سب اس کے ذمہ دار ہیں۔ خدارا مسئلے کا حل جہاں ہے وہاں تلاش کریں۔ خدارا مسئلے کا حل جہاں ہے اس کی طرف توجہ دیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سب کی توجہ اسی طرف ہے۔

سینیٹر بلال احمد خان: جناب پریذائیڈنگ آفیسر! توجہ سے کام نہیں چلے گا، توجہ پر عمل بھی ضروری ہے۔ جب تک عمل نہیں ہوگا، توجہ تو ہم پچھلے 77 سال سے دیتے آرہے ہیں۔ 77 سال سے ہم یہی ایک لفظ سنتے آرہے ہیں کہ پاکستان ایک نازک موڑ سے گزر رہا ہے لیکن مجھے تو آج معلوم ہوا کہ یہ نازک موڑ نہیں ہے تو round about ہے۔ یہ تو ایک گول چوراہا ہے ہم اسی چوراہے میں 77 سال سے گھوم رہے ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: Collectivism آجائے گا باقی ساتھیوں سے بھی سن لیں اور پھر ہم اس کو conclude کر لیں گے۔

سینیٹر بلال احمد خان: میری آپ سے آخری یہ استدعا ہے کہ kindly ایک تو یہ دیکھنا ہے کہ اگر یہ مسئلہ سیاستدانوں میں ہے تو سیاستدانوں کو اس سلسلے میں کٹہرے میں کھڑا کر دیں اور اگر کٹہرے میں کھڑا ہی کرنا ہے تو سیاستدان اگر مورد الزام ٹھہرائے جاتے ہیں یا پھر جو سیاستدانوں پر الزام لگاتے ہیں ان کو کٹہرے میں کھڑا کریں یا جو اس کے ذمہ دار ہیں ان کو کٹہرے میں کھڑا کر دیں۔ عدالت لگائیں، کٹہرا لگائیں دودھ کا دودھ پانی کا پانی کر دیں تاکہ یہ پاکستان بچ جائے تاکہ یہ پاکستان ترقی کرے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ۔ میری معزز اراکین سے یہ درخواست ہے کہ چونکہ بہت اہم سانحہ ہے اور اس میں تمام اراکین نے گفتگو کرنی ہے کچھ حضرات نے پہلے کر لی ہے اور کچھ جو ہمارے معزز اراکین رہ گئے تھے وہ اب کرنا چاہتے ہیں تو میرے خیال سے مختصر اور جامعہ تقریر ہو جائے تو مناسب ہے اور we will take the point ان شاءاللہ۔ افنان اللہ صاحب۔

**Senator Dr. Afnan Ullah Khan**

سینیٹر ڈاکٹر افنان اللہ خان: جناب پریذائیڈنگ آفیسر! بہت شکریہ۔ اسلام آباد میں مسجد میں جو دہشت گردی کا واقعہ ہوا جو دھماکہ ہوا اس کے اندر تین درجن کے قریب لوگ جن کی ہلاکت ہوئی اور تقریباً پونے دو سو لوگ زخمی ہیں۔ اس کے اوپر بہت افسوس ہے پوری قوم میں غم اور غصہ اس سے متعلق پایا جاتا ہے اور ان واقعات کی وجہ سے ملک کی بھی ظاہر ہے جو بڑی مشکلوں سے ہماری

اچھی reputation build ہوئی ہے وہ بھی damage ہوتی ہے۔ میرا خیال ہے کہ یہ پاکستان کو کمزور کرنے کی ایک سازش ہے جس میں پاکستان کے اندر فرقہ واریت اور لسانیت کی آگ جو ہے اس کو بھڑکایا جا رہا ہے اور ہمیں بطور سیاستدان اور بطور ممبر پارلیمنٹ، سینیٹرز ہمیں اس بات کا خیال کرنا چاہیے کہ یہ جو آگ لگا رہا ہے ہمارا دشمن یا جو سازش ہے ہم اس سازش کے اندر تو نہ آئیں۔ ہم یہاں پر بیٹھ کے اگر ایسی باتیں کریں گے جس سے آگ اور بھڑکے گی، کوئی کہہ رہا ہے جی پنجاب کا مسئلہ ہو گیا ہے، کوئی کہہ رہا ہے کہ کہیں اور کا مسئلہ ہے یہ افسوس ناک ہے۔ حملہ اسلام آباد میں ہوا ہے اسلام آباد Capital ہے، اس مسجد میں ہر قسم کے لوگ موجود تھے تو اس کو ایک لسانیت کا رنگ دینا میرا خیال ہے کہ افسوس ناک معاملہ ہے، پھر یہ بات کی گئی کہ یہ اس طرح کیوں ہے کہ بار بار حملے ہو رہے ہیں۔ کیا وجہ ہے کہ ہم اس مسئلے کو حل نہیں کر پا رہے۔ یہ مسئلہ تو حل ہو چکا تھا جب 2013 میں مسلم لیگ (ن) کی حکومت آئی تو اس وقت دھماکے، اگر آپ اس کا ریٹ نکال لیں پاکستان میں کراچی، لاہور، اسلام آباد، راولپنڈی تو روزانہ دھماکے ہوتے تھے اور بعض اوقات ایک، ایک دن میں تین، تین چار، چار دھماکے بھی ہوتے تھے اور ہلاکتیں سینکڑوں کی تعداد میں ہوتی تھیں۔ وہاں سے ہم نے ملک کو نکال کے اگر آپ 2018 والے پاکستان پر چلے جائیں تو آپ کو معلوم ہو گا کہ دہشت گردی کو کس حد تک ختم کر دیا تھا اور control کر دیا گیا تھا۔ اس کے لیے operation کیے، اس کے لیے strategy بنائی، اس کے لیے ان لوگوں کو جیلوں میں ڈالا جنہوں نے یہ دھماکے کیے، جنہوں نے ہماری law enforcement agencies کی افواج اور پولیس کے لوگوں کو ذبح کیا، قتل کیا، ان کو ہم نے جیلوں میں ڈالا۔ ان کو جو بہت سارے لوگ تھے ان کو یا تو مارا گیا یا ان کو ملک سے بھگا دیا گیا جو یہ دہشت گردی کی کاروائیاں کر رہے تھے تو سوال تو یہ بنتا ہے کہ وہ کیا وجہ تھی کہ جب ہم نے یہ milestone achieve کر لیا اور دہشت گردی کے واقعات ختم ہو گئے۔ ہمارے جو زیادہ ترعلاقے تھے وہاں سے دہشت گردی ختم ہو گئی تھی تو یہ واپس کیسے آ گئی؟ یہ سوال تو بنتا ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر! ایسا کوئی کام تو ہوا تھا نہ جو recorded ہے، میں ایسی کوئی بات نہیں کروں گا جو اخباروں میں publish نہ ہو، جو recorded نہ ہو۔ عارف علوی صاحب جو صدر مملکت تھے انہوں نے 100 سے زیادہ ایسے لوگوں کو 2020 میں pardon کیا جنہوں نے ہماری افواج کے لوگوں کو ذبح کیا ہوا تھا۔ یہ طالبان کے وہ high end, بہت زیادہ جو top کے لوگ تھے ان کو انہوں نے pardon کر کے جیلوں سے نکال دیا۔ اب مجھے بتا دیں کہ اس کی ذمہ داری کس کو جاتی ہے، کیا اس حکومت

وقت کی نہیں جاتی جنہوں نے یہ کام کیا تھا۔ یہ بات ریکارڈ میں ہے کہ اس project کو launch PTI کی حکومت نے کیا۔ جب عمران خان صاحب بطور وزیراعظم تھے اور جنرل فیض صاحب کور کمانڈر پشاور تھے۔ یہ سارا کا سارا تب کا کام ہے آج آپ اس کو deny کر رہے ہیں ایسے جیسے کچھ ہوا ہی نہیں تھا۔ اس سارے project کے اندر جو rehabilitation کی گئی۔ جن لوگوں کو ہم نے مار مار کے نکالا تھا۔(جاری۔۔۔۔T04

T04-10Feb2026 FAZAL/ED: Irum 03:40 pm

سینیٹر ڈاکٹر افنان اللہ خان: (جاری ہے۔۔۔۔) جن لوگوں کو ہم نے مار مار کے نکالا تھا اپنے شہروں سے، اپنے علاقوں سے، ان کو واپس لاکے آباد کیا گیا اور اس بات کو خود بذاتِ خود عمران خان صاحب تسلیم کیا ہے۔ اس کی video موجود ہے۔ اگر آپ میں سے کسی کو معلوم نہیں تو میں اس کی video reference بھی آپ لوگوں کو بھیج دوں گا، آپ اس کو خود دیکھ سکتے ہیں۔ تو یہ معاملہ ہے جنابِ چیئرمین! اور میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس وقت کی political leadership اور اس وقت کی military leadership وہ ذمہ دار ہیں آج یہ جو ہمارے لوگ شہید ہو رہے ہیں یا جو دھماکے ہو رہے ہیں یا یہ جو سارا معاملہ ہے وہ اس کے ذمہ دار ہیں۔ آپ مجھے بتا دیں کہ پھر ہم کس کو اس چیز کے ذمہ دار ٹھہرائیں؟ حالانکہ اس وقت جب یہ فیصلہ کیا گیا کہ ان کو واپس لاکے آباد کرنا ہے تو بہت سارے Senators اور بہت سارے پارلیمان کے لوگوں نے اس کی مخالفت کی کہ یہ فیصلہ ٹھیک نہیں ہے، اس طرح نہ کریں، کل کو یہ پورے ملک کے اندر آگ لگے گی۔ مگر اس کے باوجود وہ کام کیا گیا اور آج ہم بیٹھے ہوئے ہیں اور اب ہم سوچ رہے ہیں کہ کیوں یہ دھماکے دوبارہ سے شروع ہو گئے ہیں اور کسی کے پاس جواب نہیں ہے۔ تو میرا یہ خیال ہے کہ ہمیں اپنی غلط policies کو admit بھی کرنا چاہیے اور جب ہم ان کو admit کریں گے تو وہ ٹھیک ہوں گی۔ ورنہ جیسے پہلے حالات بہت زیادہ خراب ہو گئے تھے ویسے ہی دوبارہ حالات خراب ہو جائیں گے۔

جنابِ چیئرمین! پھر یہ بات کی گئی جو کہ انتہائی افسوسناک ہے اور بار بار Opposition کی طرف سے کی گئی کہ بسنت منائی گئی ہے۔ حالانکہ Chief Minister مریم نواز شریف صاحبہ نے خود اس بات کا اعلان کیا کہ ہم نے تمام official engagements ختم کر دی ہیں اور Government کی طرف سے کوئی بسنت نہیں منائی گئی لیکن اس کے باوجود بار بار یہ بات کی گئی جو کہ انتہائی افسوسناک ہے اور باقاعدہ اس معاملے کو ایک لسانیت کا رنگ دیا جا رہا ہے حالانکہ سچ بات تو یہ ہے جنابِ چیئرمین! کہ محترمہ علیمہ خان صاحبہ نے خود admit کیا ہے کہ انہوں نے بھی بسنت منائی ہے۔ PTI کے اپنے لیڈر لطیف کھوسہ صاحب بسنت منا رہے تھے۔ آپ کی second-tier

leadershipساری کی ساری وہاں موجود تھی۔ ایک event تھا، اس کو آپ نے ایک لسانیت کا رنگ دے دیا اور مزید آگ بھڑکانے کی کوشش کی گئی۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: ڈاکٹر صاحب! میرا خیال ہے کہ آپ pointپر آ جائیں۔

سینیٹر ڈاکٹرافنان اللہ خان: جنابِ چیئرمین! دیکھیں بات یہ ہے۔ میں اپنی تقریر کو آپ کے کہنے پر ختم کرتا ہوں۔ اصل بات یہ ہے کہ ہمیں یہ سوچنا ہوگا کہ ہم لسانیت اور فرقہ واریت کی جو آگ اس ملک کے اندر لگائی جا رہی ہے، ہم نے اس کو روکنا ہے یا ہم نے اس کو مزید بھڑکانا ہے؟ بطور پاکستانی اور مسلمان یہ ہم سب کی ذمہ داری ہے کہ جو ہمارے دشمن ہمارے خلاف آگ لگاتے ہیں، ہم اس پر پانی ڈالیں گے یا اس کو مزید بھڑکائیں گے۔ تو اسی پر میں اپنی بات ختم کرتا ہوں۔ شکریہ جنابِ چیئرمین۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ۔ ایک announcement ہے۔

"The House welcomes the students and faculty members of Balochistan Residential College, Uthal, who are seated in the visitors' gallery. You are most welcome. Yes, Honourable Dost Muhammad Sahib."

**Senator Dost Muhammad Khan**

سینیٹر دوست محمد خان: بہت بہت شکریہ جنابِ چیئرمین صاحب۔ میں نہ شیعہ ہوں اور نہ سنی ہوں، میں ایک عام سیدھا سادہ سا مسلمان ہوں۔ جناب چیئرمین! یہ جو دہشت گردی ہوئی ہے، انتہائی افسوسناک ہے۔ یہ ایک دہشت گردی نہیں ہے۔ جب سے پاکستان بنا ہے دہشت گردی ہی دہشت گردی ہو رہی ہے اور ہماری حکومت افغانستان پر الزام لگا رہی ہے۔

سینیٹر راجہ ناصر عباس: جناب چیئرمین! انتہائی اہم معاملے پر بات ہو رہی ہے اور یہاں پر وزیر داخلہ موجود نہیں ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جناب والا! اسی وجہ چار وفاقی وزراء یہاں پر تشریف فرما ہیں۔ طلال صاحب آنے والے ہوں گے۔ منسٹری کے لوگ گیلری میں بیٹھے ہوئے ہیں اور نوٹ کر رہے ہیں۔ مصطفیٰ کمال صاحب اور دوسرے وزراء موجود ہیں۔ جی، دوست محمد صاحب۔

سینیٹر دوست محمد خان: جناب چیئرمین! یہ جو دہشت گردی ہوئی ہے یہ اسلام آباد میں ہوئی ہے۔ ہمارے جو وزیر داخلہ ہیں اس کی PTI کے اوپر تنقید یا کرکٹ بورڈ کے دیکھ بھال کے علاوہ کوئی اور کام نہیں ہے۔ میں تو ان چیزوں پر یقین نہیں کرتا کہ کوئی شیعہ ہے یا کوئی سنی ہے۔ جناب چیئرمین! بات یہ ہے کہ ہمارے ڈاکٹر صاحب نے پھر PTIکا نام لیا۔ میں دعویٰ کر رہا ہوں کہ یہ جو طالبان لائے گئے تھے، یہ نواز شریف کے دور

میں لائے گئے تھے، عمران خان کے دور میں نہیں لائے گئے تھے۔ عمران خان کا دور میں اتنا peaceful دور تھا کہ میں خود Afghanistan گیا تھا ڈھائی تین سال پہلے، وہاں کے Ministers نے مجھے کہا کہ ساڑھے تین سال ہم نے امن کی زندگی گزاری۔ نہ کوئی drone attacks ہوئے اور نہ کسی کو اڑہ دیا گیا۔ ہاں ایک drone attack ٹل میں ہوا تھا جو پاراچنار کے قریب ہے۔ اس نر کے بچے نے یہاں کا جو CIA Chief ہے اس پر FIR بھی کاٹ دی اور ساڑھے تین مہینے تک NATO اور America کی supply تورخم بارڈر پر بند کر دی تھی۔ ہمیں اس طرح کے Leaders چاہئیں، اس قسم کے Leaders نہیں چاہئیں۔ اتنا بڑا سانحہ ہوا ہے، آج Interior Minister کدہر ہیں؟ Minister of State for Interior کدہر ہیں؟ کوئی جواب دینے کے لیے تیار ہے؟ کوئی بھی نہیں ہے۔ یہ الزام جو ہمارے اوپر لگا رہے ہیں کہ یہ Afghanistan نے کیا ہے۔ جناب چیئرمین! دس فیصد سے زیادہ افغان ہزارہ شیعہ وہاں رہتے ہیں۔ کوئی ٹیڑھی آنکھ سے بھی ان شیعہ کو نہیں دیکھ سکتا۔ یعنی اگر ہم نے مارنا ہوتا یا افغانستان کے لوگوں نے مارنا ہوتا تو وہاں شیعہ کو مار دیتے، لیکن سوال ہی پیدا نہیں ہوتا کہ کوئی ان کو ٹیڑھی آنکھ سے دیکھے۔ اس لیے میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس کا سارا ذمہ دار، ساری ذمہ داری یہ وزیر داخلہ پر ہے کیونکہ اس کا کوئی اور interest نہیں ہے سوائے پی ٹی آئی کو جیلوں میں ڈالنا، پی ٹی آئی کو سزا دینا اور کرکٹ کی دیکھ بھال کرنا۔ کبھی دبئی میں بیٹھا ہوا ہے، کبھی انگلینڈ میں بیٹھا ہوا ہے، یہ اس کی priority ہے۔

جناب چیئرمین! دوسری بات یہ ہے کہ ان لوگوں نے کہا تھا کہ بیٹھ جائیں تاکہ معاملے کو ہم۔۔۔جناب چیئرمین! سب سے بڑا لیڈر جو مسلم امہ کا ہے جس کو اسلامی لیڈر کہا جاتا ہے وہ عمران خان ہے جو اڈیالہ جیل میں آپ نے بند کیا ہوا ہے۔ اس کو آپ release کر دیں تاکہ تم لوگوں کو چین آئے۔ ورنہ بھاگ پاؤ گے، سری نگر بھاگو گے۔ سری نگر بھاگو گے اگر نہیں بھاگے تو میں یہ ثبوت پیش کرتا ہوں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: دوست محمد صاحب! آپ اپنی بات کو complete کر لیں۔

سینیٹر دوست محمد خان: اچھا۔ تو میں اس لیے کہہ رہا ہوں کہ سر وہ مسلم امہ کا لیڈر ہے، وہ کوئی معمولی آدمی نہیں ہے۔ اگر ہم تصفیہ چاہتے ہیں کہ شیعہ سنی اور یہ دوسرے تیسرے مسئلوں سے ہم باہر نکلیں تو پاکستان کے لیے عمران خان کا ہونا بہت ضروری ہے۔ قائد اعظم رحمتہ اللہ علیہ نے پاکستان بنایا اور ہمارے لیڈر عمران خان احمد خان نیازی پاکستان کو بچائے گا۔ شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ۔ وقار مہدی صاحب! آپ کی باری ہے۔ وقار صاحب تین منٹ، مختصر رکھیں۔

**Senator Syed Waqar Mehdi**

سینیٹر سید وقار مہدی: بہت شکریہ چیئرمین صاحب۔ کیونکہ سانحہ اسلام آباد پر بحث ہو رہی ہے اور کل بھی بہت سارے۔۔۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: کل آپ نے Resolution بھی پاس کیا۔

سینیٹر سید وقار مہدی: جی، کل قرارداد بھی پاس کیا۔ سارے ایوان نے متفقہ پاس کیا۔ ہمارے ساتھیوں نے کل اچھی تقاریر بھی کیں اور تجاویز بھی دیں۔ 6 فروری بروز جمعہ اسلام آباد کے مسجدِ خدیجۃ الکبریٰ جو ترلائی کے علاقے میں ہے، انتہائی المناک، افسوسناک اور شدید قابلِ مذمت سانحہ ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ پاکستان دہشت گردی کی لپیٹ میں ہے، فتنۃ الخوارج اور فتنۃُ الہندوستان وہ پاکستان کے اندر دہشت گردی میں ملوث ہیں۔ لیکن کیا ہم اس ایوان میں یا ایوانوں میں نشستند، گفتند، برخاستند کرتے رہیں یا کوئی عمل درآمد بھی ہو؟ گورنمنٹ کو جو یہاں تجاویز آئی ہیں ان پر سنجیدگی سے غور کرنا چاہیے۔ (جاری۔۔T05)

T05-10Feb2026 Rafaqat Waheed/Ed: Irum 3:50 pm

سینیٹر سید وقار مہدی: (جاری) یہاں جو تجاویز آئی ہیں، حکومت کو ان پر سنجیدگی سے غور کرنا چاہیے۔ یہ سانحہ کوئی معمولی سانحہ نہیں ہے۔ بے گناہ معصوم نمازی سجدے میں شہید ہوگئے۔ میں سلام اور خراج عقیدت پیش کرتا ہوں اس بچے، اپنے شہزادے، عون عباس کو جس نے اپنی جان نچھاور کرکے سیکڑوں لوگوں کی جانیں بچائیں۔ اگر وہ دہشت گرد کو نہیں پکڑتا، نہیں روکتا اور وہ آگے چلا جاتا تو نہ جانے کتنا نقصان ہوتا، شاید مسجد کی دیواریں اور چھتیں بھی محفوظ نہ رہتیں اور اس میں سیکڑوں لوگ شہید ہو جاتے۔ کل بھی بات ہوئی، میں گزارش کروں گا اور سفارش کروں گا کہ عون عباس کو بعد از مرگ تمغہ شجاعت دیا جائے۔

(اس موقع پر ڈیسک بجائے گئے)

سینیٹر سید وقار مہدی: جناب! یہ جو 6 فروری کا سانحہ ہے، اس سے ایک دن پہلے 5 فروری کو پورے پاکستان نے یوم یکجہتی کشمیر منایا اور بھرپور طریقے سے منایا جس سے مودی کو بہت آگ لگتی ہے۔ اسی لیے ہم کہتے ہیں کہ یہ جو دہشت گردی ہے، اس کے پیچھے مودی ہے۔ پاکستان کے اندر جو اس کی proxies چل رہی ہیں، جس طریقے سے یہاں پر ہماری معصوم جانیں جارہی ہیں اور اس دہشت گردی کو ختم کرنے کے لیے، خوارج کو ختم کرنے کے لیے ہماری پاکستانی فوج کے جوانوں نے، افسروں نے، law enforcement agencies نے اور ہمارے معصوم شہریوں نے ہزاروں اور لاکھوں کی تعداد میں جانیں قربان کی ہیں۔ وہ بم دھماکے کرکے ہمیں تو ٹکڑوں میں تقسیم کر سکتے ہیں لیکن ہم پاکستان کو

کبھی بھی ٹکڑوں میں تقسیم نہیں ہونے دیں گے۔ پاکستان ہمیشہ ایک رہے گا۔ جو پاکستان کے خلاف سازش کرتا ہے، ان شاء اللہ، ہم اس کا بھرپور طریقے سے مقابلہ کریں گے۔

جناب! ضرورت اس بات کی ہے کہ نیشنل ایکشن پلان جس کے 14 نکات ہیں، دیکھنے کی ضرورت ہے کہ کیا ہم اس پر عمل درآمد کر رہے ہیں۔ صوبوں نے apex کمیٹی کی meetings کرنی ہیں، کیا صوبے وہ meetings کر رہے ہیں؟ کیا عمل درآمد ہو رہا ہے؟ اس پر check and balance کی بھی ضرورت ہے۔ اس پر من و عن عمل درآمد کی ضرورت ہے کیونکہ وہ تمام parties نے مل کر طے کیا تھا۔ متفقہ طور پر ایک نیشنل ایکشن پلان بنایا گیا تھا۔ میں آپ کے توسط سے یہ گزارش کروں گا، یہاں وزرا تشریف رکھتے ہیں، کہ اس پر عمل کیا جائے۔ جس طرح سے ہماری agencies کام کرتی ہیں، ہمیں اس نیٹ ورک کو مزید مضبوط کرنا چاہیے۔ میں عوام سے بھی اپیل کرتا ہوں کہ وہ بھی اس سلسلے میں یکجہتی کا مظاہرہ کریں۔ اگر ہم اس ایوان کے اندر سنجیدگی کا مظاہرہ کریں گے تو عوام بھی سنجیدگی کا مظاہرہ کریں گے کیونکہ وہ ہمیں دیکھتے ہیں کہ ہم کتنے سنجیدہ ہیں اور کتنے غیر سنجیدہ ہیں۔

میں اس سانحے میں شہید ہونے والوں کے تمام اہل خانہ سے ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتا ہوں۔ آپ کو معلوم ہے کہ آج کی تاریخ تک وہاں چالیس سے زیادہ لوگ شہید ہو چکے ہیں۔ وہاں 150 سے زیادہ لوگ اس وقت زیر علاج ہیں اور ان میں کئی لوگ critical ہیں۔ میں دعا گو ہوں کہ اللہ تعالیٰ ان کو جلد از جلد صحت یاب کرے لیکن اس کی اچھی طریقے سے انکوائری ہونی چاہیے، تحقیقات ہونی چاہییں۔ کل جو قرارداد میں ہم نے باتیں کی ہیں، ان پر عمل درآمد ہونا چاہیے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ۔ سینیٹر مولانا عبدالواسع صاحب۔

**Senator Abdul Wasay**

سینیٹر عبدالواسع: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! اس سانحے پر اور یہ جو مسجد پر جو حملہ ہوا، ہم اس کی مذمت کرتے ہیں لیکن مذمت کے ساتھ ساتھ ہم اللہ تعالیٰ سے یہ دعا کرتے ہیں کہ ہمارے ملک کو اپنے حفظ وامان میں رکھے اور آئندہ ایسا موقع نہ آئے کہ ہم پھر سینیٹ میں بات کریں کہ اتنے لوگ شہید ہو گئے۔

جناب چیئرمین! ساتھی فرما رہے تھے اور ادھر جو بحث ہو رہی ہے، یہاں Chair کی طرف سے ہمیں یہ بتایا جاتا ہے کہ آپ لوگ تجاویز پیش کریں۔ جب تجاویز پیش ہوتی ہیں تو پھر وہاں سے تنقید ہوتی ہے کہ آپ کیوں اس طرح تجاویز دیتے ہیں اور کیوں اس طرح بات کرتے

ہیں۔ سب سے پہلے میں ایک تجویز دینا چاہتا ہوں۔ اگر ہمارے parliamentarians اور ہمارے دوست ناراض نہ ہوں، اس side کے ہوں یا اُس side کے، سب سے پہلے ہم یہ مطالبہ کریں کہ ہم parliamentarians کس مقصد کے لیے ادھر بیٹھے ہیں۔ یہ پارلیمنٹ کس مقصد کے لیے بنی ہوئی ہے۔ ہم جو باتیں کرتے ہیں، ان کی کیا اہمیت ہے ان لوگوں کی نظر میں جو لوگ اس ملک کو چلانے والے یا کنٹرول کرنے والے ہیں۔ اگر خارجہ پالیسی اس ہاؤس کے سامنے آجاتی، اُس side سے بھی اور اس side سے بھی، اگر یہ ان لوگوں کے ہاتھوں میں ہوتی تو پھر ہم آج رانا ثناء اللہ کو کہہ سکتے تھے کہ کیوں اس طرح ہو رہا ہے۔ اگر داخلہ پالیسی ہمارے ہاتھوں میں ہوتی تو پھر ہم اس پر بحث کر سکتے تھے۔ میرے خیال میں ہم اپنے ساتھ زیادتی بھی کرتے ہیں اور ہم اپنی پارلیمنٹ کا مذاق بھی اڑاتے ہیں کہ ہم اس پر بات کرتے ہیں۔ ہمارا اس میں کیا اختیار ہے؟ جن لوگوں کے اختیارات ہیں، ان کے بارے میں ہم کچھ کہہ نہیں سکتے۔ جب تجویز دیتے ہیں، وہ کہتے ہیں کہ آپ ہمارے اوپر تنقید کرتے ہیں۔ جب تجویز نہیں دیتے تو مسئلے کا حل نہیں نکلتا ہے۔

میری تجویز یہ ہے کہ خدارا! میں تمام ان قوتوں سے یہ سوال کرتا ہوں کہ آپ نے تو ہمارے ہاتھ پاؤں باندھ دیے اور ہم یہاں کچھ بھی نہیں کر سکتے، ہم کہیں یا نہیں لیکن آپ ہمیں اپنے ملک کے دشمنوں کے متعلق تو بتادیں۔ اب تک ہم parliamentarians کو اپنے ملک کے دشمن معلوم نہیں ہیں۔ افغانستان میں ہم نے چالیس پچاس سالوں کے دوران اپنا سب کچھ داؤ پر لگا دیا۔ کہا گیا کہ افغانستان میں ہم اپنی حکومت لا رہے ہیں، اپنے لوگ لا رہے ہیں لیکن ایک سال گزرنے کے فوراً بعد اسی ہندوستان نے معاملات اپنے ہاتھ میں لے لیے اور آپ کے ہاتھوں سے نکال لیے۔ بات یہ ہے کہ جب آپ مجھے خارجہ پالیسی بتاتے نہیں، مجھے دکھاتے نہیں، مجھ سے کوئی مشورہ کرتے نہیں، پارلیمنٹ سے مشورہ نہیں کرتے لیکن آپ کا فیصلہ تو ہو گیا کہ چالیس سال تک ہم آپ کے کہنے پر افغانستان کی سرزمین پر جنگ لڑتے رہے، ہم اپنا بجٹ اور سب کچھ وہاں خرچ کر رہے تھے۔ داخلہ پالیسی کے حوالے سے ہمیں کوئی پتا نہیں کہ کیا ہوتی ہے۔ ایک محسن نقوی صاحب ہیں جو کرکٹ کھیلتے ہیں، لوگوں کو گرفتار بھی کرتے ہیں، جس طرح بھی چاہے وہ کرتے ہیں۔ صاف بات ہے، نہ ادھر پیپلز پارٹی کی حکومت ہے، نہ مسلم لیگ کی حکومت ہے، نہ اس ہاؤس کے پاس کوئی اختیارات ہیں۔ اختیارات ان قوتوں کے پاس ہیں۔ ہم آج یہ مطالبہ کرتے ہیں کہ یا تو خارجہ پالیسی کے معاملات ہمارے حوالے کیے جائیں یا ہمیں بتایا جائے کہ کون ہمارا دوست ہے۔ کیا چین ہمارا دوست ہے؟

یہ لوگ کہتے ہیں کہ چین سے ہماری بڑی دوستی ہے، ہمالیہ سے اونچی، سمندر سے گہری اور شہد سے میٹھی۔ ٹھیک ہے، ہم سب پاکستان کہتے ہیں، مسلمان ہوں، غیر مسلم ہوں، شیعہ ہوں، سنی ہوں، سب کہتے ہیں کہ ٹھیک ہے چین ہمارا دوست ہے لیکن یہ بتاؤ کہ اس چین کے ساتھ

آپ نے اب کیا دوستی کی ہے؟ اس چین کے تعاون سے ہی آپ نے ہندوستان کے آٹھ طیارے گرائے لیکن آج آپ نے امریکہ کے ساتھ غزہ بورڈ کے معاملے پر دستخط کردیے۔ آپ اور نیتن یاہو اور امریکی ٹرمپ ایک ساتھ بیٹھے ہیں اور ایک page پر ہیں۔ اسی بورڈ کے معاملے پر چین دستخط نہیں کرتا۔ اسی بورڈ پر یورپی ممالک دستخط نہیں کرتے۔ اب آپ مجھے بتائیں کہ جب آپ ان کے دشمنوں کے ساتھ بیٹھ گئے تو آپ پھر دونوں کے ساتھ دوستی کس طرح چلا سکتے ہیں۔ امریکہ اور چین کے ساتھ آپ دوستی کس طرح چلا سکتے ہیں؟ دوستی آپ ان سے کرتے ہیں جو ہمارے اصل اور ابدی دشمن ہیں یعنی امریکہ اور ٹرمپ ہمارے دشمن ہیں۔ افغانستان میں چالیس سال تک تو آپ کہتے رہے کہ ہم اپنے دوستوں کی حکومت لا رہے ہیں۔ کیا لے کر آئے؟ لائے لیکن وہ آپ کے دشمنوں کے ہاتھ میں چلی گئی۔ ہندوستان ہمارے ہمسایے میں ہے لیکن وہ ہمارا دشمن ہے۔ ایران کو ہمارا دشمن آپ نے بنادیا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: ذرا مختصر کرلیں کیونکہ اور ساتھیوں نے بھی بات کرنی ہے۔

سینیٹر عبدالواسع: جناب چیئرمین! یہ ایک سنجیدہ بات ہے، آپ لوگ اس پر فیصلہ کیوں نہیں کرتے۔ رانا صاحب بیٹھے ہیں تو وہ کرلیتے ہیں۔ میں کہوں گا کہ اس طرح کے واقعات پر اگر کوئی سنجیدگی نہیں دکھائی جاتی تو پھر ان کو پارلیمنٹ میں نہ لایا جائے اور نہ ان پر کوئی بحث کی جائے۔ اگر ان معاملات کو پارلیمنٹ میں لانا چاہتے ہیں تو ان کے اصل اسباب اور عوامل کی نشاندہی کرلیں۔ لہٰذا، میری یہ گزارش ہے کہ ان معاملات کو اپنے ہاتھ میں لیا جائے اور ان پر فیصلہ کیا جائے۔ ہم اپنی افواج اور ان کی کارکردگی پر فخر کرتے ہیں۔ کم از کم اکہتر کے بعد تو انہوں نے اپنے دشمنوں کو اس طرح سبق سکھایا کہ ہمارے سر فخر سے بلند ہوگئے لیکن یہ حکم تو میں نے دینا ہے، یہ تو وزیراعظم نے دینا ہے، یہ تو پارلیمنٹ نے دینا ہے، یہ سب کچھ تو ہم نے دینا ہے۔ جب وہاں سے پھر بلال صاحب نے کہا کہ۔۔۔۔۔ (T06 پر جاری ہے)

T06-10Feb2026 Abdul Razique/Ed: Shakeel 04:00 p.m.

سینیٹر عبدالواسع: (۔۔۔۔۔جاری) پھر وہاں سے بلال صاحب نے واوڈا صاحب یا کسی اور کے بیان کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ 500 سے 5000 تک سیاستدانوں کو پھانسی دینی چاہیے۔ میرے خیال میں واوڈا صاحب کے سیاستدان دو قسم کے ہیں۔ اگر واوڈا صاحب کا مقصد سیاستدانوں کو قتل کرنے کے حوالے سے ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ واوڈا صاحب ان سیاستدانوں کا کہتے ہیں جو یہاں اپنی حکومت اور اپنی نمائندگی کی قدر نہیں کرتے ہیں۔ جب آپ کی حکومت ہو تو سب کچھ ٹھیک ہوتا ہے اور جب آپ کے حکومت نہ ہو تو سب کچھ غلط ہوتا ہے۔ جب آپ کی حکومت ہو تو اس طرف سے کوئی اس پر ناراض نہیں ہوتی۔ ہم PDM میں تھے۔ انہوں نے جرنیلوں پر جو انگلیاں

اٹھائیں۔ یہ باجوہ کا نام لیتے رہے، فیض کا نام لیتے رہے اور انہیں سب کچھ کے ذمہ دار ٹھہراتے تھے۔آج جب ہم ان کے نام لیتے ہیں تو وہاں سے کہتے ہیں کہ آپ لوگ کیوں ان کے نام لیتے ہو۔ افغانستان کے حوالے سے جب وہ بات کرتے ہیں کہ افغانستان ہمارا دشمن ہے تو افغانستان سے ہماری کوئی محبت نہیں بلکہ ہماری اس ملک سے محبت ہے، اس سرزمین سے اوراس دھرتی سے محبت ہے۔ ہندوستان کو روکنا آپ لوگوں کا کام ہے۔ افغانستان کو روکنا بھی آپ لوگوں کا کام ہے۔ ہمیں امن دیں۔ اگر کوئی ہمیں امن دے سکتا ہے تو ہم ان سب کا زندہ باد کا نعرہ لگاتے ہیں۔ ہم ملک میں امن اوراپنا حق مانگتے ہیں۔امن دینا ہمارا حق ہے۔امن دینا کسی بھی حکومت کی اولین ذمہ داری ہے لہٰذا ہمیں امن دیں۔ آپ جانیں، افغانستان جانے۔ آپ جانیں، ہندوستان جانے۔ آپ جانیں، ایران جانے۔ اگر آپ نے پالیسی ہمارے حوالے کر دی تو ہم ان شاءاللہ آپ کو اچھی تجاویز دے سکتے ہیں۔ اگر حوالے نہیں کیا تو ہمیں امن چاہیے، چاہیے اور چاہیے چاہے پھر کوئی ناراض ہوتا ہے یا نہیں، شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ۔ مولانا صاحب، آپ کی تجاویز آگئیں۔ جی میڈم شیری رحمان صاحبہ۔

## **Point of Order raised by Senator Sherry Rehman regarding non-streaming of live proceedings of the House**

سینیٹر شیری رحمان: ,Acting Chair ایک مسئلہ ہے اور وہ ہم سب کا مسئلہ ہے۔ ذرا توجہ دیجیے۔ دو، تین لوگ تقاریر کر رہے ہیں اور اپنے، اپنے خیالات کا اظہار کر رہے ہیں۔ ایک بہت مثبت سیشن چل رہا ہے۔اپنے، اپنے خیالات کا اظہار ہو رہا ہے اورایک اہم قومی مسئلے پر House اپنی تجاویز بھی دے رہا ہے اور ہم دعا گو بھی ہیں کہ یہ مسئلے، مسائل ختم ہوں۔ میری اطلاع میں یہ session کل بھی ،اس سے پہلے بھی اور آج بھی میں نے ابھی پھر پتا کیا کہ یہ live stream نہیں ہو رہا۔ کل میں بھی میں نے سب سے پوچھا۔ میری تقریر بھی live stream نہیں ہوئی۔ کامران مرتضٰی صاحب، اسے تقسیم کا مسئلہ نہ بنائیں اور مجھے بات ختم کرنے دیں۔ کل میں نے آپ سے بھی check کیا تھا کہ آپ کی تقریر live stream ہو رہی ہے یا نہیں۔ پھر میں نے ایوان میں سب کا check کیا اور کسی کا نہیں ہو رہا ہے۔ اگر ہو رہا ہے تو تھوڑی سی دیر کے لیے ایک یا دو کا ہو رہا ہے اور وہ بھی arbitrary ہو رہا ہے۔ اچھا آج کل یہ نیشنل اسمبلی میں بھی شروع ہوئی ہے لیکن ان کی پھر بھی ہو رہی ہے۔ For the record میں ایک اور بات یہ بھی کہوں گی کہ جب دونوں Houses ایک ساتھ چل رہے ہوں تو آپ کی اطلاع کے لیے کہ شروع میں نیشنل اسمبلی ہی چلتا تھا اور سینیٹ کی live stream نہیں ہوتی تھی۔ پھر ہم

نے تنگ و دو کر کے دونوں کو ساتھ شروع کروایا کہ بھئی live stream ہونے لگے اور میڈیا وہی اٹھائے گا جس میں ان کو دلچسپی ہوگی یا یہ وہ بعد میں چلا دیں گے۔

اب یہ صورتحال ہے کہ دونوں Houses کی live streaming نہیں ہو رہی ہے۔ میں نیشنل اسمبلی کی ترجمانی نہیں کر رہی لیکن اس House کی live streaming پچھلے چار، پانچ دن سے بند ہے۔ اس سے پہلے بھی شاید بند ہو۔ Last time بھی میں نے نوٹس کیا تھا کہ ایسا ہو رہا ہے اور سیکرٹری صاحب آپ سے میں نے خود بھی گفتگو کی تھی۔ میں نے پھر حکومت سے بھی پوچھا۔ سب لاپتا اور لاعلم ہیں۔ میں سمجھتی ہوں کہ میں یہ officially protest record کر رہی ہوں کہ یہ تو کوئی طریقہ نہیں ہے۔ ہم legislators ہیں۔ ٹھیک ہے آپ ہمارے الفاظ حذف کریں۔ میں خود الفاظ حذف کرتی ہوں۔ سب کہتے ہیں کہ آپ سکول ٹیچر ہیں۔ مجھ سے زیادہ سختی اور کوئی نہیں کرتا لیکن ہم قواعد و ضوابط کو مانتے ہوئے ایک دائرہ اخلاق میں رہتے ہیں اور یہ سینیٹ کا دائرہ اخلاق ہے کہ یہ live stream ہو۔ ہم نے C-SPAN جیسا چینل بھی مانگا تھا کہ وہ چلتا رہے۔ لوگ دیکھیں کہ ہم یہاں اور کمیٹیوں میں کتنا کام کرتے ہیں۔ پھر یہ کہنے کا نہ ہو کہ آپ لوگ مفت کی تنخواہیں لے رہے ہیں۔ دو دنوں سے House کی کارروائی suspend کرکے کسی نے اس بڑے سانحے پر یہاں دعا کرائی اور کسی نے بات کی۔ میں یہ نہیں کہوں گی کہ میری تقریر میں بد تمیزیاں کی گئیں۔ میں وہ نہیں کہوں گی لیکن زیادہ تر سب نے اپنا، اپنا بہت مثبت contribution کیا ہے۔ This should be registered. آپ Ministry of Information سے پوچھ لیجیے گا۔ رانا صاحب، آپ Advisor ہیں۔ آپ کو بھی پتا نہیں تھا۔ تارڑ صاحب، Minister for Information ہیں۔ ان سے فوراً پوچھا جائے کہ یہ کیا ہو رہا ہے۔ اسے resume ہونا چاہیے۔ پی ٹی وی کا ہمیشہ چلتا تھا اور live stream بھی چلتا تھا۔ اب مجھ سے کہا جائے کہ تنصیبات میں کوئی مسئلہ ہے۔ تنصیبات کو fix کیجیے۔ This is the only transparency allowed, and it must happen. یہ کیا بات ہوتی ہے کہ تنصیبات کا مسئلہ ہے اور کوئی repair ہونی ہے تو پھر repair کیجیے۔ ان Sessions پر کروڑوں روپے خرچ ہوتے ہیں۔ ہماری کارکردگی پتا تو چلے اور نظر تو آئے، بہت شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: میڈم نے جو بات کی ہے۔ اگر کوئی technical issue ہے تو اسے resolve کر دیں۔ جی علی ظفر صاحب۔

**Senator Syed Ali Zafar**

سینیٹر سید علی ظفر: جناب، میں نے کل انہیں request کی تھی اور میں نے کہا تھا کہ آپ Secretary, Information کو بلالیں۔ میں جب Information Committee کا Chairperson تھا تو اس وقت ہو یہ رہا تھا کہ Government Ministers, Senators, officials and ان کے اتحادیوں کی جو speeches تھیں، وہ live آجاتی تھیں لیکن ہماری طرف سے جب ہم بولتے تھے تو وہ blank ہوجاتا تھا۔ میں نے سیکرٹری انفارمیشن کو بلایااوران سے پوچھا کہ کیا مسئلہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ کوئی glitch ہوجاتاہے۔ وہ glitch صرف تب ہوتا ہے جب ہم اس طرف سے بات کریں اور اس طرف سے نہیں۔ اب تو یہ ہو گیا ہے کہ پوری کی پوری سینیٹ کی speeches نہیں آرہی ہیں۔ Sitting on the other side جو لوگ ہیں، وہ بھی ہماری ہی بات کررہے ہیں تو میرا خیال ہے کہ یہ ابھی ایک unanimous بات ہے۔ اس میں اب کوئی اختلاف نہیں رہا۔ جب ہم بولتے تھے اور ہماری speeches censor ہوتی تھیں تو تب وہ ہمارے ساتھ کھڑے نہیں ہوتے تھے لیکن چونکہ اب ان کی بھی نہیں ہورہی ہے تو وہ ہمارے ساتھ ہیں۔ ہم اسے ایک خوش آئند بات سمجھتے ہیں۔ Secretary, Information کو ابھی بلایا جا سکتا ہے اور ان سے پوچھا جا سکتا ہے کہ پچھلے دو، تین دن کی جو بات ہے، وہ live stream کیوں نہیں ہو رہی اورآپ order بھی فرما سکتے ہیں، آج آپ directly order بھی کر سکتے ہیں اور کل بھی میں نے Deputy Chairman سے یہی request کی تھی، شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ۔ جی سینیٹر کامران مرتضیٰ۔

**Senator Kamran Murtaza**

سینیٹر کامران مرتضیٰ: جناب، ایسا ہے کہ یہ معاملہ کافی عرصے سے چل رہا ہے۔ Speeches, specially جو اس طرف سے کی جاتی ہیں تو نہ صرف اس ہاؤس میں بلکہ نیشنل اسمبلی میں بھی censor کردیے جاتے ہیں۔ جب ہم نے احتجاج کرنا شروع کیا تو اب تھوڑا سا گرم پانی اس طرف بھی جانے لگا ہے۔ اس طرف سے پہلے چند لوگ جو ناپسندیدہ ہیں، ان کی speech censor ہوتی تھی۔ اس طرف کے اکثر لوگ چونکہ ناپسندیدہ ہیں اس لیے اکثر لوگوں کی بھی speech censor ہوتی ہے۔ اب صرف خرابی بتانے کے لیے کہ جی وہ خرابی ہو گئی۔ یہ معاملہ ابھی تھوڑا سا شیری بی بی کی طرف بھی آ گیا ورنہ ان کی ساری چیزیں تو رپورٹ ہوتی ہیں اور record

پر بھی ہوتی ہیں۔ ہم نے اگر کلپ لینی ہو تو کہتے ہیں کہ خرابی ہو گئی ہے اور کل دیکھیں گے کہ اس میں کیا خرابی ہے پھر ہماری speech خراب والی بات کی نظر ہو جاتی ہے ورنہ اس کے بعد پھر کبھی آ جاتا ہے، شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: میں اس پر directions دے دیتا ہوں۔ سیکرٹری صاحب، اس concern کو resolve and rectify کریں۔ System میں جو issue ہے تو اسے بھی دیکھ لیں۔ ابھی انفارمیشن والوں کو بھی بلا لیں اور ان سے پوچھیں۔ جی سینیٹر اشرف علی جتوئی۔

## Further discussion on the suicide attack at a mosque in Islamabad

**Senator Ashraf Ali Jatoi**

سینیٹر اشرف علی جتوئی: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ شکریہ، چیئرمین صاحب۔ Friday کے دن اسلام آباد میں جو blast ہوا، اس میں 38 سے 40 لوگ شہید ہو چکے ہیں اور 170 کے قریب زخمی ہیں۔ ان سب کی families کے ساتھ میں اپنی طرف سے اور اپنی پارٹی کی طرف سے تعزیت کرنا چاہوں گا۔ یہ ایک بہت بڑا سانحہ ہے جس کا دکھ ہر مسلمان، ہر پاکستانی اور ہر انسان کو ہے۔ اس کے ساتھ، ساتھ عون عباس شہید نے اس جانور خودکش حملہ آور کو پکڑ کر جس طرح سے باہر پھینکا ہے، اس وجہ سے بھی نقصان بہت کم ہوا ہے۔

*(At this stage, Mr. Presiding Officer, Senator Saleem Mandiwalla presided over the proceedings)*

*(Desk thumping)*

Mr. Presiding Officer: Thank you. I am humbled. Yes, Senator Ashraf Ali Jatoi.

سینیٹر اشرف علی جتوئی: جناب، عون عباس شہید، جس نے وہاں مسجد کے باہر گیٹ پر اس خودکش حملہ **آور** کو پکڑ کر گرایا۔

(جاری---T07)

**T07-10Feb2026 Babar/Ed:Waqas 4:10PM**

Mr. Presiding officer: (Continued...) Thank you Aimal sahib i am humbled. Yes Senator Ashraf Ali Jatoi sahib.

سینٹر اشرف علی جتوئی: عون عباس شہید، جس نے وہاں مسجد کے باہر گیٹ پہ اس خود کش حملہ **آور** کو پکڑ کر گرایا۔ اس کے لیے میری طرف سے، اور ہاؤس کی طرف سے، اس کے لیے Police Civil award کی اگر سفارش کی جائے۔

جناب پریزائیڈنگ آفیسر: if the House agrees then we can recommend ۔ ٹھیک ہے۔ جی، حافظ عبدالکریم صاحب۔ نمبر پر چل رہا ہے، آپ کا نمبر بھی آ جائے گا۔

**Senator Hafiz Abdul Kareem**

سینیٹر حافظ عبدالکریم: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔

جناب پریزائیڈنگ آفیسر: جی بولیں حافظ صاحب۔ سب کو دینگے ٹائم there is no issue، آپ کو بھی ملے گا۔

سینیٹر حافظ عبدالکریم: یہ جو حادثہ گزشتہ جمعہ کے دن پیش آیا۔ پہلی بات تو یہ ہے کہ ہم اس پر اظہارِ افسوس کرتے ہیں، اور اس پر جتنا افسوس کیا جائے کم ہے۔ ہم دھماکہ کرنے والوں کی بھرپور مذمت کرتے ہیں، اور وہاں جن لوگوں کا نقصان ہوا ہے، ان کے ساتھ دلی اظہارِ افسوس کرتے ہیں۔ اسی طرح دوسری میری گزارش یہ ہے کہ کچھ عرصہ پہلے بلوچستان میں جو دھماکے ہوئے، یا جو واقعات پیش آئے، اور پھر یہ اسلام آباد کا واقعہ، ان سب کو اگر یکجا طور پر دیکھا جائے تو یہ بات واضح ہوتی ہے کہ اس وقت پاکستان کو target کیا جا رہا ہے، تاکہ پاکستان کے امن کو کمزور کیا جائے، اور ملک میں بدامنی پھیلائی جائے۔ یہ عمل پہلے بھی کبھی کبھار ہوتا رہا ہے، لیکن خاص طور پر پانچ مئی کے بعد، جب مئی میں انڈیا کے ساتھ ہماری جھڑپیں ہوئیں، اور انڈیا کو منہ کی کھانی پڑی، اور ہماری forces ، ہماری فوج نے انڈیا کے حملے کو ناکام بنایا، اور اللہ تعالیٰ نے ہمیں دنیا میں عزت عطا کی، جس سے پاکستان کی عزت بڑھی اور وقار میں اضافہ ہوا، تو اس کے بعد انڈیا اور اسرائیل پوری کوشش کر رہے ہیں کہ پاکستان میں بدامنی کو فروغ دیں، اور اسی مقصد کے لیے اپنے لوگ بھیج رہے ہیں۔ ایسے میں ہمیں اتحاد کے ساتھ، متحد ہو کر، پوری قوم کو، تمام سیاسی اور دینی جماعتوں کو، مل کر اس کا مقابلہ کرنا ہوگا، کیونکہ یہ ایک بہت بڑا فتنہ اور ایک خطرناک ناسور ہے۔ اس کو ختم کرنے کے لیے ہمارا متحد ہونا ناگزیر ہے۔ اگر ہم اسے مسلکی رنگ دیتے رہے، جیسا کہ ہمارے بعض دوستوں نے اسے مسلک کا رنگ دینے کی کوشش کی ہے، تو یہ یاد رکھنا چاہیے کہ دہشت گرد کا کوئی مسلک نہیں ہوتا۔ دہشت گردی کا اسلام کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے۔ دہشت گرد پاکستان کا دشمن ہے۔ وہ نہ سنی کو دیکھتا ہے، نہ شیعہ کو، نہ مسلمان کو، نہ غیر مسلم کو۔ وہ صرف پاکستان کو target کرتا ہے اور پاکستان کو نقصان پہنچاتا ہے۔ میرا خیال یہ ہے کہ تمام سیاسی parties اور دینی parties کو مل کر اس کا مقابلہ کرنا پڑے گا۔ اگر ہم یکسو ہو جائیں تو انشاءاللہ ہم اس فتنے کو ناکام بنا سکتے ہیں۔

لیکن افسوس کے ساتھ یہ کہنا پڑتا ہے کہ اس معاملے پر سیاست کی جا رہی ہے، اور ہم ایک دوسرے پر الزامات لگا رہے ہیں۔ خدارا ہوش کے ناخن لیں۔ ہم سب سر جوڑ کر بیٹھیں اور اس پر سنجیدگی سے غور کریں۔ یہ درست ہے کہ ہماری سیاسی سرگرمیاں آپس میں چلتی رہیں گی، اختلاف بھی ہمیشہ رہے گا۔ حکومت ایک پارٹی کرتی ہے اور دوسری حزبِ اختلاف میں ہوتی ہے۔ لیکن ان سب باتوں سے بالاتر ہو کر، ہمیں ان معاملات کو side پر رکھنا ہوگا، اور اس بدامنی، اس دہشت گردی، اس فتنہ الخوارج کا مقابلہ کرنے کے لیے ایک ہو کر کھڑا ہونا ہوگا۔ ہم اکٹھے ہو کر اپنی فوج کے ساتھ کھڑے ہوں، اپنے سیکورٹی اداروں کے ساتھ کھڑے ہوں، اپنی حکومت کے ساتھ کھڑے ہوں، اور ایک جان بن جائیں۔ جب ہم متحد ہو جائیں گے اور ایک دوسرے پر الزام تراشی نہیں کریں گے، تو مجھے پورا یقین ہے کہ انشاءاللہ ہم اللہ کے فضل اور اس کی مدد سے اس فتنے پر قابو پا لیں گے۔ آخر میں میری یہی گزارش ہے کہ اس مسئلے کو مذہبی، مسلکی یا سیاسی رنگ دینے کی بجائے، اور ایک دوسرے پر الزام لگانے کے بجائے، اس وقت سب سے زیادہ ضرورت اتحاد کی ہے۔ میں تمام سیاسی اور دینی جماعتوں سے یہی اپیل کروں گا کہ وہ سر جوڑ کر اکٹھے بیٹھیں، اور اس مسئلے کو، اس ناسور کو، جڑ سے اکھاڑ پھینکیں۔

جناب پریزائیڈنگ آفیسر: جی فوزیہ ارشد صاحبہ۔

**Senator Fawzia Arshad**

سینیٹر فوزیہ ارشد: .Thank you السلاعلیکم everyone، چھ فروری بروز جمعہ، ترلائی، جو کہ rural area میں آتا ہے، اور وہاں سے ایک سانحہ ہوتا ہے، اور اس time ہوتا ہے جب لوگ مصروف ہوتے ہیں۔ and they are gathering for the Jummah Prayer which is the symbolic prayer of every Muslim all over the World. ہمیں یہ سمجھنا چاہیے کہ پانچ سال سے ہم مختلف قسم کے terrorist attacks دیکھ رہے ہیں، ادھر ادھر، اسلام آباد کے ارد گرد۔ اگر ہم دیکھیں کہ 2014 میں، اور یہ attacks normally کمزور اور معصوم لوگوں پر ہوتے ہیں، اور جو غریب طبقے سے تعلق رکھتے ہیں، ان کے ساتھ یہ ہوتا ہے کہ جمعہ بازار میں ہو گیا، مساجد میں ہو گیا، school میں ہو گیا۔ 2014 میں APS Peshawar میں جو سانحہ ہوا تھا، وہ بچے معصوم اور کمزور تھے۔ یہ وہ لوگ ہوتے ہیں جو طاقتور کا سامنا نہیں کر سکتے۔ ہوتا یہی ہے کہ اگر ہم جیسے لوگوں کے ہاں شادی بیاہ ہو رہا ہو، ہمارے منسٹرز، ریاست کے بڑے لوگ، ہمارے ججز، اور فوج کے لوگ جاتے ہیں، تو ان کے لیے سیکیورٹی کا ایک بڑا نظام اور انتظام ہوتا ہے، جس کی وجہ سے یہ terrorists وہاں نہیں آ سکتے۔ تو target ہمارے کمزور لوگ بنتے ہیں۔ this is very unfair کیونکہ جب بھی کہیں

this blast took place is a mosque which is densely packed from the worshipers دیکھیں within three months on the 25th حال ہی میں اسلام آباد میں، who attend the Friday Prayer November 2025 Session Courtکے باہر بھی terrorist attackہوا، اور ابھی پھر یہ ہو گیا۔ ہماری agencies کہاں ہیں؟ ہمارے detect کرنے والے لوگ کہاں ہیں؟ اتنا non-serious attitude ہے۔ اور اگر اپوزیشن میں سے کوئی ریاست یا حکومت کے کسی منسٹر پر انگلی اٹھاتا ہے تو کہا جاتا ہے کہ آپ blame game کر رہے ہیں۔ it is not the matter of blame game rather it is a matter of system which is not performing اب آپ دیکھ لیجیے، کتنا non-serious attitude ہے۔ Interior Minister is not here neither the State Minister for Interior is here, what is happening۔ پہلے ہم نے کراچی سندھ میں گل پلازہ پر بات کی، پھر بلوچستان پر بات کی، اب ہم اسلام آباد پر ICT which is the Capital of Pakistan۔ ۔ خدارا اس کو اہمیت دیں۔ I belong to ICT and I knowترلائی میں کتنے کمزور لوگ رہتے ہیں، financially بھی۔ اور جو کل بات ہوئی کہ ہم نے financial compensation دے دی ہے، بھائی، جانیں financial compensation سے واپس نہیں آتیں۔ آپ نے لواحقین کو دس لاکھ روپے دے دیے، وہ کتنے دن چلیں گے؟ دس مہینے؟ وہ بھی اگر وہ ایک لاکھ ہر مہینے خرچ کرے تب، مگر ان کے جو بچے ہیں، اگر آپ ان کی تعلیم کا انتظام کر دیں، تو وہ پڑھ لکھ کر اپنے پاؤں پر کھڑے ہو سکتے ہیں۔ آپ social values نہیں دیکھتے، آپ ان کے basic fundamental rights کو نہیں دیکھتے۔ (جاری۔۔۔)

**T08-10FEB2026 Taj/Ed. Waqas 04:20 p.m.**

سینیٹر فوزیہ ارشد: (جاری۔۔۔) آپ ان کے basic fundamental rights کو نہیں دیکھتے، بس آپ دیکھتے ہیں کہ ہم نے پیسے دے دیے، بڑا احسان کر دیا۔ بھئی! پیسے کی بھیک وہ نہیں مانگ رہے ہیں۔ ان کی موت اللہ نے اسی طرح سے لکھی تھی مگر حفاظت کرنا ریاست کا ایک فرض ہے اور ہر شہری کا basic fundamental right ہے کہ اس کو security ملے، نہیں مل رہی، وہ کیوں نہیں مل رہی ہے؟ یہ سوال ہر شخص جو اس وقت موجود ہے، اس کے دل اور دماغ میں یہ بات ہے کہ what are the loop holes. Should we look and concentrate on the loop holes? Should we discuss the way

forward, move forward how to counter all these things? This is what I am trying to ask کہ اتنے ہم بے حس کیوں ہیں۔ ہم کیوں نہیں کرتے کہ ہم یہاں پر اکٹھا بیٹھیں۔ سب نے بڑی بڑی باتیں کی ہیں۔ میں بھی بڑی باتیں کرنے کے لیے خواہش میں ہوں مگر مجھے پتا ہے کہ سب چاہ رہے ہیں کہ کچھ بول لیں اور وقت ضائع نہ ہو تو میں صرف چند ایک points آپ کے سامنے رکھنا چاہتی ہوں کہ جو way forward میرے ذہن میں بات ہے، وہ یہ ہے کہ we should able the agencies. They are busy in giving security to the topnotch. They are not pushed about the people who are living in rural areas. وہ کیڑے مکوڑوں کی حیثیت اور زندگی گزار رہے ہیں۔ انہیں کبھی کچھ نہیں ملتا۔ پھر میں یہی گزارش کر سکتی ہوں کہ میرے پاس کچھ points ہیں، صرف وہ میں کروں گی، زیادہ وقت میں نہیں لینا چاہتا۔۔۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: اگر آپ بھجوادیں تو ہم وہ points حکومت کو بھجوا سکتے ہیں۔

Senator Fawzia Arshad: Yes. First, we should have early threat detection using data and AI. Second, monitoring social media and communication. The agencies very well can do that. Third, cyber security for critical infrastructure. Fourth, information sharing between agencies and last, tracking terrorists' funding. اور دیکھا یہ جاتا ہے کہ جتنے بھی امام بارگاہ، مساجد ہیں، وہاں پر جو سیکورٹی کے لوگ ہوتے ہیں، they are not trained. They are not equipped with the latest weapons. They do not know how to defend themselves. وہ آ جاتا ہے تو یہ خود بخود بوکھلاہٹ کا شکار ہو جاتے ہیں اور کوئی کام نہیں ہو سکتا۔ So this is all I have to say because I do not believe in lengthy speeches, I wanted to focus on my idea. Thank you.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: قائد حزب اختلاف، ناصر عباس صاحب! میں ایک request کرنا چاہ رہا تھا آپ کو اور رانا صاحب کو کہ اگر اجازت دیں تو ہم یہ ایجنڈا لے لیں اور اس کے بعد speeches چلاتے رہیں۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: نہیں، نہیں، میں یہاں پر موجود ہوں۔ ایمل بھائی! ایک بات سن لیں، یہ لوگ پچھلے دو گھنٹے سے یہاں پر بیٹھے ہوئے ہیں، they can leave and we can continue.....

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جناب! وہاں سے وہ مجھے request کررہے ہیں۔جناب! میں کب منع کررہاہوں۔ کل بھی یہ agenda defer کیاہے۔کل تو آج کے لیے کیاتھانا۔کوئی لمباایجنڈانہیں ہے،we will just resolve it. Reports ہیں۔ چیزیں رکی رہیں گی۔ یہ آپ ہی کی چیزیں ہیں۔رانا صاحب! براہ مہربانی بولیں نا۔ چلیں جی جاری رکھتے ہیں۔جی ناصر عباس صاحب۔

(مداخلت)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: راناصاحب! اس کا بتائیں گے کہ کیوں یہ blackout ہوا ہے۔یہ کہہ رہے ہیں کہ blackout ہے۔جی راناصاحب۔

راناثناءاللہ خان: اس بارے میں سیکرٹری اطلاعات کو بلایاگیاہے کہ وہ بتائیں کہ اس کی کیاوجہ ہے۔اگر House کی sense یہ ہو کہ جب تک کارروائی live نہیں جاتی تواس وقت تک اگر speeches کو on hold رکھیں اور meantime آپ ایجنڈالے لیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: وہ کہہ رہے ہیں کہ جاری رکھیں۔

راناثناءاللہ خان: یعنی جو House کی sense ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: نہیں، اگرآپ چاہتے ہیں توہم suspend کردیتے ہیں.till this information comes.جی ناصر صاحب! شروع کریں۔

**Senator Nasir Mehmood**

سینیٹر ناصر محمود: شکریہ، جناب چیئرمین کہ آپ نے ہمیں بھی موقع دے دیاہے۔ اسلام اباد میں دہشت گردی کاجو واقعہ ہواہے، میرے تمام بھائی اس پر بات کر رہے ہیں، بہت اچھی بات ہے لیکن ایک بات کہ اگر ہم سب اس چیز کو realize کرلیں کہ یہ جو واقعات ہوتے ہیں، اس کے بعد جو ہمارے اپنے خیالات ہوتے ہیں، وہ ایک ہو جائیں کہ دہشت گرد کے لیے نہ کوئی معافی ہےاور نہ اس کے لیے کوئی رحم ہے۔اس کی سزا صرف وہی ہے کہ یا وہ اُدھر ہی مر جائے یااس کو پکڑ کر مار دیا جائے۔ دہشت گرد معافی کے قابل نہیں ہے۔ ہمارا پاکستان، یہی موقف ہے، ہر ایک کا بہت شکریہ۔ میرا بھی یہی موقف ہے، پاکستان کے ہر شہری کایہی موقف ہے۔ جو پاکستان سے محبت کرتا ہےاس کے دل میں یہی خواہش ہے کہ ہم ایک ہوں اور خدارا! ہم ایک ہو جائیں۔ ہمارے جو چھوٹے موٹے آپس میں اختلافات ہوتے ہیں، وہ ہم یہیں پر بیٹھ کر حل کر لیں گے

لیکن دنیا کو ہم پیغام دیں کہ اگر پاکستان کو کوئی میلی آنکھ سے دیکھے گا تو اس کے ہم آنکھ نکال دیں گے۔ جیسے ہم نے ہندوستان کو بتا دیا، باقیوں کو بھی message دے دیا لیکن ہم یہ بھی چاہتے ہیں کہ ہمارے جو ہمسائے ہیں، ان سے ہمارے تعلقات اچھے ہوں کیونکہ ہم ہمسائے تبدیل تو نہیں کر سکتے۔ ہمسایوں سے ہمارے تعلقات اچھے ہوں لیکن اگر ہمسائے اس طرح کے کسی سازش میں شامل ہوں تو پھر ہمسائے کو بھی یہ پتا ہونا چاہیے کہ جیسے ہم نے پہلے دہشت گردوں کو وہاں جا کر مارا اور دوبارہ بھی ہمیں اس طرح کرنا چاہیے۔ ہم اپنی forces کا ساتھ دیں۔ خدارا! ایک بات پر کسی کو اعتراض نہیں ہونا چاہیے کہ front پر ہماری forces جو لڑ رہی ہیں، جو ان دہشت گردوں کا مقابلہ کر رہی ہیں، ہمیں سیسہ پلائی دیوار کی طرح ان کے پیچھے کھڑا ہو جانا چاہیے۔ ہر جگہ یہ message جائے کہ پاکستان میں اگر کوئی دہشت گرد آئے گا، حملہ کرے گا تو پوری قوم اپنے سب اختلافات ختم کر کے ایک جگہ اکٹھے ہوں گے کہ ہم دہشت گردوں کو معاف نہیں کریں گے۔ اور یہ بات کہی جاتی ہے کہ کچھ دہشت گردوں سے بات کر لیں، کیوں؟ جو ہمیں مارتے ہیں ،ہم ان سے کیوں بات کریں۔ جو لوگ پہاڑوں سے نیچے آتے ہیں اور وہ اس چیز کو realize کرتے ہیں کہ ہم غلطی پر ہیں، ان کے ساتھ ضرور بات کر لی جائے لیکن وہ لوگ ،proxy war ہے نا، ہندوستان یہ سارا کچھ کر رہا ہے۔ ہندوستان کو تو ہم نے سبق دے دیا۔ کاش ہم نے ہندوستان کو سبق دیا ہوتا اور اس کے بعد جو ہم نے اس کو سبق دیا، ہماری قوم، ہم خود پاکستانی جہاں بھی رہتے تھے، جس جگہ پر پاکستان میں رہتے تھے، وہ unanimously ایک آواز اٹھاتے اور اٹھا رہے ہیں کہ اب دہشت گردوں کی کوئی جگہ نہیں ہے۔ خدارا! یہ باتیں مت بھولیں۔

کوئی کہتا ہے کہ فلاں کو جیل سے نکال دو تو پھر حالات ٹھیک ہو جائیں گے۔ کچھ نہیں ہوگا، ہم سب اکٹھے ہیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ ہم دہشت گردوں کو معاف نہیں کریں گے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بالکل۔

سینیٹر ناصر محمود: اور جن کو شوق ہے کہ اسے باہر نکالیں، وہ خود اندر چلے جائیں، اس کے پاس بیٹھ جائیں۔ ہم نے یہاں پر کوئی بات نہیں کرنی۔ ہم ایک بات کرنی ہے کہ دہشت گردی کے خلاف تمام سیاسی جماعتیں ایک ہیں اور ایک page پر ہیں۔ اس ایوان میں سب بھائیوں کو یہ کہوں گا کہ ہم سب ایک unanimously آواز اٹھائیں کہ دہشت گرد جب بھی آئے گا، پاکستان پر حملہ کرے گا، ہم اکٹھے ہو کر اس کو پورے ہاتھ سے ایک ایسا مکا ماریں گے کہ وہ دوبارہ اٹھ نہ سکے۔۔۔

Mr. Presiding Officer: We agree with you.

سینیٹر ناصر محمود: نہیں، جو گولی مارے گا۔ (جاری۔۔۔T09)

T09-10Feb2026 Ali/Ed: Shakeel 04:30 pm

سینیٹر ناصر محمود: (جاری ہے۔۔۔۔۔) ہم اکٹھے ہو کر اس کو پورے ہاتھ سے ایک ایسا مکا ماریں گے کہ وہ دوبارہ اٹھ نہ سکے۔

Mr. Presiding Officer: We agree with you.

سینیٹر ناصر محمود: جو گولی مارے گا اس کو ہم ڈبل گولی ماریں گے۔ لیکن ایک بات ہے کہ ہم ایک ہیں۔ جو bomb proof car میں گھومے گا ہم اس کو بھی پکڑ لیں گے، میں تو open گھومتا ہوں۔ جو کوئی مکے کے قابل ہے، اس کو مکا ہی مارنا چاہیے اور جو گولی کے قابل ہے، اس کو گولی ماریں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: ٹھیک ہے ناصر صاحب، شکریہ۔

سینیٹر ناصر محمود: لیکن یہاں ایک بات پر خدارا اکٹھے ہو جائیں کہ دہشت گردی اور دہشت گرد کا ساتھ دینے والوں کے لیے ہمارے اندر کوئی رحم نہیں ہونا چاہئے اور اس کی سزا صرف موت ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ، جی وزیر صاحب۔

**Syed Mustafa Kamal (Federal Minister for National Health Services)**

سید مصطفیٰ کمال (وفاقی وزیر برائے قومی صحت): اس issue، اس سانحے پر بار بار بہت سارے comments آئے، تو اس میں death tolls پر جو ذکر ہو رہا ہے اور الگ الگ نمبر بتا رہے ہیں کہ چھتیس ہیں so far unfortunately, کوئی چالیس یا پچاس نہیں ہیں۔ 28 were brought dead there in PIMS اور چار شہداء Poly Clinic آئے تھے اور اس کے بعد Poly Clinic میں دو deaths ہوئی ہیں اور PIMS میں زخمیوں کے آنے کے بعد ایک death ہوئی ہے اور ایک private sector کے hospital میں death ہوئی۔ تو total 36 ہیں so far 15 are very critical there in PIMS اور اللہ تعالیٰ ان کو زندگی دے۔ اس میں سے 9 ventilators پر ہیں اور ہمارے پاس Poly Clinic میں 7 ventilators پر ہیں۔ یہ numbers ہیں اور اب تک 36 are official deaths ہیں اور اللہ کرے کہ دوسرے لوگوں کی جان بچے۔ So we are doing everything that we could do اور جو بھی available medical services ہیں، کسی چیز کی کوئی کمی

نہیں ہے۔ Medical point of view سے جو کچھ ہونا چاہیے، وہ سب کچھ ہو رہا ہے۔ لیکن یہاں پر numbers الگ الگ آ رہے تھے تو I was just concerned کہ 36 official numbers ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ، جی مشال اعظم۔ ایک منٹ، آپ next ہیں۔

**Senator Raja Nasir Abbas (Leader of the Opposition)**

سینیٹر راجا ناصر عباس (قائد حزب اختلاف): اپنا Poly Clinic کا بھی اور PIMS کا بھی، آپ وہاں بھی لے گئے ہوں گے۔ PIMS میں بہت اچھا ہے لیکن Poly Clinic میں توجہ نہیں ہے۔ بچے جن کو دو گولیاں لگی تھیں آج وہاں شہید ہوئے ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: Leader of Opposition آپ Chair کو address کریں please.

سینیٹر راجا ناصر عباس :۔ توجہ دیں، وہاں یہ مشکلات ہیں، ابھی دو تین لوگ شہید ہو چکے ہیں، آج بھی ایک لڑکا شہید ہوا ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی ٹھیک ہے۔

سید مصطفیٰ کمال: جناب! وہ کوئی specific بات کر رہ ہیں تو اگر آپ مجھے اجازت دیں۔

Mr. Presiding Officer: Yes, if you can talk to him personally. Senator Mashal Azam, please.

**Senator Mashal Azam**

سینیٹر مشال اعظم: شکریہ چیئرمین صاب، میں سب سے پہلے ترلائی میں جو سانحہ ہوا ہے اس کی بھرپور مذمت کرتی ہوں اور اس سے زیادہ محسن نقوی صاحب کی مذمت کرتی ہوں کیونکہ سانحہ بلوچستان ہوا تو وہ اس ایوان میں موجود نہیں تھے، سانحہ اسلام آباد ہوا تو وہ اس ایوان میں موجود نہیں تھے، حالانکہ وہ سینیٹر ہیں اور سینیٹر ہو کر وہ وزیر داخلہ بھی ہیں۔ ان کا اتنا non serious attitude ہے جو اس ایوان کے وقار کو خراب کر رہا ہے۔ Unfortunately Chairman Sahib اس ایوان میں ہم مسلسل سانحات پر discussion کر رہے ہیں۔ سانحہ بلوچستان ہوا، ہم نے دو دن discussion کی، پھر اس کے بعد اب سانحہ اسلام آباد ہوا ہم دو دن سے discussions کر رہے ہیں اور خدانخواستہ کسی اور سانحہ کے انتظار میں ہیں کہ اس کے بعد ہم اس پر discussion کریں۔ جب بھی کوئی سانحہ ہوتا ہے، تو ہمیں کہا جاتا ہے کہ افغانستان اور انڈیا سے اس کے گھٹ جوڑ ہیں اور یہ ان لوگوں نے کروایا ہے، تو جی بات گئی اور ہم بھول جاتے ہیں۔

میرا سب سے پہلا سوال حکومت وقت سے ہے، جب آپ کہتے ہیں کہ اس سانحہ میں India involved ہے، تو ہم نے ماضی میں دیکھا کہ پہلگام کا ایک false flag operation ہوا تو India نے پوری دنیا کو سر پر اٹھالیا اور پھر ایک جنگ بھی چھیڑ لی، جس میں انہیں ہزیمت کا سامنا کرنا پڑا۔ ہم نے کیا کیا؟ ہم نے سانحہ بلوچستان پر کہا کہ India نے کیا ہے، ہم سانحہ اسلام آباد پر کہہ رہے ہیں India نے کیا ہے اور شرم کا مقام تو یہ ہے کہ ہم India کے ساتھ اب 15 February کو match کھیلیں گے۔ یہ ہماری seriousness ہے کہ ہم match کھیل رہے ہیں، ہم نے boycott کیا تھا، ہمیں boycott کر لینا چاہیے تھا کہ ہمارے ملک میں اتنے بڑے دو سا نحے ہوئے جس کا ذمہ دار ہم India کو ٹھہراتے ہیں، تو ہم ان کے ساتھ match کیوں کھیل رہے ہیں؟ چیئرمین صاحب وجہ کیا ہے؟ محسن نقوی صاحب وزیر داخلہ بھی ہیں، Chairman PCB بھی ہیں، ذمہ دار بھی وہ ہیں، فیصلے بھی وہ کر رہے ہیں۔ بٹ صاحب بیٹھ جائیں، آپ محسن نقوی صاحب کے PS نہیں ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: ناصر صاحب برائے مہربانی۔

سینیٹر مشال اعظم: ہماری سنجیدگی کا عالم یہ ہے کہ اتنے جنازے اٹھے، ہم نمبر گن رہے ہیں کہ نہیں یہ نمبر غلط ہے، 36 ہے، 36 نہیں ہے، 34 ہے۔ ایک ایک گھر سے دو دو جنازے اٹھے، لیکن حکومت وقت کا کوئی بھی شخص اس جنازے میں شریک نہیں ہوا۔ ہمیں کہا گیا کہ آپ تو اس دن احتجاج کر رہے تھے لیکن حکومت وقت اس دن بسنت منا رہی تھی۔ ہم نے یہ بھی دیکھا کہ بسنت کی live transmission چل رہی تھی۔ ایک طرف جنازے اٹھ رہے تھے، دوسری طرف بسنت کی live transmission میڈیا پر چل رہی تھی، یہ ہمارا المیہ ہے۔ ہمیں کبھی بھی in-house briefing نہیں دی گئی۔ بٹ صاحب کو بہت تکلیف ہے کیونکہ میں نے ان کے محسن نقوی صاحب کو باتیں سنادی ہیں۔ یہ ان کے ذاتی PS ہیں، نہ کریں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بٹ صاحب بات کرنے دیں۔ آپ continue کریں۔

سینیٹر مشال اعظم: یہاں پر بہت سی باتیں ہوئیں، میں KP Police کا شکریہ ادا کرتی ہوں کہ انہوں نے rapid response کیا اور CTD گئی۔ اس میں ہماری KP Police کا ایک جوان شہید ہے اور دو زخمی ہیں، ہمیں کہا گیا کہ دہشت گرد کے سہولت کاروں کو پکڑنے کے لیے جب وہ گئے، تو اس میں ہمارے لوگ شہید ہوئے اور دو زخمی ہیں۔ میں ان کو بھی خراج تحسین پیش کرتی ہوں کہ جس طرح KP Police اس وقت دہشت گردی کے خلاف جنگ لڑ رہی ہے۔

ہمیں یہ بھی کہا جاتا ہے کہ India نے کیا، India سے ہم matches کھیلتے ہیں۔ دوسری طرف سے کہا جاتا ہے کہ دہشت گرد پانچ مہینے کے لیے Afghanistan گیا۔ Afghanistan کا border تو بند ہے، تو پھر یہ کیا ہو رہا ہے؟ نہ وہاں سے کوئی چیز آ رہی ہے، نہ ادھر سے کوئی چیز جا رہی ہے، تو پھر یہ کیسے ہو رہا ہے؟ اس House کو کبھی بھی in-house security briefing نہیں دی گئی۔ حکومت کی seriousness یہ ہوتی کہ Joint Session بلایا جاتا، ہمیں in-house brief کیا جاتا کہ یہ کیوں ہو رہا ہے، کیسے ہو رہا ہے، اس کی کیا تدابیر ہو سکتی ہیں کہ اس کو ہم counter کریں۔ لیکن کبھی بھی کوئی بھی کچھ بھی نہیں کیا جاتا۔

یہاں پر ملک کے عظیم بیٹے عون عباس صاحب کی بات ہوئی جس نے اپنی جان کا نذرانہ پیش کیا اور انہوں نے دہشت گرد کو روکا، ورنہ تباہی مزید ہوتی۔ ہم اس ایوان سے انہیں خراج تحسین بھی پیش کرتے ہیں اور حکومت وقت سے request بھی کرتے ہیں کہ ان کو ستارہ جرات، ستارہ شجاعت دیا جائے۔ یہ وہ لوگ ہیں جو اس ملک کے لیے اپنی قربانیاں دیتے ہیں۔

Mr. Presiding Officer: Recommended.

سینیٹر مشال اعظم: دوسری بات ہوئی کہ ہم یہاں پر جتنے بھی لواحقین ہیں ان کو دس لاکھ روپے دیں گے اور بس بات ختم۔ یہ وہ لوگ ہیں جن کے خون کا بوجھ ہم پر ہے۔ جنہوں نے شہادتیں دی ہیں، اسی سے یہ Pakistan قائم و دائم ہے۔ ہمیں شہداء کی قدر کرنی ہوگی۔ جب ایک ایک گھر سے جوان بیٹا اٹھتا ہے، جس کے باپ نے ساری زندگی کا سرمایہ اس پر لگایا ہوتا ہے اور پھر آپ اس باپ سے کہتے ہیں کہ ہم آپ کو دس لاکھ روپے دیں گے، تو آپ اس باپ کی تکلیف کا اندازہ نہیں لگا سکتے، آپ اس کے زخموں پر نمک چھڑک رہے ہیں۔

میں آخری بات کروں گی چیئرمین صاحب، ہم بار بار یہ بات کرتے ہیں کہ ہم دہشت گردی کے خلاف ریاست کے ساتھ کھڑے ہیں، ہم پاکستانی ہیں۔ بدقسمتی سے ہمیں اپنی حب الوطنی ثابت کرنی پڑتی ہے کہ ہم محب وطن ہیں، ہم Pakistan کے ساتھ ہیں۔ کوئی راستہ نکالیں، ہم ان سانحات سے تھک گئے ہیں، کوئی seriousness show کریں، ہمیں کوئی road map دیں۔ کل خدا نخواستہ، اس ایوان میں ہم کسی اور سانحے پر discussion کریں گے، یہ بات نہ کریں۔ ہمیں پتا ہے آپ بھی محب وطن ہیں، ہم بھی محب وطن ہیں، لیکن مل جل کر اس معاملے کو جو بہت serious ہے، tackle کریں، کیونکہ دہشت گردی کی بیماری نے ہمارے ملک کو اس وقت جڑوں سے پکڑ لیا ہے۔ بہت شکریہ چیئرمین صاحب، پاکستان زندہ باد۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: خالدہ اطیب صاحبہ۔

**Senator Khalida Ateeb**

سینیٹر خالدہ اطیب: شکریہ جناب چیئرمین، بہت مختصر بات کروں گی، اس لیے کہ ایک ہی چیز کو بہت بار repeat کیا جارہا ہے، لیکن سانحہ اتنا بڑا ہے کہ اس پر بات کرنے کے لیے دل بھی چاہتا ہے اور دل اس دکھ کو محسوس کرتا ہے۔ (جاری ہے۔۔۔۔T10)

T10–10Feb2026 Imran/ED: Irum 04:40 pm

سینیٹر خالدہ اطیب: (جاری ۔۔۔) دل اُس دکھ کو اور اُس درد کو بھی محسوس کرتا ہے جو اُس سانحے کے impact کی وجہ سے ہماری پوری قوم پر پڑے۔ یہ سانحات کا ایک تسلسل ہے۔ یہ سانحہ چونکہ ابھی ہوا ہے تو ہمیں اس شیعہ سُنی کے معاملے کو politicize نہیں کرنا چاہیے۔ یہاں بیٹھ کر میں نے یہ محسوس کیا ہے کہ اُس side کے لوگ اِس side کے لوگوں کو الزامات دے رہے ہیں، یہاں کے لوگ اُدھر کے لوگوں پر الزامات لگا رہے ہیں۔ ہم کبھی کسی چیئرمین کو بیچ میں لے آتے ہیں، کبھی کسی لیڈر کو بیچ میں لے آتے ہیں، ہم اصل مقصد سے بہت پیچھے ہٹتے چلے جا رہے ہیں۔ ہمیں مل کر بحیثیت قوم، من حیث القوم یہ بات سوچنی چاہیے کہ ہم اس کا تدارک کیسے کر سکتے ہیں۔ ہمیں یہ سوچنا چاہیے کہ ان حادثات سے کیسے بچا جا سکتا ہے۔

یہ کوئی پہلا حادثہ نہیں ہے اور یقیناً یہ آخری بھی نہیں ہوگا لیکن اس سے پہلے جو حادثات ہوئے، کراچی میں ایک تسلسل کے ساتھ شیعہ سُنی جھگڑے ہوتے رہے ہیں اور امام بارگاہوں کو آگ لگائی جاتی رہی ہے۔ آپ کو یاد ہو گا کہ عید میلاد النبیؐ پر ایک بہت بڑا blast ہوا تھا جس میں ایک بہت بڑے سُنی عالم شہید ہو گئے تھے۔ اسی طرح عاشورہ کے دس محرم کے جلوس پر جو bomb blast ہوا تھا وہ بھی ہم سب کے ذہنوں میں تازہ ہے۔ تو یہ ایک تسلسل ہے جو دہشت گرد اپنی انا کی تسکین کے لیے یا پاکستان کو ایک غیر مستحکم معاملات کی طرف لے جانے کے لیے اس قسم کی حرکتیں کرتے ہیں۔ ہمیں اُس پر غور کرنا چاہیے جیسا کہ ابھی وقار بھائی نے کہا کہ نیشنل ایکشن پلان پر عمل درآمد بہت ضروری ہے، تمام جگہوں پر، تمام صوبوں پر، تمام شہروں پر اس کی implementation بہت ضروری ہے۔

ہمیں ہر کسی کی طرف سے کہی گئی ہر اچھی بات کو appreciate کر کے اُس کو قبول کرنا چاہیے کیونکہ یہ سانحہ صرف کسی ایک community کے لیے نہیں ہے یا کسی ایک فرقے کے لیے نہیں ہے بلکہ پاکستان کے استحکام پر ایک حملہ ہے اور پاکستان کے امن و امان پر ایک حملہ ہے۔ اگر ہمیں پاکستان عزیز ہے اور ہم پاکستان کی بقا، اس کی بہتری اور اس میں استحکام چاہتے ہیں تو ہمیں اس کے لیے سر جوڑ کر بیٹھنا ہوگا۔ یہ افغانستان کی طرف سے ہوا ہو، ایران کی طرف سے ہوا ہو یا کسی بھی قوم کی طرف سے ہوا ہو یا پاکستان کے اندرونی شر پسندوں نے اس پر حملہ

کیا ہو، ہمیں کسی event کو کسی سے نہیں جوڑنا چاہیے کہ وہاں بسنت منائی جارہی تھی تو یہاں یہ ہو رہا تھا۔ بسنت اگر کسی نے منائی تو اُس کا اپنا individual فعل ہے، وہ بھی پاکستان کے ایک غم زدہ ماحول میں ایک خوشی کا ایک چھوٹا سا ایک شگوفہ چھوٹا لیکن ہم اگر اس کو politicize کریں گے اور اس پر criticize کریں گے اور ہم یہ کہیں گے کہ وہاں بسنت منائی جارہی تھی، حالانکہ صرف اسی وجہ سے ایک بہت بڑا mega event cancel کر دیا گیا۔

تو تمام لوگوں سے میری گزارش ہے کہ ہمیں من حیث القوم سوچنا چاہیے۔ ہمیں اس کی بہتری کی طرف جانا چاہیے اور شیعہ سُنی فساد کے معاملات میں بالکل نہیں پڑنا چاہیے کیونکہ ہم ایک ہیں، ہم ایک قوم ہیں۔ ہمارے اندر اگر، وہ علامہ اقبال کا شعر ہے کہ

فرقہ بندی ہے کہیں اور کہیں ذاتیں ہیں
کیا زمانے میں پنپنے کی یہی باتیں ہیں

تو ہمیں فرقہ بندی سے الگ ہٹ کر اور تمام چیزوں سے ہٹ کر اس میں اپنا ایک positive role play کرنا چاہیے اور ہمیں سر جوڑ کر بیٹھنا چاہیے اور کوئی ایسی strategy قائم کرکے اُس پر عمل درآمد کرنا چاہیے کہ جس سے ہم ان معاملات سے اگر چھٹکارا نہیں پا سکتے تو at least اُس کا تدارک تو کر سکتے ہیں اور ان کو کسی حد تک کم کر سکتے ہیں۔ ایک بہت اچھا شعر میرے ذہن میں آرہا تھا جسے میں پڑھنا چاہوں گی کہ

تمہاری سوچ کے سانچے میں ڈھل نہیں سکتا
زبان کاٹ لو لہجہ بدل نہیں سکتا
مجھے بھی موم کا پُتلا سمجھ رہے ہو کیا
تمہاری لو سے یہ لوہا پگھل نہیں سکتا

یہ دہشت گردوں کے لیے میرا پیغام ہے۔

Mr. Presiding Officer: Thank you very much, very well said. Noor Ul Haq *Sahib*.

**Senator Noor Ul Haq Qadri**

سینیٹر نور الحق قادری: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ شکریہ جناب چیئرمین صاحب۔ ترلائی کا واقعہ بہت المناک اور اندوہ ناک سانحہ ہے اور پوری قوم کے لیے ایک سوگ کی کیفیت ہے۔ اس میں اہل تشیع کا اور اہل سنت کا کوئی فرق نہیں ہے اور یہ صرف ایک مکتبِ فکر پر یا کسی ادارے پر

یا کسی مسجد پر یا مدرسے پر حملہ نہیں ہے بلکہ ہم اس کو پاکستان کی سلامتی پر اور پاکستان کی نظریاتی بنیادوں پر حملہ تصور کرتے ہیں۔ ہم شہداء کی ارواح کو سلام کرتے ہیں اور اُن کی درجات کی بلندی کے لیے دعا گو ہیں۔ یہ بھی ایک اچھی علامت ہے کہ اُس دن شہداء کے جنازے کو کندھا دینے والوں میں اہل تشیع سے زیادہ اہل سنت اُدھر موجود تھے اور ہسپتالوں میں خون کا عطیہ دینے کے لیے شیعہ سے زیادہ سُنی مسلمان موجود تھے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بالکل، بے شک۔

سینیٹر نور الحق قادری: یہ ہماری صفوں میں ایک ملت، ایک قوم، ایک ملک اور ایک خون ہونے کی نشاندہی کرتا ہے۔ ہم عون عباس کو جس طرح آپ نے decide کیا ہے، tribute بھی پیش کرتے ہیں اور اُن کو ہم قوم کا ایک ہیرو سمجھتے ہیں۔ ہمارے یہ سارے احساسات اور جذبات اپنی جگہ پر لیکن یہ ایک لمحہ فکریہ ہے کہ پوری دنیا، جہاں سُنی رہتے ہیں، جہاں شیعہ رہتے ہیں، وہاں پر ایسے گنے چُنے لوگ بھی ہیں جو کہتے ہیں کہ کافر کافر، فلاں کافر، ساتھ یہ بھی کہتے ہیں کہ جو نہ مانے وہ بھی کافر حالانکہ کُفر کا فتویٰ جس میں کسی کو مسلمان قرار دینا یا واجب القتل قرار دینا، میں یاد دہانی کراؤں کہ غالباً 2006 میں سعودی عرب کے شہر مکہ مکرمہ میں مرحوم ملک عبداللہ نے ایک کانفرنس بلائی تھی جس میں پوری اسلامی دنیا کے سُنی اور شیعہ علما اور تمام مُفتیوں کو بلایا گیا اور وہاں پر اُس کا declaration کہتا ہے کہ آٹھ فقہ ہیں، چار اہلِ سنت کے ہیں جس میں حنفی، مالکی، حنبلی اور شافعی شامل ہیں اور چار جس میں ایک فقہ جعفری ہے، فقہ زیدی ہے، فقہ عبادی ہے اور فقہ ظاہری ہے۔ یہ آٹھوں فقہ قرآن اور حدیث سے مستنبط ہے اور ان کی جڑیں اور بنیاد کہیں قرآن اور حدیث میں موجود ہے۔ یہ اہلِ قبلہ ہیں اور اُن میں سے کسی کو آپ کافر قرار نہیں دے سکتے۔

پاکستان نے ایک نیشنل ایکشن پلان بنایا تھا اور اس نیشنل ایکشن پلان کا ایک document 'پیغامِ پاکستان' ہے۔ آئینِ پاکستان اور دستورِ پاکستان کے بعد اگر کسی document کی اہمیت ہے تو وہ 'پیغامِ پاکستان' ہے اور اُس میں یہ واضح طور پر کہا گیا ہے کہ کسی کو کسی پر کفر کا فتویٰ لگانے یا واجب القتل قرار دینے کی اجازت، رعایت اور یہ authority صرف state کے پاس ہے اور کسی دوسرے کے پاس نہیں ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ہماری حکومت اور ہمارے اداروں کو اگر سیاسی کارکنان کی پکڑ دھکڑ سے فراغت مل جائے تو پھر اس مسئلے پر بھی توجہ دیں۔ صرف یہ کافی نہیں ہے کہ افغانستان سے دہشت گرد آیا، جیسا کہ دو دن پہلے مولانا فضل الرحمان صاحب نے کہا تھا کہ افغانستان سے جب آپ نہیں چاہتے تو ایک سیب اور ایک انار بھی نہیں آسکتا تو دہشت گرد کیسے آسکتا ہے۔ اس میں ایک بہت مجرمانہ غفلت ہے۔ اس حوالے سے

اس نکتے پر بغیر سیاسی اختلاف کے اور بغیر مسلکی اختلاف کے، اس کا تدارک کرنا ہوگا اور اس کا احساس کرنا ہوگا کہ اس دہشت گردی کا ہر قیمت پر قلع قمع کرنا ہے۔۔۔(جاری۔۔۔۔۔T11)

T11-10Feb2026 Naeem Bhatti/ED: Irum Shafique 4:50 pm

سینیٹر نور الحق قادری: (جار۔۔۔) بغیر سیاسی اختلاف کے، بغیر مسلکی اختلاف کے، اس حوالے سے، اس نکتے پر کہ دہشت گردی کا ہر قیمت پر قلع قمع کرنا ہے اور اس کی جڑوں کو ختم کرنا ہے۔ اس ایوان میں جو لوگ ہیں، ایوان سے باہر جو لوگ ہیں، سب سیاسی اور مذہبی جماعتیں اور قیادتیں متفق ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی مولانا صاحب! سب یہی کہہ رہے ہیں۔

سینیٹر نور الحق قادری: جناب والا! میں اپنی گفتگو کو زیادہ طویل نہیں کرنا چاہتا۔ جس طرح ہماری ایک سینیٹر صاحبہ نے کہا کہ ان جنازوں میں کوئی ایسا ذمہ دار آدمی نہیں تھا۔ کیا وزیراعظم صاحب کو یہ توفیق نہیں ہو سکتی کہ وہ اس سانحہ کی جگہ پر جائیں اور ان کے ساتھ اپنی غم و تکلیف کا اظہار کریں بلکہ میں تو یہ کہوں گا کہ عزت مآب Army Chief Sahib اگر لاہور کی ایک شادی میں شریک ہو سکتے ہیں، وہ ایک بہت superior event تھا، اس میں شرکت کرنا اچھی بات ہے لیکن اس سانحے پر بھی وہ جا سکتے ہیں۔ پاکستان میں اتنا بڑا واقعہ ہوا، ان لوگوں کے ساتھ، ان کے دکھ اور درد کے لمحات میں شریک ہونا چاہیے تھا۔ اس حوالے سے بہت اچھی تجاویز آئیں، میں امید کرتا ہوں کہ ان پر عمل ہوگا۔ شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ۔ سینیٹر ہمایوں مہمند صاحب۔

**<u>Senator Mohammad Humayun Mohmand</u>**

سینیٹر محمد ہمایوں مہمند: بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ۔ اِيَّاكَ نَعۡبُدُ وَاِيَّاكَ نَسۡتَعِيۡنُ۔ شکریہ، جناب چیئرمین! میں پہلے دو منٹ ایک چھوٹی سی چیز discuss کروں گا اور پھر میں اس سانحے کے ذکر کی بجائے، اس کا جو basic fundamental issue ہے، اس کو اٹھا کر، ان پر کچھ تجاویز دوں گا that how we can handle it, it is not a simple case, it is a multifaceted problem. میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ہمارے وزیراعظم Board of Peace کی meeting کے لیے جا رہے ہیں۔ جب میں Board of Peace کو دیکھتا ہوں کہ اس میں ایک

individual who has been named as a Chairman, it is Donlad J. Trump, this is not a President of United States.

(مداخلت)

Mr. Presiding Officer: Please, Humayun Sahib, let's keep it on that.

Senator Muhammad Humayun Mohmand: Sir, I will just take one minute.

Mr. Presiding Officer: But you know if you start talking this, everybody will start talking.

سینیٹر محمد ہمایوں مہمند: جناب والا! میں پانچ منٹ میں ختم کر دوں گا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جناب! یہ پانچ منٹ کی بات نہیں ہے،.come to the incident please

Senator Mohammad Humayun Mohmand: Sir, it is a very important issue,

Mr. Presiding Officer: I know but not at this time.

آپ اس پر بولیں، دوسری طرف نہ جائیں۔

سینیٹر محمد ہمایوں مہمند: جناب والا! اس سانحے پر سب لوگوں نے بات کر لی ہے، جو basic fundamental issue ہے جو کسی بھی terrorism کو ہو سکتا ہے، وہ سب سے پہلے dispute ہوتا ہے جو کہ political ہو سکتا ہے، جو ideological or religious ہو سکتا ہے جسے آپ ideology کے اندر لے آتے ہیں۔ جب تک آپ اس basic چیز کو address نہیں کرتے، وہ مسئلہ حل نہیں ہوتا۔ بعض مرتبہ اس میں ,political issues becomes difficult to address اب اس میں جو مسائل نیچے آجاتے ہیں، جنہیں آپ نے address کرنا ہوتا ہے، وہ تین، چار چیزیں ہیں۔ ایک یہ ہے کہ اس issue کی وجہ سے ایک چیز آجاتی ہے جسے ہم narrative کہتے ہیں۔ آپ کا وہ narrative اس وقت تک چلتا رہتا ہے جب تک آپ اس narrative کو address نہیں کرتے۔ Narrative کا مطلب یہ ہے کہ اگر missing person ہے تو میں اس narrative پر لوگوں کو attract کروں گا۔ اس لیے اس چیز کو address کرنا ضروری ہے تاکہ at least میں اس narrative کو روک سکوں کیونکہ یہ narrative دوسری چیز terrorists کو harvest کرتا ہے۔ Terrorists آسمان سے نہیں اترتے، آپ ہی کی جگہ سے باہر آتے ہیں۔ وہ nursery جو terrorists

produce کرتی ہے،اس کے پیچھے بعض basic fundamental issues ہیں۔ان میں ایک چیز ہوتی ہے جو میں بتا رہا تھا،ایک وہ چیز ہے اور دوسری poverty ہے۔ اگر ہم 2022 سے پہلے دیکھیں تو اس وقت زیادہ terrorism اس لیے نہیں ہو رہا تھا کہ آپ کی poverty 22% سے کم ہو کر 18% پر آ گئی تھی۔اس کے بعد اگر ہم آج دیکھیں کہ یہ زیادہ ہو گیا ہے تو آپ اسے link کر سکتے ہیں ,44 44% پر آپ کی poverty چلی گئی ہے،

every second person is below the poverty line. So that is another thing and we need to address that thing.

جناب والا! تیسری چیز injustice آجاتا ہے۔جب آپ injustice کرتے ہیں تو لوگوں کو جب عدالتوں میں یا مختلف جگہوں پر جو normal hurdles پیش آتی ہیں تو پھر وہ غلط طریقے کی طرف جاتے ہیں، جسے ہم سب terrorism کہتے ہیں۔ جب ہم prosecution کی بجائے persecution پر جانا شروع کر دیتے ہیں اور لوگوں پر الٹے سیدھے cases ڈالتے ہیں یا کچھ کرتے ہیں، یہ ساری چیزیں دوبارہ ایک طرح جنم لیتی ہیں، ہمیں ان سب چیزوں کو address کرنا پڑے گا۔ جب ہم اس چیز کو address کریں گے تو اس طرح کے سانحات نہیں ہوں گے۔ جب آپ solutions کی بات کرتے ہیں تو please listen, you may not agree with me but listen to the solution. ہم سب کو افسوس ہے کہ سانحہ اپنی جگہ پر بہت بُرا تھا لیکن ہم افسوس کے علاوہ اسے prevent کرنے کے لیے کوئی بات کر لیں تو بہتر ہے، .solutions are better جب بھی پاکستان یا کسی بھی ملک میں political instability آتی ہے وہاں terrorism flourish کرتا ہے کیونکہ terrorism جہاں سے چیزیں اٹھاتا ہے وہ یہی چیزیں ہیں، ہم انہیں address نہیں کریں گے تو یہ چیزیں ٹھیک نہیں ہوں گی،

that is why terrorism is multifaceted issue, it has to be address multifacetedly.

جناب والا! یہ یاد رکھیں کہ دہشت گرد ,somehow they are slightly united آپ نے انہیں with one or other way break کرنا ہوتا ہے۔ مشاہد حسین صاحب treasury benches سے سینیٹر تھے،انہوں نے ہی بتایا تھا کہ 5th July, 2022 کو ایک security meeting ہوئی تھی جس میں briefing ہوئی تھی، جب پاکستان تحریک انصاف کی حکومت نہیں تھی، اس میں یہ کہا گیا تھا کہ ,there is a discussion with the TTP یہ میں نہیں کہہ رہا۔

جناب چیئرمین! آخری چیز یہ ہے، پہلے بھی ذکر کیا گیا کہ ہم نے ان کی funding کو address کرنا ہے۔ جب آپ ان multifaceted چیزوں کو properly address کریں گے، آپ کے یہ سانحات کم ہونا شروع ہو جائیں گے، شاید ختم پھر بھی نہ ہوں کیونکہ ہم لوگوں نے جہاں جہاں اپنی ٹانگیں اڑائی ہوئی ہیں، وہ پچھلے چالیس سالوں کے مسائل ہیں، ان مسائل کو ختم کرنے کے لیے آپ کو on the both sides of the country internationally pressure ڈالنا پڑے گا اور انہیں address کرنا پڑے گا۔ If you ask me we should be able to address these issues, there are signs and symptoms of the diseases. اس disease کو address کریں، signs and symptoms address کرنے سے کوئی فائدہ نہیں ہوگا۔ شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جناب ایمل ولی خان صاحب۔

**Senator Aimal Wali Khan**

سینیٹر ایمل ولی خان: شکریہ، جناب چیئرمین! شروع اللہ کے نام سے جو رحمٰن ورحیم ہے۔ آج ہم سب دوستس دکھ اور رنج کے ساتھ اس فیصلے میں بیٹھے ہیں کہ اسلام آباد کی امام بارگاہ میں جو سانحہ ہوا، اس بارے میں بات کرنی ہے، مسائل کا حل ڈھونڈنا ہے یا نہیں، آسان سے آسان کام کرنا ہے۔ جو ہم نے ایران کے وقت بھی کیا، میں دیکھ رہا ہوں کہ ایسے سنجیدہ معاملات میں بدقسمتی سے point scoring کے لیے تقاریر ہوتی ہیں۔ بدقسمتی سے ایک دوسرے پر کیچڑ اچھالنے کے لیے تقریر ہوتی ہے۔ تعداد جو بھی ہو لیکن ہم سمجھتے ہیں کہ ان شہداء کے گھر والے آج ہمیں سنیں گے، جن کے دل بکھرے پڑے ہیں، ان کی تسلی کے ایوان یہی ہیں۔ شہداء کے جو لواحقین ہیں، اس قیامت کے وقت کو صرف وہ سمجھ سکتے ہیں جو ایسے حالات سے گزرتے ہیں۔ ان کی نظریں اس پارلیمان کی طرف ہوں گی، ان کی نظریں اس وقت کی حکومت اور اس وقت کی اپوزیشن کی طرف ہوں گی اور اُدھر سے اگر ہم یہ کریں، بدقسمتی سے ہمیں تقریر کا موقع صرف اس لیے ملتا ہے کہ ہم تنقید کریں۔ (جاری۔۔۔۔)

T12-10Feb2026 Abdul Ghafoor/ED: Shakeel 5:00 PM

سینیٹر ایمل ولی خان: (جاری۔۔۔) اور اُدھر سے اگر ہم یہ کریں، بدقسمتی سے ہمیں تقریر کا موقع صرف اس لیے ملتا ہے کہ ہم تنقید کریں۔ میرے خیال میں ان لوگوں کی مرہم پٹی نہیں بلکہ زخموں پر نمک چھڑکنے کے مترادف ہے۔ کل میری پارٹی کے لوگ گئے، وہاں شہداء کے لواحقین میں کچھ ایسے تھے جو پاراچنار سے آئے تھے، انہوں نے کہا کہ ہم تو پاراچنار سے ان کو چھوڑ کر آئے تھے کہ وہ لوگ ہمیں ادھر جینے نہیں

دیتے۔ ریاست ان کو کہہ رہی ہے کہ اپنے علاقے چھوڑ کر جاؤتو ہم ادھر سے اسلام آباد آ گئے ہیں۔ ہمارا نصیب اسلام آباد تک پہنچ گیا ہے۔ اگر واقعہ صرف کل کا ہے اسی پر بات کرنی ہے، میرے خیال میں اِنَّالِلّٰہِ وَاِنَّااِلَیۡہِ رَاجِعُونَ اور سب چلے جاتے ہیں۔ ہمارا طریقہ کار یہی رہا ہے کہ اگلے واقعے کا انتظار کرتے ہیں پھر واقعہ آئے گا پھر ہم اچھی اچھی تقریریں جھاڑیں گے پھر ہم point scoring کریں گے پھر ہم تنقید کریں گے، پھر اِنَّالِلّٰہِ وَاِنَّااِلَیۡہِ رَاجِعُونَ اور ایک اور واقعے کا انتظار کریں گے۔

جہاں تک میں سمجھتا ہوں پرسوں والا سانحہ ہمارے اصل مسئلے کا اس وقت تک ایک بہت زور آور اور بہت خوفناک سانحہ ہے کیونکہ سمجھدار لوگ اس کو سمجھ سکتے ہیں کہ بات اب اسلام آباد تک پہنچ چکی ہے۔ یہ ایسا نہیں کہ آج پہنچی ہے۔ میں آج کوشش کروں گا کہ کسی کا نام نہ لوں، کسی کی ذات پر تنقید نہ کروں لیکن پاکستانی عوام کے اس انتہا پسندی اور دہشت گردی کے جتنے بھی دشمن ہیں ان کو وضاحت دینا بہت لازم ہے۔ کل میرے بھائی ملک صاحب نے بڑے بہترین جواب دیے لیکن یہ مسئلہ اتنا سنجیدہ ہے کہ میرے اور ملک صاحب کی زندگی کو ڈبل کر دو تو اس سے پرانا یہ مسئلہ چلتا آ رہا ہے۔ ہم آپ کے ساتھ مانیں گے، ہم آپ کے ساتھ بالکل مانیں گے کہ یہ فتنہ خوارج ہے اور یہ حملے ہندوستان سے ہو رہے ہیں لیکن ہمیں یہ کہیں کہ آپ پچاس سالہ تاریخ بھول جائیں اس کو wipe out کر دیں۔

یہ کوئی کمپیوٹر ہیں جس کا system format ہو گیا ہو۔ آپ سب بھول جائیں اور سب اس پر عمل کریں کہ پاکستان میں جس کونے میں بھی حملہ ہوتا ہے وہ فتنہ خوارج کر رہا ہے۔ اس کے پیچھے ہندوستان ہے اور اس کے پیچھے افغانستان ہے when there is no proof اگر ہم ہندوستان کے ایک حملے یا drama جو اس نے کیا تھا اس کو کہتے ہیں that's a false flag operation پھر ہم اپنے لوگوں کو بھی ان کے نام پر ڈال کر کیا کرنا چاہتے ہیں؟

جناب والا! اس وقت ریاست کی سب سے بڑی کمزوری ہے کہ خود قوم کے سامنے پیش کرتے ہیں کہ جو بھی سانحہ ہوتا ہے، پہلے پانچ منٹ کے اندر اندر بیان آ جاتا ہے کہ یہ خوارج نے کیا۔ یہ ہندوستان نے کیا ہے۔ یہ افغانستان نے کیا ہے۔ چلو، ہم یہ ماننے کو تیار ہیں لیکن یہاں پر ہمارے حضرت بیٹھے ہوئے دین کے اساتذہ ہیں، آج جس عمل کو غیر مذہبی عمل کہا جا رہا ہے، جس عمل کو فتنہ کہا جا رہا ہے، کیا اسی عمل کو اسی ریاست میں رہتے ہوئے میرے دشمن میری قوم کے دشمن، تکلیف یہی ہے کہ ادھر ایک دوسرے پر انگلیاں اٹھائی جاتی ہیں لیکن اگر میں کھڑا ہوں گا تو میں سب پر انگلی اٹھاؤں گا۔ ہر وہ بندہ جو دہشت گرد کا دفاع کرتا رہا ہے وہ میری قوم کا دشمن ہے۔ ہم آج تک فیصلہ نہیں کر پائے کہ دہشت گرد پاکستان کے دشمن ہیں یا نہیں، یا دہشت گرد پاکستان کے دوست ہیں۔

ہم سب پاکستانی ادھر موجود پچھلے تین سال سے فتنہ خوارج اور فتنہ ہندوستان کی باتیں سن رہے ہیں۔ تین سال پہلے ہم ان کو warriors کہہ رہے تھے۔ تین سال پہلے ہم ان کو اپنا strategic asset کہہ رہے تھےاور اسی طرح یہ سلسلہ پچاس، ساٹھ سال کا ہے۔اب مجھے بتایا جائے آج کا فتنہ خوارج، فتنہ ہندوستان کل کاطالب،پرسوں کا مجاہد تھا یانہیں تھا؟ آج جس کو فتنہ ہندوستان بولا جاتا ہے اگر جن لوگوں نے اس ملک میں اس عمل کو درست صحیح قرار دیا ہے تاریخ میں کیا وہ ان عوام کے دشمن ہیں یانہیں؟

مجھے بڑے افسوس سے یہ بات کہنا پڑتی ہے کہ ہمارے پاکستان کے طاقتور کرسیوں پر بیٹھے لوگوں کے پاس اتنا اختیار ہے کہ پھر ہمارا نظریہ never matters۔ایک بندہ ہے کل بیٹھے تھےانہوں نے فیصلہ کیاکہ یہ ہمارے strategic assets ہیں۔ان کے ساتھ reconciliation کریں، چالیس ہزار دہشت گردوں کو لا کر پاکستان میں settle کریں،ایک سو دو دہشت گردوں کو جیل سے رہا کریں وہ ایک system تھا۔آج ایک نیا system آیا ہےجو ان دہشت گردوں کی موجودگی پر قوم پر بم برسا رہا ہے وہ ان دہشت گردوں کی موجودگی کی وجہ سےعلاقے خالی کرا رہا ہے۔

جناب ولا! سادہ سوال کہ جو دہشت گرد موجود ہے اگر ان کی موجودگی جرم ہےاور ان کی وجہ سے قوم تڑپ رہی ہے جس کا جواب ایک primary school کے شاگرد طالب علم کے پاس بھی ہوگا کہ جو انہیں لائیں ہیں۔ کیا وہ سزا کے مستحق ہیں یا نہیں؟کیسے سب کھلے گھوم رہے ہیں؟کیسے یہ سب ہو رہا ہے؟ اس ریاست میں آپ نے اپنے ملک اور آئین کے ساتھ مذاق کیا۔ اس ریاست نےاپنے مذہب کے ساتھ مذاق کیا۔ کیا وہ لوگ جو ایک غیر دینی عمل کو جہاد کے ساتھ جوڑے گئے؟کیا وہ لوگ اسلام کے دشمن ہیں یانہیں؟

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: ایمل صاحب آپ اس کو wind up کریں۔

سینیٹر ایمل ولی خان: جناب چیئرمین! جب سارا پاکستان یہ تو ہمارا۔۔۔

Mr. Presiding Officer: Aimal sahib, other speakers. Over ten minutes now.

سینیٹر ایمل ولی خان: جناب چیئرمین! میں زیادہ time نہیں لوں گا۔ جب سے میں آیا ہوں کوشش کر رہا ہوں کہ topic لگ جائے this is a very serious topic...

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: دوسرے بھی لوگ موجود ہیں۔

سینیٹر ایمل ولی خان: میں کوشش کروں گا کہ wind up کروں لیکن یہ رویے نہیں چلیں گے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: ہاں ٹھیک ہے۔

سینیٹر ایمل ولی خان: جناب چیئرمین! تاریخی طور پر ہمیں فیصلہ کرنا ہوگا کہ صرف دہشت گرد نہیں، اس دہشت گرد کا سہولت کار اگر وہ زندہ ہے یا نہیں ہے،اس کے خلاف کام ہونا چاہیے۔ جناب! آتے آتے ہم ہیں آپ کی پارٹی کی leadershipہمارےworkers نے قربانیاں دی ہیں۔ ہماری کوئی ذاتی دشمنی نہیں تھی۔ ہماری مذہب کی دشمنی نہیں تھی، ہماری دشمنی صرف امن اور وحشت کی تھی۔ امن کی طرف کھڑے ہو کر ہم ڈٹ کر کھڑے ہوئے۔ ہم نے اپنے اس ملک کا دفاع کیا۔ وہ الگ بات ہے کہ پھر ہمارے ساتھ جو ہوا۔ آج مشکل سے اس ریاست کے ساتھ لوگ کھڑے ہو رہے ہیں کیونکہ پھر ریاست کو بھی پتا ہے کہ آج کل وہ کیا حرکت کرتی ہے۔

Mr. Presiding Officer: Please my request to wind up.

سینیٹر ایمل ولی خان: جناب چیئرمین! میں wind up کر رہا ہوں۔ سب سے پہلے، اگر ہمیں مسائل حل کرنے ہوں تو ہم یہ نہیں کہہ سکتے کہ بس ایک بیان دے دیں گے۔ نہیں ,I am sorry to say sir ہمیں تمام sectors تمام تر سیاست دانوں کو وہ پارلیمان میں ہوں یا نہ ہوں۔ (جاری۔۔۔T-13)

T13-10Feb2026 Tariq/Ed: Shakeel. 05:10 pm

سینیٹر ایمل ولی خان۔۔۔(جاری)۔۔۔ہمیں تمام sectors کو، تمام تر سیاستدانوں کو، وہ پارلیمان میں ہوں یا نہ ہوں، تمام دینی لوگوں کو، ہر مذہب کے لوگوں کو کیونکہ میں سمجھتا ہوں کہ دہشت گردی کا اسلام کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے، دہشت گردی کا کسی مذہب کے ساتھ، کسی نظریاتی پارٹی کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے، دہشت گردی رنگ، مذہب اور قوم سے بالا ہے۔

ہم یہاں پر بھی مار کھاتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہم آپریشن کر رہے ہیں۔ بھائی آپریشن کیوں؟ آپ کے پاس ایک آئین ہے اور وہ آئین آپ سے، ہمارے سیکورٹی کے اداروں سے، ہمارے آئین کے رکھوالوں سے یہ demand کرتا ہے کہ سال کے 365 دن، چوبیس گھنٹے، ہر سیکنڈ آپ نے آئین پر عمل کرنا ہے، آپ نے اپنے عوام کو پرامن ماحول دینا ہے، ہمارے آئین میں ہم یہ حق رکھتے ہیں کہ ہمیں جینے کا حق ہو جو کہ ہماری قوم کو نہیں مل رہا ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: ایمل صاحب، براہ مہربانی آپ اسے wind-up کریں۔ You have crossed 13 minutes. Please.

سینیٹر ایمل ولی خان: جناب میں solution پر آتا ہوں۔ میں آپ سے صرف ایک منٹ لوں گا۔ تمام لوگوں کو بیٹھ کر بات کرنی ہو گی۔ ایسے نہیں جیسا کہ پہلے ہوئی کہ اس ملک کو ایک بہترین National Action Plan ملا لیکن اس کے بعد اسی regime نے اس National Action Plan کی دھجیاں اڑا دیں۔ جناب ہمیں once for all یہ فیصلہ کرنا ہو گا کہ یہ terrorism ہے یا یہ ہمارا strategic asset ہے۔ ہمیں once and for all اپنی تاریخ کو مد نظر رکھتے ہوئے یہ فیصلہ کرنا ہو گا کہ جن لوگوں کو اس غیر دینی کے عمل کو دین کا سہارا دیا ان کے خلاف کارروائی ہو۔ ابھی بھی جو بھی ہو، سرکاری ہو، غیر سرکاری ہو، سیاست دان ہو، میڈیا والا ہو جو بھی across the board ہو، جو extremism کا concept ہے جناب ہمیں اسے ختم کرنا ہو گا اور پھر ہمیں ایک پالیسی بنانی ہو گی۔ پھر قوم کو یہ اعتماد بھی ہونا چاہیے، ہم پختون اور بلوچ قوم کو پتا ہے کہ field میں کیا ہو رہا ہے تو قوم کو یہ اعتماد بھی ہونا چاہیے کہ پاکستان میں اب دہشت گردی کے لیے کوئی compromise نہیں ہو گا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ۔ جی سینیٹر جام سیف اللہ خان صاحب۔

**<u>Senator Jam Saifullah Khan</u>**

سینیٹر جام سیف اللہ خان: شکریہ، جناب چیئرمین! میں actually بات کرنا تو نہیں چاہ رہا تھا لیکن کچھ باتیں ہوئیں تو میں نے مناسب سمجھا کہ میں بھی بات کر لوں۔ جناب دوستوں نے جو باتیں کیں کہ past میں ایک confused policy رہی ہے۔ سب سے پہلے تو my heart goes out to all the innocent people who have died اور یہ جو confusion ہے جس کے بارے میں باقی دوستوں نے بھی کہا اور ایمل ولی صاحب نے بھی کہا کہ یہ بالکل یہ confusion past میں رہی ہے۔ ہماری چاہے political parties جو ہماری اس وقت main opposition ہے ان کی طرف سے یا ہماری پرانی establishment کی طرف سے لیکن past policies بہت controversial رہی ہیں اور میں سمجھتا ہوں کہ اس وقت جو حالات ہیں اس میں پرانی establishment کی جو پالیسیاں تھیں مثلاً good Taliban, bad Taliban, strategic assets یہ اس وقت بھی غلط پالیسیاں تھیں اور ہم لوگ اس وقت بھی اسے point out کرتے تھے اور اس کا یہ نتیجہ نکل رہا ہے جو آج ہم بھگت رہے ہیں۔

لیکن جناب چیئرمین! میں 37 سالوں سے سیاست میں ہوں، میں کم از کم اس وقت کی جو establishment ہے ان میں کافی clarity دیکھ رہا ہوں۔ وہ non-interference type policies چاہے افغانستان میں ہوں یا وہ بلوچستان میں ہوں اور ہمیں اس

بات کو بھی appreciate کرنا چاہیے کہ میں نے انہیں کافی مرتبہ سنا ہے کہ وہ کہتے ہیں کہ پہلے ہماری پالیسیاں غلط تھیں اور اس کے غلط نتیجے نکل رہے ہیں اور اس وقت جو حالات خراب ہیں وہ اسی کی وجہ سے ہیں۔

جناب چیئرمین! علامہ صاحب ہمارے Leader of the Opposition ہیں اور ماشاءاللہ بہت ہی پرانے سیاست دان ہیں۔ دیکھیں آپ Leader of the Opposition ہیں تو آپ کو بھی تھوڑا objectively and honestly سوچنا پڑے گا، یہاں کل ہمارے کچھ دوست تقاریر کر رہے تھے اور انہوں نے جب PTI کے سربراہ عمران خان کی پرانی پالیسیوں کے بارے میں جب انہوں نے تھوڑی بات کی تو یہ سارے 20-15 لوگ کھڑے ہو گئے، ان میں ہمارے پرانے وزیر مذہبی امور بھی فوراً کھڑے ہو گئے، یہاں سے یہ بات ہوئی تھی کہ پرانے وزیراعظم عمران خان صاحب جب Prime Minister تھے تب بھی اور جب Prime Minister نہیں تھے، جب PTI کی 2013 میں خیبر پختونخوا میں حکومت تھی تب سے ان کی پالیسی خاص طور پر TTP کے بارے میں بہت ہی confusing ہوتی تھی۔ وہ کبھی کہتے تھے کہ یہ ہمارے بھولے بھٹکے بھائی ہیں اور یہ ہماری بھائی ہیں، یہ ہماری جنگ نہیں ہے اور ان کے ساتھ باتیں ہونی چاہییں۔ آپ کو وہ بھی یاد ہو گا کہ اس وقت کی حکومت نے خیبر پختونخوا میں جو سب سے بڑا مدرسہ حقانیہ ہے اسے انہوں نے تین مرتبہ تیس تیس کروڑ روپے دیے تھے اور اس مدرسے کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ وہ مدرسہ طالبان کی Oxford University ہے۔ اس وقت جو سارے militant طالبان rule کر رہے ہیں ان سب نے وہاں سے تعلیم حاصل کی ہے تو کم از کم جب تک ہم لوگ یہ چیزیں نہیں مانیں گے۔

یہاں پر افنان اللہ صاحب نے بات کی کہ انہوں نے سو سے زیادہ لوگوں کو release کیا اور ان میں سزائے موت کے مجرم بھی تھے جن کو انہوں نے release کیا۔ ہزاروں کے قریب جو لوگ بسائے ہیں تو میں ایمل ولی صاحب کی اس بات سے اتفاق کرتا ہوں کہ یہ جن لوگوں کو بھی لائے تھے چاہے ان میں اس وقت کے Prime Minister تھے، یا آرمی چیف یا ISI Chief تھے سب کو accountable کرنا چاہیے۔ اس وقت جو حالات ہیں تو میں سمجھتا ہوں کہ وہ anti-State policy اگر انہیں لائے ہیں تو آپ اس کی انکوائری کریں اگر کوئی بھی ہے تو آپ اس کے خلاف action لیں۔ آپ کو پتا ہو گا کہ عمران خان صاحب نے تقریباً دس مرتبہ کہا کہ ہمارے پاس اور کیا راستہ ہے، ہمیں انہیں لانا پڑے گا اور آپ کو پتا ہے کہ جب یہ ان سے باتیں کر رہے تھے اور لوگ یہ بھول جاتے ہیں کہ سپریم کورٹ نے سوموٹو ایکشن لیا تھا۔ جب یہ باتیں ہوئی تھیں کہ یہ ان کے ساتھ کوئی agreement کر رہے ہیں تو اس وقت جسٹس گلزار تھے اور انہوں نے اس وقت کے وزیراعظم کو سپریم کورٹ میں بلایا تھا کہ آپ ہمیں clarify کریں کہ آپ ان کے ساتھ باتیں کر رہے ہیں یا نہیں کر رہے ہیں۔ اس وقت APS کے لوگوں

نے احتجاج کیا تھا کہ ,how can you talk to the people who have killed our children میرے خیال میں یہ وزیراعظم کے جانے سے مہینہ پہلے کی بات ہے۔ کم از کم جب تک ہم اپنی پرانی غلطیاں نہیں مانیں گے اور یہی confusion پیدا کرتے رہیں گے تو اس طرح سے تو مسئلہ حل نہیں ہو گا۔ ہمیں اپنی پرانی غلطیوں کو ماننا چاہیے اور پھر آگے چل کر جو step اٹھاتے ہیں تو اس بابت آگے بڑھنا چاہیے۔ ہم سمجھتے ہیں کہ PTI ایک بہت بڑی جماعت ہے اور میں honestly سمجھتا ہوں کہ ان کے لیڈر جو اس وقت جیل میں ہیں وہ ایک اچھی چیز نہیں ہے، ان کو باہر ہونا چاہیے، انہیں اپنی سیاست کرنی چاہیے لیکن خدارا کبھی کبھی ان کے بھی جو اتنے erratic فیصلے ہوتے ہیں کم از کم جماعت کے لوگ انہیں یہ تو سمجھائیں کہ اسمبلیاں توڑنا اور destructive policies, state کو take-on کرنا، Army installations پر حملے کرنا یہ counter productive ہو گا، وہ بھی اپنے پاؤں پر کلہاڑا مارنے والے ہیں تو جناب یہ تمام چیزیں سوچ کر اور باقی چیزیں بھلا کر تمام لوگوں کو اکٹھے بیٹھنا چاہیے، چاہے وہ بلوچستان ہو یا خیبر پختونخوا ہو اور یہ کوئی مشکل مسئلہ نہیں ہے، اگر ہم سب میں unity ہوئی، ساری جماعتوں میں unity ہوئی جیسے APS کے بعد تمام لوگوں میں unity تھی اور اس وقت کی عمران خان کی حکومت کو بھی میں appreciate کرتا ہوں کیونکہ اس واقعہ کے بعد انہوں نے بھی پورا ساتھ دیا تھا لیکن ان کی طرف سے آپ کے ساتھ جو ایک قسم کا nexus جوڑا جاتا ہے اس بابت PTI کو چاہیے کہ وہ اسے clarify کرے۔ یہ ہمیشہ باتیں کرتے ہیں کہ نہیں یہ collateral damage ہے، افغانستان پر آپ بنا پوچھے الزام لگاتے ہیں تو آپ confusion کو اور آگے بڑھاتے ہیں، میں نے صرف یہ گزارشات کرنی تھیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ جام صاحب۔ جی کامل علی آغا صاحب۔ نہیں Leader of the Opposition، میں یہ ختم کر لوں پھر آپ بول لیجیے گا، براہ مہربانی جناب۔ بس جناب last speaker رہ گیا ہے وہ کر کے آپ بول لیجیے گا۔ جناب اس طرح پھر disruption ہو گی۔ جی بول لیں۔

سینیٹر راجہ ناصر عباس: جناب دونوں ایوانوں کا in camera session ہونا چاہیے، اس دور کے آرمی چیف کو، اس دور کے D.G.(I) کو بلائیں اور باقی لوگوں کو بلائیں اور دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی کریں۔ (جاری۔۔۔T-14)

T14-10Feb2026 Mariam Arshad/Ed:Waqas 05:20 p.m.

سینیٹر راجہ ناصر عباس: (جاری۔۔۔) دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی کریں۔ میری گزارش ہے کہ آپ اس ایوان کو کل ان سے بھی بات ہوئی تھی دونوں ایوانوں کا اجلاس بلائیں اور اس مسئلے پر بات کریں تاکہ جو ایک دوسرے کے بارے میں باتیں ہو رہی ہیں پھر آئندہ نہ ہو سکیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی کامل علی آغا صاحب۔

**Senator Kamil Ali Agha**

سینیٹر کامل علی آغا: جناب پریذائیڈنگ آفیسر! بہت شکریہ۔ آپ کی ہدایت کے مطابق مختصر بات کروں گا کیونکہ۔۔۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: میری request ہو سکتی ہے ہدایت تو نہیں ہو سکتی۔

سینیٹر کامل علی آغا: یہ بات اتنی غم اور اندہ ناک دکھ کی ہے کہ جس کا تصور نہیں کیا جا سکتا اور خوش آئند بات یہ ہے کہ تمام طبقہ فکر کے لوگ پاکستان کے اندر اور تمام جماعتیں اس ہاؤس کے اندر جتنی اب تک بات ہوئی ہے وہ دہشت گردی کے خلاف یکجان نظر آتے ہیں۔ اللہ کرے کہ کم از کم یہ جو دہشت گردی کے خلاف موقف ہے وہ اس طریقے اور اس طرز سے آگے بڑھے کہ تمام لوگ بیٹھیں اور بیٹھ کر کوئی ایسا لائحہ عمل تیار کریں جیسے National Action Programme تھا۔ اس میں بھی میرے خیال سے کچھ عمل درآمد میں زیادہ ہی ناکامی ہوئی ہے، سچ بولنا چاہیے۔ جس حد تک ہوا ہے وہ خوش آئند ہے لیکن اس کو من و عن جس یقین کے ساتھ بنایا گیا تھا،اسی طریقے سے مل بیٹھ کر اس کے اوپر عمل ہونا چاہیے تھا۔ اب بھی وقت ہے کہ فضا بھی ایسی بنی ہوئی ہے کہ سارے لوگ بیٹھے ہیں اور وزیراعظم initiative لیں اس کے اوپر اور بیٹھ کر اسی National Action Programme کو سامنے رکھ کر اس کی کمیوں، کوتاہیوں پر غور کریں۔ اس کو ایک نئے سرے سے مرتب کریں اور میں سمجھتا ہوں کہ یہ وقت ہے کہ اگر ہم اس کے اوپر عمل درآمد کر لیں کیونکہ یہ جتنی چیزیں ہو رہی ہیں۔ بڑے بڑے سانحات ہو رہے ہیں اس کے پیچھے مجھے تو کراچی والے معاملے کے اوپر بھی دل سے تسلی نہیں ہے مجھے تو بار بار لگتا ہے کہ اس کے اندر بھی دہشت گردی ہے۔ جو building تین ایکڑ کے اوپر تھی اس میں منٹوں کے اندر چاروں اعتراف سے آگ لگ گئی اور کسی کو باہر نکلنے کا موقع بھی نہیں ملا۔ یہ ساری چیزیں شبہ تو ظاہر کرتی ہیں اور اگر ایسی بات نہیں بھی ہے تو ہمیں کوئی action تو ایسا تجویز کرنا چاہیے کہ اس قسم کے سانحات کا بھی مقابلہ کیا جا سکے۔ جتنی جلدی سے وہ آگ پھیلی ہے اتنی جلدی سے اس کے اوپر قابو بھی پایا جا سکتا تھا۔ دنیا میں ہوتا

ہے اور پھر یہ دیکھیں کہ تواتر کے ساتھ پچھلے ایک ہفتے سے روز ایک خبر آتی ہے کہ کسی نہ کسی شہر میں ایک بڑی آگ لگ رہی ہے اور تباہی مچ رہی ہے۔

میں اپنی بات کو مختصر کرتے ہوئے ایک بات ضرور کروں گا سردار اولیس میرے چھوٹے بھائی ہیں وہ تشریف فرما ہیں، تھوڑی نیند بھی آئی ہوئی ہے میں ان کی نیند بھی تھوڑی کھولنا چاہتا ہوں۔ میری گزارش یہ ہے کہ ایک [***][1]تو[***] کر رہے ہیں اور ایک [***] حکومت کی طرف سے افسوس ناک طریقے سے ہو رہی ہے۔آج دیکھیں کتنی بڑی خبر ہےاور اتنی بڑی خبر ہے کہ roof top solar system تھا ہم اس کے خاتمے کی طرف جا رہے ہیں۔آج سے دس سال پہلے اس کی تعریفیں کر رہے تھے اور عوام نے اتنا ساتھ دیا کہ آج roof top چار ڈیموں جتنی بجلی پیدا کر رہی ہے اور پوری دنیا میں بڑی کامیابی سے چل رہاہے۔ آپ Brazil میں دیکھیں کس کامیابی سے وہ اس کو چلا رہے ہیں اور چل رہا ہے۔ Germany میں دیکھیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: اس subject کو ابھی I think اس پر کبھی اور وقت debate کر لیں گے۔

سینیٹر کامل علی آغا: جناب پریذائیڈنگ آفیسر ! نہیں نہیں، آج اس پر بات کرنے دیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: اس پر آج Motion218 لگی ہوئی ہے، agenda پر لگی ہوئی ہے۔

سینیٹر کامل علی آغا: میں نے دیکھ لیا ہے جو لگی ہوئی ہے۔ میری گزارش یہ ہے کہ آج ایک قدم اٹھایا ہے، غلط قدم اٹھایا ہے تو اس کے اوپر کم از کم ہمیں بتایا جائے، کسی نے 15 لاکھ لگایا، کسی نے 10 لاکھ لگایا ہوا ہے وہ اپنی بجلی پیدا کر رہا ہے۔ آپ پہلے 28 روپے کی خرید رہے تھے پھر 22 روپے کی خرید رہے تھے پھر آج آپ نے اعلان کر دیا ہم 11 خریدیں گے اور پھر جو ایک frame work بنایا ہوا تھا کہ اتنی بجلی پیدا کرے گا۔ وہ سارا کچھ ختم کر دیا یہ تباہی مچا رہے ہیں، لوگوں کو ذبح کر رہے ہیں۔ ایک تو شہادتیں یہاں ہو رہی ہیں اور دوسری شہادتیں گلی کوچوں میں شروع ہو جائیں گی۔ لوگ خودکشیاں کریں گے، یہ سارے وہ لوگ ہیں جن کے پاس بل دینے کی توفیق نہیں ہے۔ ان کو آپ ذبح کر رہے ہیں، کیوں؟ صرف ایک بات نظر آرہی ہے مجھے بھی اب یقین ہو گیا ہے کہ IPPs کو انہوں نے زندہ رکھنے کے لیے لوگوں کو ذبح کرنا شروع کر دیا ہے کیونکہ IPPs کے اندر ان کے اپنے western interest ہیں۔ Western interest ہیں اس لیے تو ڈالر میں payment ہوتی ہے، اس لیے تو capacity

[1] [Words expunged as ordered by the Chair]

paymentہوتی ہے۔ یہ ساری چیزیں بتا رہی ہیں کہ خدا کے لیے ایسا نہ کریں یہ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کے نعرے کے اوپر بنا ہوا ملک ہے۔ اس کے لوگوں کے ساتھ یہ ظلم اور زیادتی اللہ پاک برداشت نہیں کرے گا اور آپ کے اوپر مزید عذاب نازل ہوں گے اگر یہ طرز عمل جاری رہا۔ شکریہ جی۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ۔Last speech۔جی ندیم بھٹو۔Last, lastایک منٹ یہ ختم کر لیں we are starting the agenda.آپ آگے جواب دے دیجیے گا۔ جی بولیں۔

**Sardar Awais Ahmad Khan Leghari (Minister for Power)**

سردار اویس احمد خان لغاری: جناب پریذائیڈنگ آفیسر! میری عرض یہ ہے I am not discussing this issue, I would like to request you.

Mr. Presiding Officer: Let me close the speeches. We are coming on the agenda.

Mr. Awais Ahmad Khan Leghari: Mr. Presiding Officer! All I am asking is for you to kindly consider expunging the words [2][***] For something that the regulator has done as part of changing the regulations and he has done it in a proper manner. How can you call it[***]?

اس کوexpungeکریں۔

Mr. Presiding Officer: Mr. Awais Leghari I will expunge it. Senator Nadeem Ahmed Bhutto.

**Senator Nadeem Ahmed Butto**

سینیٹر ندیم احمد بھٹو: جناب پریذائیڈنگ آفیسر! میں کوشش کروں گا کہ مختصر ترین بات کروں اور agendaپر ہی رہوں چونکہ یہاں پر بڑی تفصیل کے ساتھ بات ہوئی ہے۔ میں کوئی بات repeatنہیں کروں گا، مختصر بات کروں گا کہ اسلام آباد میں پیش آنے والے حالیہ سانحہ کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے۔ہم اس دکھ کی گھڑی میں متاثرین کے ساتھ کھڑے ہیں اور ان کے غم میں برابر

[2] [Words expunged as ordered by the Chair]

کے شریک ہیں۔ یہ وقت الزام تراشی کا نہیں ہے بلکہ اتحاد اور اتفاق کا ہے۔ مجھے افسوس سے یہ کہنا پڑ رہا ہے کہ آج دوسرا دن ہے یہاں پر جتنی تقاریر ہوئیں point scoring کے لیے ہوئیں۔ اس میں ایک لمحے کے لیے بھی اس ایوان میں اس طرح کا ماحول نہیں بن سکا جس میں اس سانحہ پر یا دہشت گردی کے خلاف جو پاکستان کی جنگ ہے۔ اس میں یہ جو ہاؤس ہے ایک لمحے کے لیے بھی اس پر کوئی۔۔۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر! میں توجہ چاہوں گا ایک لمحے کے لیے بھی اس میں کوئی اتحاد اور اتفاق نظر نہیں آیا، ہونا تو یہ چاہیے کہ جتنے سانحات ہو چکے ہیں ان کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے لیکن مستقبل میں اس طرح کے سانحات نہ ہوں اس کے لیے دوستوں نے بہت کم بات کی ہے۔ میں صرف اتنی عرض کروں گا کہ مستقبل میں اس طرح کے سانحات سے بچنے کے لیے، دہشت گردی سے بچنے کے لیے اگر ایک اور National Action Plan کی ضرورت ہے تو مہربانی کر کے ایک اور National Action Plan بنایا جائے تاکہ جو ہماری آنے والی نسلیں ہیں ان کو اس دہشت گردی سے نجات ملے۔ اس ملک میں کوئی مسجد، کوئی مندر، کوئی چرچ، کوئی عبادت گاہ، کوئی شاپنگ سینٹر، کوئی جگہ محفوظ نہیں ہے جو دہشت گردی کا نشانہ نہ بنی ہو۔ ہماری لیڈرشپ اس دہشت گردی کا شکار ہوئی تو اس دہشت گردی کا کوئی دین، کوئی مذہب نہیں ہوتا اور جو خون بہائے چاہے وہ خون کسی شیعہ بھائی مسلمان کا ہو، سنی کا ہو، کسی کرسچن کا ہو، کسی ہندو کا ہو، وہ اتنا ہی قابل احترام ہے، اتنا ہی مقدم اور مقدس ہے جتنا ایک عام مسلمان ہے۔ میں ایک پوائنٹ پر اپنی بات کو ختم کروں گا کہ آنے والے وقتوں میں۔ (جاری۔۔۔T15)

**T15-10Feb2026 FAZAL/ED: Waqas 05:30 pm**

سینیٹر ندیم احمد بھٹو: (جاری ہے۔۔۔۔) کہ آنے والے وقتوں میں دہشت گردی سے کیسے مقابلہ کیا جائے۔ اس کے لیے کوئی اگر کسی نئے نیشنل ایکشن پلان کی ضرورت ہے تو اس پر غور کیا جانا چاہیے۔ شکریہ۔

Mr. Presiding Officer: Now we start the agenda.

علی ظفر صاحب! ایک request آئی ہے کہ جو Bills introduce ہونے ہیں، وہ اگر ہم پہلے کر لیں۔ پھر آپ اپنا move کر دیجیئے گا۔ نہیں، نہیں۔ I know, but let us introduce the Bills and we'll come back to you.

جی، ندیم بھٹو صاحب اپنا Bill introduce کریں۔ Agenda No. 10.

**Introduction of [The City University Islamabad Bill, 2026]**

Senator Nadeem Ahmed Bhutto: Sir, I, Senator Nadeem Ahmed Bhutto, move for leave to introduce a Bill to provide for the establishment of the City University Islamabad, [The City University Islamabad Bill, 2026].

Mr. Presiding Officer: Is it opposed?

*(Interruption)*

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: لیکن یہ HEC کے لیے نہیں ہے۔ یہ تو وہ ایک Bill introduce کر رہے ہیں

which will go to the Committee. I know that, I know that.

مگر یہ تو کمیٹی کو refer ہو رہا ہے۔ آپ تو HEC سے متعلق سوال کر رہے ہیں۔ اس کو کمیٹی میں refer ہونے دیں۔

You can discuss in the Committee.

سینیٹر محمد اعظم خان سواتی: کمیٹی کا تو میں ممبر نہیں ہوں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ کو کمیٹی میں بلا لیں گے۔ آپ وہاں پر بولیں۔ نہیں نہیں، کوئی ایسا issue نہیں ہے۔

جناب عقیل ملک (وزیر مملکت برائے قانون و انصاف) یہ ہاؤس اور نیشنل اسمبلی بھی کسی بھی ممبر پر قدغن نہیں لگاتی کہ آپ کمیٹی میں نہیں جا سکتے۔ اس کو کمیٹی کو refer کریں۔ یہ کمیٹی میں جائے گا۔ Thank you.

Mr. Presiding Officer: I now put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Presiding Officer: The motion is carried. Order No. 11, Senator Nadeem Bhutto.

Senator Nadeem Ahmed Bhutto: I, Senator Nadeem Ahmed Bhutto, introduce the Bill to provide for the establishment of the City University Islamabad, [The City University Islamabad Bill, 2026].

Mr. Presiding Officer: The Bill as introduced stands referred to the Standing Committee concerned. Order No. 12, Senator Anusha Rahman.

## Introduction of [The Securities and Exchange Commission of Pakistan (Amendment) Bill, 2026]

Senator Anusha Rahman Ahmed Khan: I, Senator Anusha Rahman Ahmed Khan, rise to move for leave to introduce a bill further to amend the Securities and Exchange Commission of Pakistan Act, 1997, [The Securities and Exchange Commission of Pakistan (Amendment) Bill, 2026].

Mr. Presiding Officer: Is it opposed?

سینیٹر انوشہ رحمان احمد خان: میں صرف یہ چاہوں گی کہ before I go further ایک دو چیزیں اس حوالے سے بتا دوں کہ why I am moving this Bill.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی، بتائیں۔

سینیٹر انوشہ رحمان احمد خان: جناب چیئرمین! ابھی recently PAC میں ایک issue آیا تھا جس میں Securities and Exchange Commission of Pakistan کو ایک complaint پر کیا گیا تھا کہ SECP کے جو ممبرز ہیں انہوں نے 18 مہینے retrospective effect سے اپنی تنخواہیں بڑھوا لیں۔ PAC نے جب اس Item کو discuss کرنا تھا تو اس دن وہ میٹنگ نہیں ہوئی کیونکہ PTI کے ممبران جو کہ Chair کرتے ہیں، they decided not to hold the meeting. یہ issue جب اخباروں میں آیا تو ہم نے اس کو آپ کی فنانس کمیٹی میں raise کیا اور SECP نے آ کر اس کے اوپر ہمیں کوئی بھی comfort نہیں دلا سکے اور SECP کے لاء کو پڑھنے کے بعد پتہ یہ چلا کہ SECP ایک regulator ہے۔ پاکستان میں 19 regulators ہیں اور 19 میں سے دو regulators ایسے ہیں جو اپنی من مانیاں کرتے ہیں اور یہ من مانی independence کے نام پر کرتے ہیں۔ SECP ایک unique regulator اس طرح سے بن گیا ہے کہ ویسے تو تمام regulators paid executives پر مشتمل ہیں۔ SECP ایک واحد regulator ہے جس میں کمشنرز تو definitely paid ہیں لیکن جو پالیسی بورڈ ہے وہ with the majority private sector run کر رہا ہے اور جو private

sector run کر رہا ہے، وہ کبھی بھی ایسا نہیں ہوا کہ regulatory authorities کو private sector چلا رہا ہو، خاص طور پر in the case of SECP کہ جن کمپنیوں کو regulate کرنا ہے وہی کمپنیاں خود وہاں بورڈ میں بیٹھی ہوں۔

Mr. Presiding Officer: We know this issue.

سینیٹر انوشہ رحمان احمد خان: میں صرف یہ چاہ رہی تھی کہ تھوڑا سا ہاؤس کو onboard لے لوں کہ چھ ممبران جو private sector کے ہیں SECP Board پر موجود ہیں، اور اتفاق سے چھ کے چھ کراچی سے تعلق رکھتے ہیں۔ SECP بورڈ کے قانون میں یہ لکھا ہے کہ یہی ممبران Policy Board میں، جہاں majority private sector کی ہے، نہ صرف تنخواہوں کا تعین کریں گے بلکہ financial autonomy کے نام پر فنڈز کا اختیار بھی انہی کے پاس ہوگا۔ So there is a need to correct that. ریگولیٹری بورڈ کے اندر public sector کی نہ صرف نمائندگی ہونی چاہیے بلکہ اکثریت ہونی چاہیے۔ میں نے تجویز کیا ہے کہ ایک ممبر سینیٹ اور ایک ممبر نیشنل اسمبلی کو بھی شامل کیا جائے تاکہ مؤثر oversight role یقینی بنایا جاسکے۔

جناب چیئرمین! دوسری بات یہ ہے کہ میں ہاؤس کو یہ بھی بتانا چاہتی ہوں کہ سب سے بڑا مسئلہ ہمیں taxation کے وقت یہ پیش آتا ہے کہ مختلف سرکاری ادارے اپنے الگ bank accounts کھول کر فنڈز وہاں park کر دیتے ہیں یا پھر bonds and shares میں انویسٹ کر دیتے ہیں۔ SECP کے پاس بھی ایک بڑا فنڈ موجود ہے جو انہی کے پاس رہتا ہے۔ وہ اسی میں سے اپنے اخراجات پورے کرتے ہیں اور جو residual amount بچتا ہے وہ شاید جمع کرا دیتے ہوں، مگر وہ کتنا ہے ہمیں معلوم نہیں۔ ہم یہ ضرور جانتے ہیں کہ 15 کروڑ روپے چار افراد کی additional salaries and emoluments کی مد میں ادا کیے جا چکے ہیں، جو 18 مہینے کے retrospective effect سے دیے گئے۔ مزید یہ کہ 12 دسمبر کی ریٹائرمنٹ سے پہلے 10 دسمبر کو ایک special meeting بلا کر مزید perks لینے کی کوشش کی گئی، مگر آپ کے دباؤ کی وجہ سے it didn't get through.

So now my request to the House also is that not just the SECP law but the State Bank law also needs to be seen.

ہم نہیں چاہتے کہ conflict of interest کی صورتحال پیدا ہو، جہاں private sectorخود ہی regulate بھی کرے اور فائدہ بھی اٹھائے۔ اگر private sector representation رکھنی ہی ہے تو پورے پاکستان کی نمائندگی ہونی چاہیے، چاروں صوبوں سے ایک ایک ممبر لیا جائے۔

دوسرا یہ نہیں ہونا چاہیے مثال کے طور پر ایک رکن وہاں تشریف رکھتی ہیں، ان کا تعلق آغا خان فاؤنڈیشن سے ہے جو اصل میں حبیب بینک کی ملکیت ہے اور پھر حبیب بینک کو regulateہونا ہے لیکن وہ بورڈ کی رکن ہیں تو انہوں نے کسی کو کیا regulate کرنا ہے؟

So this is now, this is my whole paradigm in which I am......

Mr. Presiding Officer: Let me now put the motion to the House. Yes, Ali Zafar Sahib.

سینیٹر سید علی ظفر: جناب چیئرمین! میں صرف یہ کہنا چاہتا ہوں کہ

my Honourable Senator should know that the worldwide SECP regulations and the law, the private sector is the one that control these organizations.

Mr. Presiding Officer: Anyway, that will be discussed further in the Committee.

Senator Syed Ali Zafar: So their conception, the government's only aim is to control everything. Wherever they see money, they want to control it.

اس لیے NEPRA جس طرح کر رہی ہے، یہ بھی ہم تفصیل سے discuss کریں گے۔ یہ بھی NEPRA کا ہی کنٹرول ان کے پاس گیا ہے، تو یہ کچھ اور ہے۔

Mr. Presiding Officer: I now put the motion to the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Presiding Officer: The motion is carried. Order No. 13.

سینیٹر انوشہ رحمان احمد خان: میں یہ کہنا چاہتی ہوں کہ جو ابھی بات انہوں نے فرمائی۔ دنیا کے practices adopt کرنے سے پہلے ہمیں اپنے کلچر کو دیکھنا چاہیے اور جب abuse کا اندیشہ شروع ہو جائے تو corrective measures لینا بھی ہمارا کام ہے۔ ہم اس پر بحث کریں گے۔

So I, Senator Anusha Rahman Ahmad Khan, rise introduce the bill further to amend the Securities and Exchange Commission of Pakistan Act 1997, [The Securities and Exchange Commission of Pakistan (Amendment) Bill, 2026].

Mr. Presiding Officer: The Bill as introduced stands referred to the Standing Committee concerned. Next Order No. 14. Senator Qurratulain Marri, Zamir Hussain Ghumro and Ashraf Ali Jatoi.

جی، move کریں۔ سینیٹر انوشہ! مجھے چلنے دیں۔ I have so much to finish. اس کو پیش کرنے دیں۔

(مداخلت)

Mr. Presiding Officer: Do you want me to defer all the Bills that have come? No, what do you want me to do?

نہیں، آپ بتائیں کہ اب یہاں نیشنل اسمبلی میں کون بیٹھا ہے جس سے میں جواب مانگوں؟ سیکرٹری صاحب! پھر یہ ہے کہ please write a letter to the National Assembly that we can't take your Bills or we can't entertain the Bills which are passed by the National Assembly if Senate Bills are not taken up in the National Assembly. So these Bills, do you want me to take up or not? Senator Sherry Rehman, please decide.

سینیٹر شیری رحمان: دیکھیں، ان کی باتوں میں ضرور وزن ہے۔ (جاری ہے۔۔۔۔T16)

**T16-10Feb2026 Rafaqat Waheed/Ed: Irum 5:40 pm**

سینیٹر شیری رحمان: دیکھیں، ان کی باتوں میں ضرور وزن ہے، اگر ان کو بتایا گیا ہے کہ they are not going to be taken up, I am very surprised.

Mr. Presiding Officer: Notices have been submitted but they are not being put on the agenda.

Senator Sherry Rehman: Has any one asked the Speaker?

Mr. Presiding Officer: I don't know. She is telling me right now.

جناب عقیل ملک: معزز رکن کی باہر گفتگو ہوئی تھی اور ان کو بالکل اس چیز کا بتایا گیا ہے کہ this will be taken up with the Speaker and this will be ensured کہ آپ کے بل لیے جائیں گے۔ ہم بالکل اس چیز کو بالکل serious لے رہے ہیں؟

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آج آپ کیا چاہتے ہیں؟ کیا میں ان کو defer کر دوں جب تک کہ آپ reply دیں۔

جناب عقیل ملک: چیئرمین صاحب! ہم نے آج ان کو بتایا ہے۔ بزنس ایڈوائزری کمیٹی میں یہ تمام تر چیزیں discuss ہوتی ہیں۔ سینیٹر صاحبہ کو بھی اس سارے معاملے کی اطلاع ہوتی ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: لیکن ان کو اس کی اطلاع نہیں ہے کہ قومی اسمبلی ہمارے bills, take up نہیں کرتی۔

جناب عقیل ملک: دیکھیں، کئی تو joint sitting میں take up ہو جاتے ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: نہیں نہیں۔ وہ الگ چیز ہے۔ Joint sitting کا اس سے کوئی تعلق نہیں ہے۔

جناب عقیل ملک: وہ bills بالکل take up ہو جائیں گے۔ اس میں کوئی ایسی بات نہیں ہے۔

سینیٹر انوشہ رحمان احمد خان: ہمارے bills جب تک نہیں آئے، ان کے bills ہم نہیں کریں گے۔

Mr. Presiding Officer: Sherry, I can defer them.

سینیٹر شیری رحمان: میری گزارش یہ ہے کہ قومی اسمبلی کا سال پورا ہونے والا ہے۔ آپ لوگ تھوڑا سوچیں، قومی اسمبلی کے ہاؤس کو ابھی پورا سال ہونے والا ہے۔ ہمارا 11 تاریخ کو ہو جائے گا۔ ہمارے جمعہ کے بعد completion کے لیے 9 اور دن رہیں گے۔ We will have to come back again. کل اسپیکر شاید کسی دورے پر جانے والے ہیں۔ یہ بات direct اسپیکر سے کر لی جائے۔ منسٹر صاحب respond کریں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: پھر ان bills کو Friday کو لے لیں۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: نہیں Friday نہیں۔ ہم کل کام کریں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: تارڑ صاحب! یہ کوئی اور ایشو چل رہا ہے۔ یہ bills قومی اسمبلی سے آئے ہوئے ہیں جن کو سینیٹرز object کررہے ہیں کہ ان کے bills نوٹس دینے کے باوجود قومی اسمبلی میں نہیں لگ رہے۔ They are unhappy about this and they don't want کہ قومی اسمبلی کے bills pass ہوں۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: وہ نجی اراکین کے bills ہیں، ان کو ہم take up کرلیں گے، آپ ان کو بالکل نہ لیں۔ میری تو صرف یہ عرضداشت تھی کہ جو کوئی حکومت کا ایجنڈا ہے۔۔۔۔۔۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: نہیں یہ حکومت کا نہیں ہے۔ یہ تو وہاں سے bills آئے ہیں۔ آپ اس کا solution دیں۔

Senator Azam Nazeer Tarar: Solution is this that we will take it up with honourable Speaker.

وہ بہت friendly آدمی ہیں، سب کی بات سنتے ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: لیکن ابھی تک تو نہیں ہو رہا۔ That is why this issue has come up.

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: کل محترمہ نے کہا تھا کہ یہ ایک ایشو ہے۔ سچی بات ہے کہ وہاں پر بھی ان کا Private Members Day دو مرتبہ postpone ہوا ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: نہیں، وہ ایجنڈا پر ہی نہیں لگ رہے۔ They are not coming on the agenda. یہاں postponement کی تو بات ہی نہیں ہے۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: کرتے ہیں۔ میں اس کو take up کرتا ہوں۔

Mr. Presiding Officer: Should we defer these bills now?

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: کردیں جناب۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جمعہ تک ان کو defer کر دیتے ہیں۔ آپ تب تک جواب لے آئیں۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: اگلی میٹنگ تک کر دیں، کوئی urgency نہیں ہے۔ Friday کو تو private members day نہیں ہوگا۔ اسے next day تک کر دیں، جو بھی بزنس کا دن ہوگا۔

Mr. Presiding Officer: Items from 14 to 19, i.e. Private Members' bills received from the National Assembly, are deferred till next Private Members' Day.

**Consideration and passage of [The Islamabad Capital Territory (Prohibition of Plastic Book Coves) Bill, 2025]**

Mr. Presiding Officer: Now, we take up the Bills reported by the Standing Committees. Senator Sherry Rehman may move Order No.20.

Senator Sherry Rehman: I hereby move that the Bill to prohibit the use of plastic covers on books sold in the Islamabad Capital Territory [The Islamabad Capital Territory (Prohibition of Plastic Book Covers) Bill, 2025], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

Mr. Presiding Officer: Is it opposed?

جناب عقیل ملک: جناب! ہم اسے oppose نہیں کر رہے۔ اس بل کو منظور کیا جائے۔ سینیٹر صاحبہ کی ہمیشہ ایک بہت اچھی ماحول دوست legislation رہی ہے۔

Mr. Presiding Officer: I now put the motion to the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Presiding Officer: Now, we take second reading of the Bill. There is no amendment in Clause 2 to 6, so, I will put these Clauses before the House as one question. The question is that Clauses 2 to 6 do form part of the Bill?

*(The motion was carried)*

Mr. Presiding Officer: Clauses 2 to 6 stand part of the Bill. Now, we take up Clause 1, the Preamble and the Title of the Bill. The question is that Clause 1, the Preamble and the Title do stand part of the Bill?

*(The motion was carried)*

Mr. Presiding Officer: Clause 1, the Preamble and the Title, stand part of the Bill. Now, we take up Order No.21 which stands in the name of Senator Sherry Rehman.

Senator Sherry Rehman: I hereby move that the Bill to prohibit the use of plastic covers on books sold in the Islamabad Capital Territory [The Islamabad Capital Territory (Prohibition of Plastic Book Covers) Bill, 2025], be passed.

Mr. Presiding Officer: I now put the motion to the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Presiding Officer: The Bill stands passed. We take up Order No.22 which stands in the name of Senator Samina Mumtaz Zehri.

**Consideration and passage of [The Criminal Laws (Amendment) Bill, 2023]**

Senator Samina Mumtaz Zehri: I move that the Bill further to amend the Pakistan Penal Code, 1860 and the Code of Criminal Procedure, 1898 [The Criminal Laws (Amendment) Bill, 2023] (Insertion of new section 376B in PPC and subsequent amendment in Schedule-II of Cr.PC), as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

Mr. Presiding Officer: Is it opposed?

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: اسے وزارت داخلہ نے oppose کیا ہے۔ کیا یہ وہی بل ہے جو کہ میڈیکل پروفیشنلز کو penalize کرنے والا تھا؟ تھوڑا explain کر دیں۔

Senator Samina Mumtaz Zehri: This amendment is vital because this ensures the rape victim receives immediate, free and humane medical treatment without fear of refusal or exploitation by criminalizing negligence by hospital authorities. It protects the survivors at the most vulnerable moment, preserves crucial forensic evidence needed to secure convictions.

ان کو جو اعتراض تھا، وہ کمیٹی کے اندر clear ہو گیا تھا۔ The objection was that the private hospital should not be included in this. یہ بل کمیٹی سے پاس ہو کر آیا ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: ٹھیک ہے، clear ہو گیا تھا۔ تارڑ صاحب! چلنے دیں، کیا ہے؟

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: میں صرف ایک عرض کروں۔ مجھے سینیٹر صاحبہ کا بہت احترام ہے، یہ بڑی constructive اور اچھی چیزیں لے کر آتی ہیں لیکن چونکہ criminal laws کے حوالے سے line ministry, Interior ہے اور یہ قوانین پورے ملک میں نافذ ہونے ہوتے ہیں، صرف اسلام آباد capital territory میں نہیں۔ اس میں ہم stakeholders consultation کرتے ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: لیکن یہ تو کمیٹی سے آیا ہے۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب! میں عرض کر رہا ہوں۔ صوبوں سے باقاعدہ consent لی جاتی ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ کیا چاہتے ہیں؟

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: میں یہ کہتا ہوں کہ انہوں نے لکھ کر بھیجا ہوا ہے کہ اس سے پہلے ہمیں سن لیا جائے۔

سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری: جناب! میں نے amendment, 2023 میں جمع کروائی تھی۔ دوسری بات یہ ہے کہ اب rape کے معاملے میں serious ہو جائیں، آپ لوگوں کے سوچنے اور سمجھنے میں بہت time ہو گیا ہے، Interior Ministry ابھی تک وقت مانگ رہی ہے۔ اگر Interior Ministry serious نہیں ہے تو اس میں میرا قصور نہیں ہے۔ آپ کا conviction rate zero ہے۔

Mr. Presiding Officer: Tarar sahib, this will go to the Assembly. Let it go.

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جانے دیں۔

Mr. Presiding Officer: Ok, it is not opposed. Samina, go ahead. I now put the motion to the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Presiding Officer: We now take up second reading of the Bill. There is no amendment in Clause 2 and 3, so, I will put these Clauses before the House as one question. The question is that Clause 2 and 3 do form part of the Bill?

*(The motion was carried)*

Mr. Presiding Officer: Clause 2 and 3 stand part of the Bill. Clause 1, the Preamble and the Title of the Bill. (Followed by T17)

**T17-10Feb2026 Abdul Razique/Ed: Iram Shafique 05:50 p.m.**

Mr. Presiding Officer: Clauses 2 and 3 stand part of the Bill. Clause 1, the Preamble and Title of the Bill. We, now, take up Clause 1, the Preamble and Title of the Bill. The question is that Clause 1, the Preamble and Title do stand part of the Bill?

*(The motion was carried)*

Mr. Presiding Officer: Clause 1, the Preamble and Title stand part of the Bill. Order. No. 23. It stands in the name of Senator Samina Mumtaz Zehri. Please move Order. No. 23.

Senator Samina Mumtaz Zehri: I, move that the Bill further to amend the Pakistan Penal Code, 1860 and the Code of Criminal Procedure, 1898 [The Criminal Laws (Amendment) Bill, 2023], be passed.

Mr. Presiding Officer: I, now, put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Presiding Officer: The Bill stands passed. Order. No. 24. It stands in the name of Senator Samina Mumtaz Zehri. Please move Order. No. 24.

**Consideration and Passage of [The Prevention of Trafficking in Persons (Amendment) Bill, 2024]**

Senator Samina Mumtaz Zehri: I, move that the Bill further to amend the Prevention of Trafficking in Persons Act, 2018 [The Prevention of Trafficking in

Persons (Amendment) Bill, 2024], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

Mr. Presiding Officer: Is it opposed?

Mr. Aqeel Malik: No, it is not opposed, sir.

Mr. Presiding Officer: I, now, put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

*(At this stage, call for Maghrib prayers were heard in the House)*

Mr. Presiding Officer: Second Reading of the Bill. Clauses 2 and 3. There is no amendment in Clauses 2 and 3. So, I put these Clauses before the House as one question. The question is that Clauses 2 and 3 do form part of the Bill?

*(The motion was carried)*

Mr. Presiding Officer: Clauses 2 and 3 stand part of the Bill. Clause 1, the Preamble and Title of the Bill. We, now, take up Clause 1, the Preamble and Title of the Bill. The question is that Clause 1, the Preamble and Title do stand part of the Bill?

*(The motion was carried)*

Mr. Presiding Officer: Clause 1, the Preamble and Title stand part of the Bill. Order. No. 25. It stands in the name of Senator Samina Mumtaz Zehri. Please move Order. No. 25.

Senator Samina Mumtaz Zehri: I, move that the Bill further to amend the Prevention of Trafficking in Persons Act, 2018 [The Prevention of Trafficking in Persons (Amendment) Bill, 2024], be passed.

Mr. Presiding Officer: I, now, put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Presiding Officer: The Bill stands passed. Order. No. 26. It stands in the name of Senator Samina Mumtaz Zehri. Please move Order. No. 26.

**Consideration and Passage of [The Prevention of Electronic Crimes (Amendment) Bill, 2024]**

Senator Samina Mumtaz Zehri: I move that the Bill further to amend the Prevention of Electronic Crimes Act, 2016 [The Prevention of Electronic Crimes (Amendment) Bill, 2024], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

Mr. Presiding Officer: Is it opposed?

Mr. Aqeel Malik: No, it is not opposed, sir.

Mr. Presiding Officer: I, now, put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

سینیٹر مشال اعظم: میں کورم کی نشاندہی کرتی ہوں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ legislative business کے دوران کیوں quorum point out کر رہی ہیں؟ آپ کے پارلیمانی لیڈر نے بھی ایک motion move کرنا ہے۔ ایسا کرکے آپ نے اپنے پارلیمانی لیڈر کو compromise کر دیا۔ آپ اپنی سیٹ پر جا کر کورم کی نشاندہی کریں۔

**(مداخلت)**

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر مشال اعظم، آپ کو اپنی سیٹ پر جانا ہوگا کیونکہ کسی اور کی سیٹ سے آپ quorum identify نہیں کر سکتیں۔ میں آپ سے request کروں گا کہ آپ کے پارلیمانی لیڈر نے ایک motion move کرنا ہے اور اگر آپ quorum point out کریں گی تو it will affect him.

**(مداخلت)**

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر مشال اعظم، کوئی important business نہیں ہے۔ یہ سب کمیٹی سے آئے ہوئے Bills ہیں۔

**(مداخلت)**

Mr. Presiding Officer: Second Reading of the Bill. Clauses 2 and 3. There is no amendment in Clauses 2 and 3.

سینیٹر مشال اعظم: جناب، میں ابھی اپنی سیٹ پر آچکی ہوں اور کورم کی نشاندہی کرتی ہوں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی گنتی کریں۔ اگر lobbies میں کوئی ہے تو انہیں بلالیں۔

**(مداخلت)**

Mr. Presiding Officer: Bells be rung.

*(Bells were rung)*

Mr. Presiding Officer: Bells be stopped. Count be made.

*(Count was made)*

Mr. Presiding Officer: The House is in order. Second Reading of the Bill. Clauses 2 and 3. There is no amendment in Clauses 2 and 3. So, I put these Clauses before the House as one question. The question is that Clauses 2 and 3 do form part of the Bill?

*(The motion was carried)*

Mr. Presiding Officer: Clauses 2 and 3 stand part of the Bill. Clause 1, the Preamble and Title of the Bill. We, now, take up Clause 1, the Preamble and Title of the Bill. The question is that Clause 1, the Preamble and Title do stand part of the Bill?

*(The motion was carried)*

Mr. Presiding Officer: Clause 1, the Preamble and Title stand part of the Bill. Order. No. 27. It stands in the name of Senator Samina Mumtaz Zehri. Please move Order. No. 27.

Senator Samina Mumtaz Zehri: I, move that the Bill further to amend the Prevention of Electronic Crimes Act, 2016 [The Prevention of Electronic Crimes (Amendment) Bill, 2024], be passed……(Followed by T18)

**T18-10FEB2026 Taj/Ed. Shakeel 06:00 p.m.**

Mr. Presiding Officer: Order No. 27, Senator Samina Mumtaz Zerhi, please move Order No. 27.

Senator Samina Mumtaz Zerhi: I move that the Bill further to amend the Prevention of Electronic Crimes Act, 2016 [The Prevention of Electronic Crimes (Amendment) Bill, 2024], be passed.

Mr. Presiding Officer: I now put the motion to the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Presiding Officer: The motion is adopted and the Bill stands passed. Order No. 28, Senator Samina Mumtaz Zerhi, please move Order No. 28.

Senator Samina Mumtaz Zehri: Sir, before I move the Bill, I have a request with the Opposition Leader, with your permission. Sir, please ask him to control his party.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: نہیں، نہیں، وہ چھوڑیں، آپ اپنا Bill move کریں۔ ہم وہ discuss کریں گے۔

**<u>Consideration and passage of [The Pakistan Penal Code (Amendment) Bill, 2024]</u>**

**<u>(Amendment of section 377 of PPC)</u>**

Senator Samina Mumtaz Zehri: I move that the Bill further to amend the Pakistan Penal Code, 1860 [The Pakistan Penal Code (Amendment) Bill, 2024], (Amendment of section 377 of PPC), as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

Mr. Presiding Officer: Is it opposed?

Mr. Aqeel Malik: We do not oppose it.

Mr. Presiding Officer: I now put the motion to the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Presiding Officer: Second reading of the Bill. Clause 2, there is amendment in clause 2, so I will put this clause before the House. The question is that clause 2 do form part of the Bill?

*(The motion was carried)*

Mr. Presiding Officer: Clause 2 stands part of the Bill. We may now take up Clause 1, the Preamble and the Title, of the Bill. The question is that Clause 1, the Preamble and the Title, do form part of the Bill?

Mr. Presiding Officer: Clause 1, the Preamble and the Title, stands part of the Bill. Order No. 29. Senator Samina Mumtaz Zehri may move Order No. 29.

Senator Samina Mumtaz Zehri: I move that the Bill further to amend the Pakistan Penal Code, 1860 [The Pakistan Penal Code (Amendment) Bill, 2024], be passed.

Mr. Presiding Officer: I now put the motion to the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Presiding Officer: The motion is adopted and the Bill stands passed. Order No. 30. . Senator Samina Mumtaz Zehri may move Order No. 30.

Senator Samina Mumtaz Zehri: I move that the Bill further to amend the Family Courts Act, 1964 [The Family Courts (Amendment) Bill, 2024], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

Mr. Presiding Officer: Is it opposed?

جناب عقیل ملک(وزیر مملکت برائے قانون وانصاف): جی بالکل ہم اس کو oppose کر رہے ہیں۔ پہلی date میں کیسے ہو سکتا ہے کہ آپ maintenance کا سارا معاملہ کر دیں، defendant کو fix کر دیں۔

Interim maintenance for the wife cannot be, so we definitely oppose it.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: اس کو آپ defer کرالیں کیونکہ, he has a valid point پہلی hearing پر تو نہیں ہو سکتا۔

سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری: جناب! ایک اہم چیز ہے کہ جب خاوند بیوی کو طلاق دیتا ہے یا جو بھی separation ہوتی ہے۔ مجھے پتا ہے کہ بہت لمبا چل گیا ہے لیکن میں بھی بہت زیادہ irritated ہوں تو میں ایوان کو صرف یہ clarify کرنا چاہتی ہوں کہ this is very important because the men usually do not show up to the hearings and that completely continues on dates. اس پر ہم نے وہاں پر کافی بحث کی تھی، again like I said, this was introduced in 2024 and it is 2026. We have argued this. It has been over and over taken up in the Committee, so I don't know why they are opposing it now here.

Mr. Aqeel Malik: The fact is that we cannot deprive someone from having been heard or from hearing.

Mr. Presiding Officer: Minister Sahib, what to do with the Bill?

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ (وزیر برائے قانون وانصاف): جناب! ابھی پھر سے defer کردیں اور let them sit together.

Mr. Presiding Officer: Have a discussion with them and then we will put it back.

جناب عقیل ملک: میری گزارش ہے کہ میں معزز سینیٹر صاحبہ کے ساتھ بیٹھ جاتا ہوں۔ اگر اس میں تھوڑا سا tweak-in ہے تو بالکل ہم اس کو دیکھ لیتے ہیں۔

Senator Samina Mumtaz Zehri: But this is going to deny,

جیسے Juvenile courts ہیں، وہاں پر بھی کوئی انصاف نہیں ہو رہا، یہاں پر بھی کچھ نہیں ہو رہا۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: آپ ان کے ساتھ discuss کرلیں، اگر آپ convince نہیں ہوتیں تو ٹھیک ہے، we can always go through. The Bill stands deferred. Order No. 32, Senator Saadia Abbasi. She is not present. Order No. 32 stands deferred. Order No. 34, Senator Shahadat Awan Sahib.

Senator Shahadat Awan: Sir, I request that Orders No. 34 to 39 may be deferred.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: کیوں؟ آپ لوگ خود کہتے ہیں کہ ہوتا نہیں، ہوتا نہیں، اب جب کرنے کے لیے بیٹھے ہیں تو کہتے ہیں کہ defer کر دیں۔

سینیٹر شہادت اعوان: کوئی وجہ ہے۔ جناب! پارلیمانی لیڈر صاحب اور وزیر قانون صاحب اکھٹے بیٹھے ہیں تو میں کیا کروں۔

Mr. Presiding Officer: OK. Orders No. 34 to 39 are deferred on the request of Senator Shahadat Awan. Order No. 40, Senator Zarqa, please move Order No. 40.

**Resolution moved by Senator Dr. Zarqa Suharwardy Taimur, urging withdrawal of NEPRA's Draft "Prosumer Regulations, 2025'', regarding Rooftop Solar Prosumers, and the Government to ensure that Pakistan's energy transition remains equitable, evidence-based, and citizen inclusive**

Senator Dr. Zarqa Suharwardy Taimur: I would like to move the following resolution:-

> "Resolution on Protection of Rooftop Solar Prosumers and Alignment of NEPRA's Draft "Prosumer Regulations, 2025" with National Policy. This House, Recognizing that Pakistan's energy security, economic stability, and climate obligations require accelerated deployment of indigenous and renewable energy, including distributed generation by households and small enterprises; Recalling that the Alternative & Renewable Energy Policy, 2019, the National Electricity Policy, and Pakistan's Nationally Determined Contributions envisage a growing role for citizen participation in clean energy; Noting with grave concern that the draft NEPRA (Prosumer) Regulations, 2025: Permit retrospective alteration of existing net-metering licenses; Reduce rooftop export compensation by approximately 70% without transparent, evidence-based valuation; Render small-scale solar

economically unviable; and 5 Concentrate discretionary powers in licensees without adequate safeguards; Further noting that rooftop prosumers export approximately 80 MW out of 45,000 MW of national capacity-less than 0.002%—and are not responsible for capacity payments, which arise primarily from long-term IPP contracts; affirms that: Retrospective regulatory change undermines legal certainty and investor confidence; Citizen investment in clean energy is a public good and must be protected; Distributed renewable energy must be integrated, not penalized, within Pakistan's power system; Resolves that the Government of Pakistan shall: Direct NEPRA to withdraw the draft regulations in their present form; Incorporate an explicit non-retroactivity clause protecting existing and pending licenses for their full term; Ensure any transition includes a minimum 24-month grace period; Require a published, independent Value-of-Solar study before finalizing export tariffs; and Align the regulatory framework with national energy and climate policy. This House calls upon the Government to ensure that Pakistan's energy transition remains equitable, evidence-based, and citizen inclusive."

So, if I may in conclusion, Mr. Chairman, say that this Prosumer Act basically penalized the citizens of Pakistan for the circular debt that the Government has to pay which is basically due to IPPs. So, it is time we put these IPPs through forensic audit and close the IPPs because the future is towards the batteries, it is towards renewable energy. Pakistan cannot have policies that contradict each other. We

need to stand up for this. It is really criminal that we allowed this kind of prosumer policies to come in the presence of, you know, such good Ministers and such good policy makers. [Followed by T19]

**T19-09Feb2026 Ali/Ed: Waqas 06:10 pm**

Senator Dr. Zarqa Suharwardy Taimur: (continue…) it is really criminal that we allow this kind of prosumer policies to come in the presence of such good Ministers and such good policy makers. We expect you, sir, to come up with citizen-friendly policies and please do not confuse us because you're very educated, we are very simple, we just look at the Bill, we look at the IPPs and we look at our solar and it has to be a simple math. It can't be the complicated stuff that you give us. Thank you very much.

Mr. Presiding Officer: Is it opposed? Is the resolution opposed? One minute Minister Sahib. Let me ask you first, but is it opposed? Not opposed?

Sardar Awais Ahmad Khan Leghari (Federal Minister for Power): I would like to oppose it.

چیئرمین صاحب میری ایک گزارش ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: Rule کیا ہے؟ پہلے Minister بولیں گے۔ That's the way it is, Minister has to reply then we. آپ اس کو oppose کر رہے ہیں؟

سردار اویس احمد خان لغاری: میں oppose کر رہا ہوں، لیکن۔۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: Oppose کر رہے ہیں؟ ٹھیک۔

سردار اویس احمد خان لغاری: ایک بات تو سن لیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: تو آپ پھر بول لیں۔

سردار اویس احمد خان لغاری: میں کچھ اور بات کر رہا ہوں۔ اللہ بخش تو کہنے دیں، میں ابھی اللہ کہہ رہا ہوں، آپ بخش کو روک رہے ہیں۔ میری جناب سے ادنی گزارش یہ ہے کہ item No. 40, 42 and 44, they basically are on the same issue and the content is roughly the same. So if you could club these so that ایک ہی مرتبہ ہم آپ کے سامنے اپنا سارا مدعا پیش کر سکیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: Club کر سکتے ہیں۔ Minister Sahib we can't club them.

Sardar Awais Ahmad Khan Leghari: No, but you will have the same discussion being repeated every time.

Mr. Presiding Officer: Yes, I know that but we can't do it. It has to be laid every time. Senator Azam Nazeer Tarar, please.

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: ہمیں practically کوئی رکاوٹ نہیں ہے۔ آپ تینوں Resolutions کو one after another put کروالیں۔ Minister Sahib ان کا common reply دے دیں ، اس کے بعد دوسری اور تیسری کو کرنے کوئی رکاوٹ نہیں ہے۔ جو mover نہیں ہوں گے وہ drop ہو جائے گی۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: Resolution, No. 40 has been put, next کون سا ہے؟ No. 42 قادر صاحب نہیں ہیں، وہ defer ہو جائے گی، Minister Sahib اور کون سی ہے۔No. 44 جی زرقا صاحبہ No. 44 بھی آپ کی ہے so please move the Motion.

**Motion Under Rule 218 moved by Senator Senator Dr. Zarqa Suharwardy Taimur regarding the implications of draft NEPRA (Prosumer) Regulations, 2025**

Senator Dr. Zarqa Suharwardy Taimur: I, Senator Dr. Zarqa Suharwardy Taimur, move that this House may discuss the implications of draft NEPRA (Prosumer) Regulations, 2025, which propose retrospective alteration of existing net-metering licenses.

Mr. Presiding Officer: Yes, I know you have opposed.

شیری رحمان صاحبہ ان کو بات کر لینے دیں، پھر آپ کر لیجیے گا۔ جی علی ظفر صاحب۔

## Senator Syed Ali Zafar

سینیٹر سید علی ظفر: ہم نے صرف سنا تھا کہ اگر آپ نے وعدہ کیا ہے، تو آپ کو نبھانا پڑے گا۔ جو net metering کا issue ہے۔ صحیح ہے لیکن اس میں ترنم کی بات نہیں ہے، یہ تو دھماکہ ہے۔ یہ وہی چیز ہو رہی ہے جو ابھی میرے honorable Senator نے کہا تھا کہ یہ دہشت گردی کے برابر ہے، کیونکہ ہماری عوام پر یہ ایک بم پھینکا جا رہا ہے۔ اب position یہ ہے کہ جب یہ solar کی ایک policy آئی تھی تو حکومت نے باقاعدہ announce کیا تھا کہ اگر آپ solar panels لگائیں گے، عوام کو کہا تھا، یہ وعدہ کیا تھا اور کہا تھا کہ اگر آپ solar panels لگائیں گے تو ہم آپ کو ایک مخصوص concession دیں گے۔ آپ سے ہم بجلی خریدیں گے اور آپ کو فائدہ ہوگا۔ آپ یہ قوم کے لیے بھی کریں، نہ صرف اپنے لیے، کیونکہ ہماری environment بھی بہتر ہو گی۔ ہم جو مہنگا تیل خرید کر بڑے بڑے IPPs سے اپنی generation کرتے ہیں، اس سے بھی ہمیں نجات ملے گی اور ہم IPPs کو جو پیسے دیتے ہیں یہ بھی ہم ختم کر سکیں گے اور Pakistan ایک خوشحال گھرانہ ہوگا۔ یہ انہوں نے ہمیں بتایا اور بتانے کے بعد insist کیا کہ آپ یہ ضرور لگائیں۔ قوم نے اس کا جواب دیا اور قوم نے گھر گھر، گلی گلی اور ہر کھیت میں یہ solar panels لگانا شروع کر دیے۔ لوگوں نے اپنی لاکھوں روپے کی investments کیں، میں ایسی families کو جانتا ہوں جنہوں نے pool کر کے، جس ایک گھر میں سات آٹھ families اکٹھے رہتی ہیں، ان کے ہر ایک فرد جو کماتا ہے، سب نے اپنی تنخواہوں سے کاٹ کاٹ کر solar panels خریدے۔ آج بھی بہت سارے solar panels گھروں پر لگے ہیں، جس کی payments لوگ ابھی تک کر رہے ہیں کیونکہ کئیوں نے تو قرض لے کر لگائے۔ یہ عوام کی position ہے اور اس وقت اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ تقریباً پاکستان کے ہر گھر میں کچھ نہ کچھ solar panels لگے ہوئے ہیں، جس سے کم از کم اپنا وہ چولہا چلا رہے ہیں، ایک طرح سے اپنی زندگی گزار رہے ہیں۔

آج سے کچھ دن پہلے مجھے یاد ہے اور اگر آپ Senate کا record اٹھا لیں، تو آپ کو نظر آ جائے گا۔ کچھ دن پہلے شک ہوا تھا کہ کچھ مہینے پہلے اخبار میں خبر آئی تھی کہ حکومت جو ہے وہ چاہتی ہے کہ یہ solar panels جنہوں نے لگائے ہیں ان کی policy تبدیل کر دیں اور وہ چاہتے ہیں کہ جس پیسے پر حکومت خرید رہی تھی، وہ بھی کم کر دیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: وہ کم کر دیے ہیں۔

سینیٹر سید علی ظفر: اور جس پیسے پر واپس بیچتی ہے وہ زیادہ کر دیں۔ کچھ مہینوں کی بات ہے، میں آپ کو یاد کروا رہا ہوں۔ جب یہ اخبار میں آیا تو میں نے raise کیا کہ حکومت یہ تو نہیں کرنے جا رہی۔ تو میرے خیال میں وزیر صاحب تھے یا شاید کوئی اور تھے، انہوں نے جواب دیا کہ بالکل ہر گز نہیں floor of the House پر کہا کہ ہر گز نہیں، ہم عوام کے ساتھ یہ نہیں کر سکتے، ہم کس طرح اپنے وعدے کی خلاف ورزی کر سکتے ہیں۔ یہ نہیں ہو رہا۔ میں نے کہا ٹھیک ہے۔ ہم بیٹھ گئے، خوش ہو گئے۔ میرے پاس ہزاروں خطوط آئے ہوئے تھے، as a Senator میں نے ان سب کو جواب لکھا کہ ایسا کچھ نہیں ہے بالکل حکومت نے floor of the House پر بھی اور ویسے بھی commitment کی ہے کہ یہ واپس نہیں لیں گے۔

پھر یہ ہو رہا ہے کہ ایک بہت بڑا mafia ہے جس کو کچھ مہینے پہلے expose کیا گیا تھا، ایک report بھی آئی تھی اور وہ IPPs کا mafia ہے اور وہ mafia بہت مہنگی بجلی حکومت کو دے رہا ہے۔ بلکہ اگر وہ بجلی produce نہ بھی کریں، تب بھی capacity payment کے ذریعے ان کو پیسے جاتے ہیں۔ اب ان کا جو burden ہے، ان کا جو قرض ہے، ان کا جو بھی ہے، حکومت بجائے خود دینے کے، حکومت نے کہا کہ یہ غریب عوام ہے پھنس گئی ہے، انہوں نے solar panels لگا لیے ہیں، چلو اب ان پر اور ظلم کرو، ایک بم پھاڑ دو۔ Already وہ بڑے خوشحال ہیں، ان کے پاس با مشکل ایک وقت کی روٹی کے پیسے ہیں، انہوں نے اپنے solar panels لگائے ہوئے ہیں، آج ان کو ختم کر دو اور آج NEPRA نے جو announce کیا ہے یہ وہی بم ہے جس میں انہوں نے یہ کہا ہے کہ ہم نے خریدنی گیارہ روپے میں ہے یعنی آپ جو ہمیں بیچیں گے وہ گیارہ روپے میں اور جو آپ ہم سے خریدیں گے یعنی حکومت سے وہ چالیس روپے میں۔

یہ کہاں کا انصاف ہے؟ یہ کہاں کی حکمرانی ہے؟ میں نے سنا تھا اور ہم نے پڑھا بھی تھا کہ حکومت جو ہے، حکمران representatives آتے ہیں، ان کا main مقصد یہ ہوتا ہے کہ وہ عوام کی خوشحالی کا کام کریں، نہ کہ وہ ان کے اوپر ظلم کریں۔ میرے خیال سے Senator Sahib نے جو [***][3] کا لفظ inverted commas میں استعمال کیا، یہ درست لفظ ہے۔ آپ کو ایسا نہیں کرنا چاہیے۔ اب حکومت کا کیا جواب آئے گا؟ حکومت کہہ رہی ہے کہ ہم تو کچھ نہیں کر رہے، یہ تو NEPRA ہے۔ NEPRA ایک independent body ہے اور اس independent body نے فیصلہ کیا ہے تو ہمارا کیا قصور ہے؟ یہ ابھی جواب آئے گا۔ میں اس کا پہلے سے ہی جواب دے رہا ہوں۔

[3] *"The words expunged as Ordered by the Chair."*.

## **Secretary Senate**

Secretary Senate: It is for the information of the House, due to non-availability of Chairman, Deputy Chairman and the Members on panel, the House may elect Senator Shahadat Awan to preside the sitting in terms of Sub-Rule 2 of Rule 14 of the Rules of Procedure and Conduct of Business 2012.

*(At this stage, Mr. Presiding Officer, Senator Shahadat Awan presided over the proceeding of the House)*

سینیٹر سید علی ظفر: Mr. Presiding Officer also knows that میں بڑے عرصے سے NEPRA کے cases کرتا رہا ہوں، Supreme Court تک، High Court تک اور NEPRA کے پاس بھی اور اس میں ہر case میں تقریباً حکومت بھی شامل ہوتی ہے۔ (جاری ہے۔۔۔۔T20)

T20–10Feb2026 Imran/ED: Shakeel 06:20 pm

سینیٹر سید علی ظفر: (جاری ۔۔۔) اور اُس میں ہر case میں تقریباً حکومت بھی شامل ہوتی ہے۔ یہ بڑے واضح طریقے سے، میں on the record and on the floor of the House کہتا ہوں کہ NEPRA independent نہیں ہے۔ NEPRA ultimately وہی کرتی ہے اور وہی policies بناتی ہے جو حکومت اُن کو direct کرتی ہے اور اگر کوئی آ کر یہ کہے گا نہیں، NEPRA independent ہے تو پھر وہ عوام کے ساتھ اور اس House کے ساتھ سچ نہیں بول رہا۔ جناب، اس لیے یہ کہنا کہ NEPRA independent body ہے، اس لیے ہمارا اُس سے کوئی تعلق نہیں ہے اور ہم تو بڑے innocent ہیں اور ہم تو اپنی commitment follow کرنا چاہتے ہیں تو یہ بالکل درست بات نہیں ہے اور اگر یہ بات ہے تو جناب قانون سازی تو حکومت ہی کر سکتی ہے نا۔

اگر NEPRA نے کوئی فیصلہ کیا بھی ہے اور حکومت کہتی ہے کہ ہم بے بس ہیں اور وہ اتنے آزاد ہیں کہ ہم اُن کو direct نہیں کر سکتے تو پھر قانون سازی کر لیں اور کم از کم وہ عوام جنھوں نے اپنے solar panels لگائے ہوئے ہیں، اُن کو پھر اُس حد تک compensate کریں۔ اب آپ مجھے یہ بتائیں کہ retrospective کا ایک concept ہے۔ Retrospective قانون کو سمجھا

جاتا ہے کہ یہ ایک گناہ ہے ہمارے قوانین میں، آپ کو تو پتا ہے آپ خود وکیل ہیں، نہ آپ retrospective punishment کر سکتے ہیں اور نہ آپ retrospective taxation کر سکتے ہیں۔

Promissory estoppel کا بھی آپ نے سنا ہوگا۔ Promissory estoppel کا مطلب یہ ہے کہ اگر حکومت ایک بار ایک individual سے بھی وعدہ کرے تو وہ وعدے کی خلاف ورزی نہیں کر سکتی۔ یہ قانون ہے۔ جب آپ نے پوری عوام سے ایک وعدہ کیا اور ایک principle کیا اور کوئی condition نہیں لگائی، یہ نہیں کہا کہ ہم آپ سے چار سال بعد یہ واپس لے لیں گے بلکہ یہ کہا کہ آپ solar لگائیں تو بیس بیس سال کے لیے آپ محفوظ ہیں۔ Retrospectively جنہوں نے لگا بھی لیا ہے تو اُن کے خلاف بھی یہ order آ گیا ہے۔ یا تو آپ یہ کہیں کہ جناب آج کے بعد ہمیں پاکستان میں یہ پسند نہیں ہے، آج کے بعد کوئی solar نہ لگائیں اور اگر لگایا تو ہم 11 روپے میں لیں گے لیکن جناب یہ کہاں کی شرافت ہے کہ جنہوں نے اپنے گھروں میں لگا بھی لیا ہے تو اُن سے بھی جو concession ہم نے دی ہے، وہ آپ واپس لے لیں گے۔

جناب یہ عوام کے ساتھ اس قسم کی یہ ناانصافی جو direct ہو رہی ہے، blatant ہو رہی ہے، میرے سینیٹر صاحب نے بالکل صحیح فرمایا اور سینیٹر زرقا نے resolution بھی بالکل صحیح دی ہے کہ یہ عوام پر ایک bomb ہے اور جناب حکومت کا اس سے اتنا برا حال ہونا ہے اور یہ ایک وہ incident ہونا ہے جو یہ قوم ساری عمر یاد رکھے گی کہ آپ وعدہ کریں اور آپ اُس کی خلاف ورزی کریں۔ مجھے بتائیں کہ کل اس حکومت پر کون سا ملک، کون سا investor یقین کرے گا کہ تمہاری حکومت تو وہ حکومت ہے جو اپنی عوام سے بھی سچ نہیں بولتی اور عوام کے ساتھ بھی جو وعدہ کرتی ہے اُس کی خلاف ورزی کرتی ہے تو یہاں foreign investment کہاں سے آئے گی۔ جناب، اس قسم کی حکومت کے وعدوں یا باتوں پر کون یقین کرے گا۔

جناب، میں اس resolution کو پوری طرح support کرتا ہوں۔ اس motion کو بھی support کرتا ہوں۔ میں اس میں add کرتا ہوں کہ NEPRA کے چیرمین کو یہاں بلائیں اور اُس کو جیل میں بھیجیں۔ آگے پیچھے تو ہر ایک کو جیل میں بھیج دیتے ہیں، آج سینیٹ میں بلائیں۔ جناب، ہمیں اس پر آج حکومت کی طرف سے کوئی بحث acceptable نہیں ہے۔ اس میں مجھے دو تین چیزوں کا جواب دیں۔ کیا انہوں نے نہیں کہا کہ آپ solar سولر لگائیں؟ کیا انہوں نے net-metering نہیں لگوائی؟ کیا یہ خلاف ورزی نہیں کر رہے؟ کیا انہوں نے IPPs کو تبدیل کیا؟ کیا IPPs سے کوئی concession لیا کہ سارا بوجھ عوام پر ڈال رہے ہیں۔ جناب ان سے یہ پوچھا

جائے .because enough is enough کل بھی میں نے کہا تھا کہ enough is enough against terrorism اور آج میں کہتا ہوں کہ .enough is enough against this breaking of law بہت شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی سینیٹر شیری رحمان صاحبہ۔

**Senator Sherry Rehman**

سینیٹر شیری رحمان: میں لمبی بات نہیں کرنا چاہتی۔ آج بڑی تاخیر ہو رہی ہے تو میں مختصر بات کروں گی کیونکہ شام بھی ہو گئی ہے اور اجلاس کافی دیر سے چل رہا ہے۔ دیکھیں، اس solar policy پر I agree with what Barrister *Sahib* has said and what Senator Zarqa has said بات یہ ہے کہ آپ اس عمر میں یہ نہ کہیں کہ اب ہم revise کرکے کوئی انصاف کر رہے ہیں۔ آپ ملک کو de-solarize کریں گے اور میں سمجھتی ہوں کہ منسٹر صاحب پہلے بھی اس House میں کہہ چکے ہیں، میں Chair کر رہی تھی جب انہوں نے وعدہ کیا تھا کہ ایسا نہیں ہوگا۔ اب وہ کہہ رہے ہیں کہ ایسا نہیں ہوا ہے۔ اگر ایسا نہیں ہوا ہے تو وہ ضرور ہمیں سمجھا سکیں گے کہ کیا ہو رہا ہے لیکن آپ کی ابھی بھی دنیا میں اور region میں سب سے زیادہ electricity rates ہیں۔ پورے خطے میں you are still paying higher electricity rates than anybody else اور پچھلے پانچ سال میں دس ہزار megawatts آپ extra generate کر رہے ہیں۔ اب آپ بجائے بڑے بڑے IPPs contracts کو صحیح کریں، انہوں نے کچھ کیے بھی ہیں so I give him that credit, آپ circular debt اتنا بڑھا چکے ہیں اور وہ کیوں بڑھا ہے کہ اُس میں بہت بڑی بڑی entities اور بڑے بڑے افسران، آپ کے state entities bills نہیں دے رہی ہیں۔ بھائی آپ وہ وصولیاں کریں۔ آپ system کو modernize کریں۔ پہلے تو آپ کی انیسویں صدی کی grid چل رہی ہے اور اصل issue یہ ہے کہ وہ use نہیں کر سکتی اور وہ green energy distribute نہیں کر سکتی۔

اب جو ہماری international commitments ہیں، اگر آپ کو اُن کا کوئی خیال نہیں تو چلیں ٹھیک ہے لیکن میں بڑے فخر سے کہتی تھی کہ پاکستان بے ساختہ solarize ہو رہا ہے۔ Thanks to this policy پارلیمنٹ کی building بھی اس وقت اسلام آباد میں پہلی building ہے جو net-metering پر آئی and that went green and we were very proud of it. Now there is no incentive for Parliament or any other big unit to do so.

اور انڈیا میں net-billing ہو رہی I know that the minister will say that net-metering is no good ہے، کیلیفورنیا میں بھی ہو رہی ہے۔ I'm not interested in California. California is a very very rich state and they are also; it is one of the most heavily renewable states تو وہاں تو ہے ہی نہیں۔

اب پاکستان کیا کر رہا ہے؟ آپ کے سارے dollars کہاں جا رہے ہیں؟ You are spending billions every year importing expensive furnace oil. You are spending billions every year. I'm speaking as a climate person now. مجھے کہا جا رہا ہے کہ امیر لوگوں کے لیے یہ ایک پناہ دی جاتی ہے۔ آپ نے پھر net-metering کیوں کی؟ کیوں net-metering شروع کی جس پر دنیا میں پاکستان کی بڑی پذیرائی ہوئی ہے کہ یہ ملک خود ساختہ solar پر shift ہو رہا ہے کیونکہ China کے solar panels بھی سستے ہوئے ہیں۔ اس سال 2025 میں رپورٹ ملی ہیں، not from government کہ net-metering کے لیے 50GB solar panels خریدے گئے ہیں۔ اب لوگ مجھ سے دیکھیں کیا کہہ رہے ہیں، ساری middle class کہہ رہی ہیں کہ جی ہم سے کیوں کروایا۔ منسٹر کہیں گے نہیں آپ کا contract ویسے ہی رہے گا۔ ضرور ویسے ہی رہے گا مگر میں as a prosumer آگے تو نہیں کروں گی۔ I will twenty times اکہ میری payback اتنی high ہے تو میں اتنا capital investment کرکے solar لگاؤں۔ بڑی building والے تو بالکل دس بار سوچیں گے کہ اتنا capital investment solar panels کا، batteries کا اور دیگر چیزوں کا ہے تو پھر ہم کیا کریں۔

دنیا میں جہاں جہاں net-metering شروع ہوئی ہے then net-billing has come when they don't have circular debt. When they are not importing heavy fuel from abroad اور آپ کس طرح کسی ملک کو کہہ سکتے ہیں جہاں سب سے زیادہ climate impacts ہو رہے ہیں، جہاں آپ actually دنیا کے لیے good climate governance کی علامت بن سکتے ہیں اور example بن سکتے ہیں۔ اور تو کچھ ہو نہیں رہا۔ یہی کہہ سکتے ہیں ہمارا energy transition خود ہی ہو گیا تھا۔ I was so proud to hear that Pakistan had a rooftop solar revolution یہ باہر کے اخباروں میں آیا ہے۔

اب منسٹر یہ بھی کہیں گے وہ تو نہیں رُکے گا۔ بالکل رُکے گا۔ مجھے کوئی ہزار notices آئے ہیں SMS پر اور WhatsApp groups پر کہ 100 percent رُکے گا۔ اب کیا کرتے ہیں ہم batteries خرید لیں میڈم! ہمیں گالیاں پڑ رہی ہیں کہ آپ اس coalition کا حصہ ہیں ، ہم batteries خرید لیتے اور ہم grid سے ہی اتر جاتے ہیں۔ چلیں، آپ کے grid میں دس ہزار megawatts free cost electricity اگر آپ کے پاس extra ہے تو غیر اعلانیہ loadshedding کیوں ہو رہی ہے؟ You have a leaky, inefficient and very corrupt distribution system جو آپ نے inherit کیا ہے لیکن آپ بجائے اُس کو fix کرنے کے آپ یہ کر رہے ہیں۔

آپ دو signals کیا دے رہے ہیں، investors کو کہ آپ tariff بدل سکتے ہیں۔ یہ NEPRA بھی wind tariffs بار بار بدلتا ہے۔ کوئی دس سال ہو گئے کہ جھمپیر میں wind corridor investors کے لیے آئے اور واپس چلے گئے۔ وہ کہنے لگے کہ your country keeps changing the tariffs. جو ملک بار بار tariffs بدلتا ہے--- (جاری-----T21)

**T21-10Feb2026 Naeem Bhatti/ED; Irum 6:30 pm**

سینیٹر شیری رحمان: (جاری-----) جو ملک بار بار tariff بدلتا ہے، میرا ذاتی کوئی مسئلہ نہیں ہوگا، میرا تو net-metering نہیں بدلے گا but a country that keeps revising its tariff for average rates and it still subsidizing its DISCOs, some of them, پھر آپ بتائیں کہ investor کیوں آئے گا، وہ کیوں آئے گا۔ Arbitrarily NEPRA کی public hearing میں بہت ہنگامہ ہوا، وہ draft policy کہہ رہے ہیں، وہ draft policy نہیں ہے، وہ policy بن گئی ہے۔ مجھے نہیں پتا کہ Board میں کس کے members تھے، میرے خیال میں سندھ اور بلوچستان کے ممبران موجود نہیں ہیں، لغاری صاحب! معذرت کے ساتھ یہاں وعدہ کرکے کسی سے consult کیا گیا؟ آپ نے جو bet لگائی ہے،

I will honour it, I want to lose my bet to you because it is better for the country.

جناب والا! ایسا نہیں ہے، آپ نے چپ چاپ بجلی کے بل کو ہی taxation کا ایک instrument بنا دیا ہے، اس پر levies لگ رہی ہیں، اس پر کون سے surcharges لگ رہے ہیں، اب یہ بھی لگ رہے ہیں۔ پورے sector کی inefficiencies ہم پر load ہو رہی ہیں، ہمارے بجلی کے بل پر load ہو رہی ہیں۔ بجائے بجلی کے بل کو relief ملے، یہاں تو آپ واپس load کر رہے ہیں۔ ایک اچھا کام

کیا تھا، اب آپ کہیں گے middle classes تو رات کو grid استعمال کر رہی ہیں، those are the terms of net-metering everywhere in the world. Grid تو رہے گا کیونکہ base load اسی نے دینا ہے۔ آپ مجھے بتائیں کہ اس ملک میں پھر غیر اعلانیہ loadshedding کیوں ہو رہی ہے، بار بار ہو رہی ہے۔ آپ کے پاس اس وقت surplus اتنا ہے کہ آپ اسے distribute نہیں کر پا رہے ہیں، آپ کے 17, 18% losses inefficiencies سے system ہوتی ہے، transmission or energy loss میں ہوتی ہے۔ آپ کے پاس energy بھی ہے، بجائے اس کے کہ آپ AI centres لگائیں جو بہت ساری energy استعمال کرتے ہیں، economy کو modernize کریں۔ میں بھی کئی دوسرے ممالک کی examples دے سکتی ہوں جہاں ایسا نہیں ہوا ہے، جہاں renewable energy کو clean incentives دیے جاتے ہیں، investor کو بھی signaling ہوتی ہے کہ ہم contract کو honour کریں گے۔

جناب والا! آپ IPPs کے ساتھ negotiate کریں، وہ بڑے بڑے اژدھے ہیں، وہ سالوں سے بیٹھے ہیں، آپ بجلی استعمال کریں یا نہ کریں، آپ کو payment کرنی پڑتی ہے، اس میں نہ آپ کا fault ہے اور نہ میرا fault ہے۔ معاملہ یہ ہے کہ ultimately your circular debt is so high, that we are all paying the tax on that, ہم سب آپ کے بجلی بل پر tax دے رہے ہیں اور آپ ہمارے بجلی کے بل اس طرح بڑھا رہے ہیں، اضافہ کرتے جا رہے ہیں، آپ نے اس میں دس قسم کے surcharges لگائے ہوئے ہیں۔ So this net-metering going to net-billing is also one of those things, جو کہہ لیں کہنا ہے۔ دنیا میں کہیں یہ regression نہیں ہوتی، آپ اتنا fuel import کریں، جس دن آپ کی dirty fuel import بند ہو گئی، furnace oil بند ہو گیا یا base load کے لیے بہت کم ہو گیا یا آپ LNG کے بہت بڑے بڑے cargos نہ لا رہے ہیں جن کے آپ دو دو ہزار بلین دے رہے ہیں تو پھر ٹھیک ہے، آپ ہم سے بات کریں، ہم کہتے ہیں کہ بالکل ٹھیک ہے، پھر آپ net-metering کا سوچیں کہ your country has too much energy, sit with us and talk with us, we tell you what to do with surplus energy. First of all, you supply energy to all the households at a much cheaper rate. First of all, you supply energy to all the industries and all the manufacturing that is running away from Pakistan to the rest of the region with

very competitive rates, ہمارے rates تو uncompetitive ہیں۔ ظاہر ہے آپ کی jobs create نہیں ہو رہیں، World Bank کے President کیا کہہ کر گئے ہیں، سن لیں پاکستان میں 7% unemployment ہو گئی ہے، معاف کیجیے گا اس پر حکومتیں گرتی ہیں۔ وہ کیا کہہ کر گئے ہیں کہ you will have a problem in your job market. Now these things are all related, your economy is screaming under these massive loads of debts and the circular debt is one of them. The first thing he said was energy policy is a disaster, please fix it لیکن وہ fix نہیں ہو رہی۔ ہم پر burden ڈالا جا رہا ہے تاکہ وہ بڑے بڑے اژدھے پالے جائیں۔ جس دن آپ نے کہا کہ ہم اپنی import slash کر رہے ہیں، ہم circular debt slash کر رہے ہیں then talk to us, we will support you, we will pay higher rates, but why should we pay higher rates when we have surplus energy, آپ DISCOs کو ٹھیک کریں، یہ حل نہیں ہوتا۔ پاکستان میں کون سی investment آ رہی ہے؟ Procter and Gamble جا رہی ہے، فلاں جا رہی ہے، فلاں جا رہا ہے۔ Stabilization کے بعد اور بھی مسائل ہیں، well done on stabilization but stabilization کے آگے منزلیں اور بھی ہیں، اور بھی غم ہیں زمانے میں اور وہ یہ ہیں that the economy has to grow for those jobs, the economy will not grow, آپ public sector کو بند کرتے جا رہے ہیں because it is hemorrhaging money, تو وہ لوگ کہاں جائیں گے۔ مارکیٹ میں دو طرح کی joblessness چل رہی ہے، public sector Utility Stores بند کرنے والی، SOEs بند کرنے والی اور دوسری young people entering the job market, they need an economy that grows with the contractual environment that is stable, that is not changing. I will not invest in Pakistan if it keeps changing its tariff rates. ہمارے سامنے لوگ بھاگ کر گئے ہیں، انہوں نے کہا کہ ہم نہیں کر رہے، your country keeps on changing, that is the first essential, workshop پر workshop ہوتی ہے کہ Pakistan investor سے کیوں جا رہا ہے، you keep changing your tariff rates and do not tell me that is O.K اور ہر جگہ ہو رہا ہے، نہیں! ہر جگہ at these prices اتنی import نہیں ہو رہی، LNG and dirty fuel. I just want to say that. Thank you.

Mr. Presiding Officer: Thank you. Senator Zeeshan Khan Zada.

**Senator Zeeshan Khan Zada**

سینیٹر ذیشان خان زادہ: شکریہ، جناب چیئرمین! آپ نے مجھے بولنے کا موقع دیا، میں زیادہ وقت نہیں لوں گا اور جو معاملہ چل رہا ہے، میں اس حوالے سے ایک بات کرنا چاہوں گا کہ جب پاکستان میں solar energy والا wave نہیں آیا تھا، اس وقت بے شک solar panels جتنے بھی مہنگے تھے، لوگوں نے مناسب نہیں سمجھا کہ اس کو گھروں پر لگوائیں یا اپنی factories کو solar پر shift کریں۔ کیونکہ حکومت کے بجلی کے rates بہت کم تھے اور حکومت نے یہ سوچا کہ اگر ہم rates بڑھائیں گے تو اس سے ہمارے losses کم ہو جائیں گے۔ اب پوری دنیا کو پتا ہے اور پورے پاکستان میں ہر industrialist and consumer کو پتا ہے کہ جب انہوں نے rates بڑھائے تو اس کا الٹا کام ہوا کہ حکومت کو اسی لیے اور نقصان ہوا کیونکہ لوگوں نے solar لگوانا شروع کیا اور حکومت کی بجلی حکومت کو ہی زیادہ مہنگی ہو گئی کیونکہ cost بہت زیادہ ہو گئی۔

جناب والا! آج جو step لیا گیا ہے یا NEPRA کی طرف سے جو direction آئی ہے، اب حکومت کوشش یہ کر رہی ہے کہ اس وقت جو cost ہے اس کو کسی طرح control کرے لیکن اس کا بھی الٹا ہی اثر ہو گا کیونکہ جو لوگ اب net-metering کر رہے ہیں، وہ اپنے systems کو fully solar پر shift کریں گے، وہ off-grid چلے جائیں گے۔ اس وقت جو بجلی consume ہو رہی ہے، پھر اس کی بھی کسی کو ضرورت نہیں ہو گی۔ مسئلہ وہی ہے کہ حکومت کی جو fix cost ہے وہ تو انہوں نے دینی ہے، fix losses ہیں جو وہ consumers پر ڈالتے ہیں۔ اس سے پہلے کی حکومت نے rates بڑھانے کی جو غلطی کی تھی، یہ اس سے بھی بڑی غلطی کرنے جا رہے ہیں، اس کا حکومت کو ہی نقصان ہو گا۔ میرے خیال میں یہاں باقی ممبران نے بھی یہ باتیں کی ہیں، قومی اسمبلی میں بھی اس پر بہت بحث ہوئی۔ ابھی بھی وقت ہے، NEPRA نے تو کہہ دیا ہے لیکن وزیر صاحب بیٹھے ہیں، یہ ہمیں بتائیں کہ اگر NEPRA نے یہ فیصلہ کر لیا ہے تو حکومت کے پاس ابھی بھی اختیار ہے کہ وہ اس فیصلے کو implement نہ کیا جائے اور اسے ادھر ہی روکا جائے، یا یہ implement ہو گیا ہے؟

جناب والا! میں آپ کو بتانا چاہتا ہوں کہ chamber of commerce کے ایسے بڑے لوگ ہیں جو ہم سے بھی رابطہ کر رہے ہیں اور پوچھ رہے ہیں کہ ہمیں ابھی بتائیں کہ اگر حکومت کا یہی فیصلہ ہے تو جس طرح اس سے پہلے شیری رحمان صاحبہ نے کہا ہے کہ ہمارے tariffs

already اتنے high ہیں، especially industry کے لیے کہ وہ کدھر جائیں؟ اگر حکومت کی یہی policy ہے کہ نہ ہم نے export oriented economy بنانا ہے اور نہ ہم نے اپنے consumers کو relief دینا ہے۔ (جاری۔۔۔۔T/22)

T22-10Feb2026 Abdul Ghafoor/ED: Waqas 6:40 PM

سینیٹر ذیشان خانزادہ: (جاری۔۔۔) اگر حکومت کا یہی فیصلہ ہے تو جس طرح اس سے پہلے سینیٹر شیری رحمان صاحبہ نے کہا ہے کہ ہمارے already tariff specially for industry اتنے high ہیں کہ وہ کدھر جائے، کدھر بھاگے۔ کیا اگر حکومت کی یہی policy ہے کہ نہ ہم نے export-oriented economy بنانا ہے اور نہ ہم نے اپنے consumer کو relief دینا ہے۔ ہم نے صرف ایک ہی کام کرنا ہے کہ اس ملک سے ہم نے ساری industry کو بھگانا ہے، ان لوگوں کو بھگانا ہے۔ ہم نے صرف ایک remittance economy بنانا ہے کہ لوگ باہر جاکر اپنے پیسے اس ملک کو بھیجیں اور ہم نے اس میں survive کرنا ہے۔ اگر حکومت کی یہی policy ہے تو ہم لوگوں کو بتائیں کہ ہاں جی، بس آپ کچھ بھی نہ کریں، نہ آپ کوئی industry لگائیں، نہ ادھر کوئی کام کریں۔ آپ باہر جائیں اس ملک میں پیسے بھیجیں۔ ہم نے اسی سے کمانا ہے اور اسی پر ہم نے رہنا ہے۔

جناب چیئرمین! یہ بڑی simple سی بات ہے کہ اس ملک میں اور کوئی چیز بچی نہیں ہے۔ سانس لینے کے لیے انہوں نے کوئی چیز نہیں چھوڑی۔ لوگوں کا دم گھٹ رہا ہے۔ یہ ایک آخری چیز ہے، بجلی کو کم از کم اتنا مہنگا نہ کریں کہ اس ملک کو بھی نقصان ہو، لوگوں کو بھی ہو۔ اس حوالے سے میں ادھر چھوٹی سی بات کرنا چاہتا تھا۔ آپ کی بڑی مہربانی، شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ، سینیٹر ذیشان خانزادہ صاحب۔ جی، سینیٹر کامران مرتضیٰ صاحب۔

**Senator Kamran Murtaza**

سینیٹر کامران مرتضیٰ: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! دنیا میں ترقی یافتہ ہونے کا ایک پیمانہ یہ بھی ہوا کرتا ہے کہ فی کس بجلی کا استعمال کسی ملک میں کتنا ہے؟ اگر energy کا استعمال کم ہو تو اس کو کم ترقی یافتہ سمجھا جاتا ہے اور اگر کوئی استعمال زیادہ ہو تو اس کو زیادہ ترقی یافتہ سمجھا جاتا ہے۔ بجلی کا بحران اس ملک میں رہا اور ہمیں بتایا گیا کہ اس بحران پر قابو پانے کے لیے IPPs والا معاملہ اس طرح سے طے کیا گیا کہ آپ ان سے بجلی لیں یا نہ لیں آپ کو ایک certain amount ان کو دینی پڑتی ہے۔ اس طرح سے آپ نے ملک کی معیشت کا بھٹہ بٹھا دیا۔ اس کے بعد اگلا دور آیا جس میں solar کا استعمال ہوا۔ جب solar کا استعمال شروع ہوا تو آپ نے لوگوں سے commitment کی۔

معاہدے دو طرح سے ہو سکتے ہیں commitment دو طرح سے ہو سکتی ہیں، دو parties کے درمیان ہوتی ہیں۔ اسی طرح سے جیسے آپ نے IPPs کے ساتھ ہیں اور آپ کی ان کے ساتھ commitments ہیں۔ آپ ان کو اللہ کے واسطے بھی پیسے دیتے ہیں کیونکہ وہ بیچارے بڑے مظلوم ہیں، اتنے کمزور ہیں کہ ان کو کام نہ کرنے کے بھی پیسے چاہیے ہوتے ہیں اور وہ اس ملک کا خون چوستے ہیں۔ ایک general commitment آپ نے اپنے عوام کے ساتھ کی اور وہ جو general commitment ہے اب اس کے بعد آپ نے violate کرنا شروع کر دیا۔ جب آپ نے violate کرنا شروع کر دیا کہ ایک روپے سے آٹھ آنے، آٹھ آنے سے چار آنے، چار آنے سے دو آنے اس طرح سے net metering کا خاتمہ اور اس کے بعد ہم نے نہیں لینا۔

جناب والا! آج بھی اس کے کئی پہلو ہیں، اس میں ایک پہلو یہ ہے کہ آج بھی بجلی یا سستی energy اس ملک کی یقیناً ضرورت ہے اور وہ ضرورت ہم پوری نہیں کر پا رہے۔ آپ کی بہت ساری factories بند ہیں۔ میری بہن شیری صاحبہ نے بے روزگاری کا ذکر کیا کہ ہم بے روزگاری کی اس سطح پر پہنچ گئے ہیں جہاں حکومتیں تبدیل ہو جاتی ہیں مگر شاید عوام میں بھی یہ بے حسی ہے کہ وہ اپنے اس حق کا بھی تحفظ نہیں کر پائے اور وہ کوئی تبدیلی نہیں لا پائے، مگر وہ ایک الگ مسئلہ ہے۔ مگر یہاں پر جب آپ بجلی کے معاملے کو deal کرتے ہیں اور اس سے دو چیزیں بظاہر سمجھ میں آتی ہیں۔ ایک چیز یہ کہ ان کے rate کو NEPRA طے کر رہا ہے۔ NEPRA کے rate کا معاملہ یہ ہوتا ہے کہ government may agree, government may not agree فیصلہ ہمیشہ پھر بھی still executive نے ہی کرنا ہے۔ NEPRA rate recommend کر سکتا ہے مگر executive فیصلے کی مجاز ہے وہ executive کا اختیار NEPRA کو نہیں دیا جاتا۔

ایک چیز اس سے بظاہر لگتی ہے کہ کسی طرح سے solar والی policy کو ناکام بنایا جائے اور ان IPPs کو فائدہ دیا جائے۔ وہ فائدہ چونکہ directly یا indirectly اس کے بارے میں اکثر قصے کہانیاں چلتی رہتی ہیں کہ اس میں کون کون شریک ہے، کس کس کا فائدہ ہوتا ہے تو ان کو فائدہ پہنچایا جائے۔ اب مجھے نہیں پتا کہ اس معاملے میں واقعی ان کو فائدہ پہنچانا ہے یا کس کو فائدہ پہنچانا ہے، مگر اب کہا جا رہا ہے کہ جی، جو پہلے ہم commitment کر چکے ہیں public کے ساتھ اس commitment کو پورا کریں گے۔

جناب چیئرمین! آپ سے زیادہ دستور کو کون جانتا ہوگا؟ آپ Article 25 کو تو مجھ سے اور باقی سب سے زیادہ سمجھتے ہیں۔ اگر آپ نے ایک وعدہ میرے ساتھ کامران مرتضیٰ کے ساتھ کیا ہوا ہے اور وہ کہتے ہیں کہ آپ کے ساتھ وعدہ پورا کیا جائے گا تو کامل علی آغا صاحب کے

ساتھ جب وہ کل آئیں گے، تو کیا کہیں گے کہ وہ فائدہ جو کامران مرتضٰی کو مل رہا ہے، کامل علی آغا اس کے لیے اہل نہیں ہیں؟ وہاں آپ اپنے Article 25 کو کہاں پر لے کر جائیں گے؟ وہاں discrimination کو کہاں لے کر جائیں گے؟ آپ کے نزدیک IPPs کیونکہ وہ بہت معتبر ہیں، ان سے کیے گئے وعدے بہت ضروری ہیں، ان کو honour کیا جانا چاہیے مگر چونکہ عوام کیڑے مکوڑے ہیں، اس ملک میں ان کی کوئی حیثیت نہیں ہے، اس لیے آپ ان کے ساتھ جو commitment بھی کریں، آپ اس کو violate بھی کر سکتے ہیں۔ آپ یہ commitment violate کر رہے ہیں۔ اس کے بعد دوسری بات جو دوسری طرف treasury سے منسٹر صاحب کی طرف سے کہ جن کے ساتھ commitment ہو گئی مگر اس کے بعد آپ دوسری violation کریں گے وہ دستوری commitment کی کریں گے، Article 25 کی کریں گے، یہ درست نہیں ہے۔

آپ کو چاہیے کہ بجلی اگر بڑھ رہی ہے، اس میں مسابقت کی فضا پیدا ہو رہی ہے اس کو بڑھنا چاہیے آپ کو accommodate کرنا چاہیے۔ اللہ پاک نے آپ کو ایک نعمت دی ہے، اس نعمت سے ہر طرح سے فائدہ اٹھانا چاہیے پھر society اپنا معاملہ خود طے کرے گی۔ اس میں IPPs بھی آئیں گے، اس میں solar سے بجلی پیدا کرنے والے بھی آئیں گے اور ultimately اس کا benefit عام عوام کو public کو پاکستان کو جائے گا۔ شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ سینیٹر کامران مرتضٰی صاحب۔ منسٹر صاحب۔

**Sardar Awais Ahmad Khan Leghari (Federal Minister for Power)**

جناب سردار اویس احمد خان لغاری (وفاقی وزیر برائے توانائی): بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! میں بہت مشکور ہوں۔ میں Upper House کے تمام Honourable Members کا بھی مشکور ہوں جو resolution کی mover ہیں، بدقسمتی سے اس وقت ایوان میں نہیں ہیں۔ اگر وہ ہوتیں تو میں ان کو بھی اپنی معروضات پیش کر لیتا۔ اللہ کرے recording ان تک پہنچ جائے۔ NEPRA کی یہ regulations ہیں۔ نمبر۔1 یہ policy نہیں ہے۔ اس کی clarity ہونی چاہیے۔ یہ regulations کے اندر change آئی ہے جو پاکستان کے آئین اور قانون کے مطابق regulations change کرنا regulator کا کام ہے۔ میں اس سے قطعاً پیچھے نہیں ہٹ رہا کہ حکومت کی اس میں کتنی ownership ہے یا نہیں ہے۔ حکومتِ پاکستان نے، میری وازرت نے، اس چیز کا عوام، اشرافیہ business community, solar associations, industry, consumers, prosumers, regulator کو اس چیز کا

band بجانا آج سے دس بارہ مہینے پہلے شروع کیا۔اسی اثنا میں ہم نے solar associations and all stakeholders کے seminars مقرر اور منعقد کیے۔ اس کے اندر Solar Association of Pakistan آئی، اس کے اندر consumers آئے، stakeholders آئے اور یہ پچھلے سال ہم نے جون کے مہینے میں ان کے ساتھ کچھ معاملات طے کیے۔ Solar Association of Pakistan جس کی روزی روٹی ان systems کو لگانے اور اس کے اندر invest کرنے کے اوپر جس کا انحصار ہے، انہوں نے بھی ہمیں اس چیز کا اظہار کیا کہ جو چیز حکومت کرنے جا رہی ہے وہ نہ صرف ضروری ہے بلکہ اس کے کیے بغیر عام عوام کا interest save نہیں کیا جا سکتا۔ عام عوام کو اور پاکستان کی پچانوے یا اٹھانوے فیصد لوگوں کو مزید نقصان بڑھے گا اور بہت زیادہ پیدا ہو گا۔

انہوں نے جون میں کہا کہ آج نہ کریں، اس کو کم از کم پانچ چھ مہینے کا انتظار کر کے proper transition کے ذریعے کریں۔ NEPRA جو ایک regulator ہے، جس کی ذمہ داری ہے اپنے صارفین کا interest maintain کرنا۔ وہ قائم ہی اس لیے ہے تا کہ consumer کا interest watch کرے اور لوگوں پر ناحق بجلی کی قیمت بڑھنے سے لوگوں کو بچائے۔ (جاری۔۔۔T23

**T23-10Feb2026 Tariq/Ed: Shakeel. 06:50 pm**

جناب اویس احمد خان لغاری۔۔۔(جاری)۔۔۔ وہ قائم ہی اس لیے ہے تا کہ وہ interest of the consumer watch کرے اور لوگوں کے اوپر ناحق بجلی کی قیمت بڑھنے سے انہیں بچائے۔

یہاں علی ظفر صاحب جو کہ ماشاءاللہ سے پڑھے لکھے وکیل ہیں اور بہت پڑھے لکھے وکیل ہیں انہوں نے یہاں پر retrospective کا ڈھنڈورا پیٹا اور آرام سے چلے گئے۔ اس regulation کے اندر retrospective effect میں کوئی چیز ہے ہی نہیں۔ انہوں نے contracts کی بات کی۔ اس regulation کے اندر مجھے فخر ہے کہ ہمارے regulator نے contracts جو کہ سات سات سال کے licenses and contracts ہوتے تھے اس کی ایک بھی شق جس کو انہوں نے consumer کے ساتھ اس licence and contract کے ذریعے ensure کیا تھا، ایک بھی شق کے اوپر کسی قسم کی reversal نہیں کی۔ علی ظفر نے کہا کہ بیس بیس سال کے لیے یہ چلتی رہتی۔ ارے بھئی آپ PTI کے ہیں اور وہ بھی قانون دان ہیں، اس PTI کے جس کے دور میں پاکستان کا روپیا ڈالر کے مقابلے میں تین گنا گرا۔ جس کی وجہ سے نواز شریف کی قائم شدہ حکومت اس وقت کے بعد بجلی کی قیمتوں میں اضافہ ہوا، جس کے دور کے اندر ہمارے غریب کسان، مزدور، middle class, upper middle class and industry سب کی قیمتیں بڑھنا شروع ہوئیں۔ اس عمران نیازی کے دور کے

اندر بجلی کی قیمت آسمان تک گئی اور ہم آج تک اسے سنبھالنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ کوئی بیس بیس سال کے contracts کسی کے ساتھ نہیں ہوئے۔ بیس بیس سال کی کسی کو visibility نہیں دی گئی، سات سال کا contract تھا اور جب تک وہ contract اپنی زندگی کے اختتام تک نہیں پہنچتا، اس ملک میں کسی کے اندر نہ جرات ہوئی ہے اور نہ نیپرا نے یہ کیا ہے کہ کسی کو اس کے contract کے بیچ میں کوئی اور terms and conditions لائے۔ Net metering کا معاملہ اور net billing کا جو فرق ہے وہ contract کے اندر guaranteed نہیں تھا اور الحمدللہ 2017-18 میں میاں نواز شریف کی جماعت کے اندر جب مجھے ایک سال کے لیے وزیر رکھا گیا تھا تو میں نے اپنی وزارت کے دوران یہ net metering mechanism Cabinet سے منظور کروایا تھا اور اس revolution کا آغاز کیا تھا۔

جناب چیئرمین! یہاں clean energy کی بڑی بات ہوئی۔ آپ کو پتا ہے کہ ہماری international commitments کیا ہیں، ہم نے بین الاقوامی اور پوری community کے اندر renewal and clean energy کی کیا commitments کی ہیں کہ 2030 تک ہماری پیدا ہونے والی بجلی کا 60% حصہ clean energy ہو گی اور اس سال 2024-25 کے اندر ہم already 55% clean energy achieve کر چکے ہیں اور 2034-35 تک ہمارے گرڈ پر 90% clean energy ہو گی جو solar, wind, hydel and nuclear energy کی شکل میں ہو گی۔ ہمیں فخر ہے کہ پاکستان clean energy revolution میں اس پورے خطے میں لیڈر ہے حالانکہ climate change جو باہر کے industrial countries کی غلطیوں کی وجہ سے ہمارے ہاں سیلاب آتے ہیں اس کے باوجود پاکستان ایک ذمہ دار اور ایک advanced ملک کی طرح جس طرح سے ابھی سینیٹر صاحب نے کہا کہ یہ measure ہے کہ clean energy والے ملک بہت advanced ہوتے ہیں تو ہمیں فخر ہے کہ ہم clean energy والا ملک ہیں اور اسی معاملے میں advanced ہیں۔

دوسرا جناب سینیٹر صاحبہ نے بات کی کہ furnace oil کو جب کم کر دو گے تو furnace oil پچھلے سال تقریباً 0.3% استعمال ہوا ہے۔ ہمارے گرڈ میں furnace oil تقریباً ختم ہو چکا ہے۔ ہماری imported fuel کے اوپر جو آج سے دو سال پہلے 45% reliance ہوا کرتی تھی آج ہماری گرڈ کے اندر بجلی صرف imported fuel 24% پر depend کرتی ہے اور اگلے چار سال کے اندر یہ percentage 4% پر ہونے جا رہی ہے۔ ہمارے reforms اور reforms کے طور طریقے الحمدللہ A1 track پر ہیں اور نہ صرف World Bank بلکہ دنیا کا ہر ادارہ شہباز شریف صاحب کی lead کی ہوئی power sector reforms کی تعریف کرتا ہے اور

quote-un-quote یہ کہتا ہے کہ اتنی responsible and revolutionary reforms آج تک کسی ملک کے power sector میں نہیں آئے جو ہمارے آ رہے ہیں۔

جناب چیئرمین! انہوں نے کہا جاؤ پہلے IPPs کو سنبھالو۔ ہم نے سنبھالا، ہم بڑے بڑے سیٹھوں سے نہیں ڈرے، ہم کسی کے influence اور سفارشوں سے نہیں ڈرے۔ ہم نے اس ملک کو آئندہ چھ سے سات سالوں میں 3400 ارب روپے جو مزید IPPs کے سیٹھوں کی جیبوں میں جانے تھے، شہباز شریف صاحب اور (ن) لیگ کی حکومت نے وہIPPs کی جیبوں میں سے نکال کر سب سے پہلے contracts review کیے۔ ان کو final کرکے mutual agreements کے ساتھ sign کروایا اس کے بعد آپ کا ملک جو دس ہزار میگاواٹ مزید مہنگی خریدنے جارہا تھا جس کی وجہ سے اگلے بیس سالوں میں 17 ارب امریکی ڈالر کا بوجھ میں اضافہ ہونا تھا اس اضافے کو ہم نے ہمیشہ کے لیے دس ہزار میگاواٹ کو سسٹم میں سے باہر نکالا۔ ہم نے اپنے reforms کے اندر یہ ساری چیزیں کیں۔ ہم نے ایک سال میں اپنی distribution companies کی efficiency کو بہتر کیا۔ میری distribution companies 586 ارب روپے کا وزارت خزانہ اور tax-payer کے اوپر بوجھ ہوا کرتی تھی، آج وہ 586 ارب روپے سے کم کرکے ہم نے ایک سال میں ایک تہائی 397 ارب روپے کا باقی بوجھ چھوڑا ہے جو اگلے تین سالوں میں ان شاءاللہ ہم اس loss and recoveries inefficiencies کو ختم کرنے جا رہے ہیں۔ ہم نے اپنے رشتہ داروں کو اور سیاسی سفارشوں پر کسی کو board میں نہیں رکھا، ہم نے اس میں بہتری اور نقصان کے اندر بہتری کی اور آپ کے tax-payer کے بوجھ کو ہلکا کیا۔

جناب چیئرمین! آپ کو پتا ہے میں اس ایوان میں ضرور یہ گزارش کرنا چاہوں گا کہ براہ مہربانی تھوڑی سی research based speeches کیا کریں۔ علی ظفر صاحب یہاں کہہ کر گئے، کاش وہ اس وقت یہاں ہوتے تو میں ان سے یہ پوچھتا کہ آپ کو معلوم ہے کہ گرڈ پر کل کتنا consumer ہے۔ آپ کو معلوم ہے کہ اس میں سے net-metering والا کتنا ہے، کل 34500000 consumer سے زیادہ ہے اور ان کل consumers میں سے صرف 466506 consumers کے پاس net-meter ہے۔ ان 466506 consumers نے 7000 میگاواٹ بجلی net-metering پر لگائی ہوئی ہے، اس 7000 میگاواٹ میں سے بھی industry نے انہی 466506 consumers میں سے چند سو industrialists نے 3500 میگا واٹ بجلی لگائی ہوئی ہے اور باقی 466506 consumers انہوں نے لگائی ہوئی ہے، اب ان 466506 کے علاوہ جو تین کروڑ اور چالیس لاکھ اور consumers ہیں جو غریب

بستیوں میں رہتا ہے، جو فلیٹوں میں رہتا ہے، جس کے پاس گھر خریدنے کی اور roof top کی جگہ نہیں ہے جہاں وہ solar system لگائے اور ایسی جگہوں پر رہتا ہے جہاں اس کے پاس savings کے باوجود affordable نہیں ہے اگر ان rates پر نیپرا مستقبل کے لیے allow کرتا ان سے بجلی 26 اور 27 روپے فی یونٹ خریدنا اور net-metering پر رہنا تو باقی جو تین کروڑ پینتالیس لاکھ consumers ہیں جو غریب ہیں اور اصلی غریب وہی ہیں، اصلی عوام وہ ہے، وہ بھی ہے، ان کے اوپر آپ جو دو سو ارب روپے سالانہ کا بوجھ باقی صارفین پر ان net-metering consumers کا پڑا ہوا ہے یہ بڑھ کر ساڑھے پانچ سو ارب سالانہ ہو جاتا۔

آپ کہتے ہیں کہ تمھاری ساڑھے تین روپے فی یونٹ بجلی کیوں بڑھی ہے؟ میں یہ کہتا کہ میں ان 466506 consumers کو windfall profit دینے کے لیے باقیوں کی میں بیخ نکال دوں۔ یہ 466506 consumers کے contract کو نیپرا نے کچھ نہیں کیا۔ آئندہ مستقبل میں آنے والے consumers کو نئی regulations دی ہیں کہ بھئی اگر آپ نے لگانا ہے تو آپ کی بجلی کی خرید جو ہم آپ سے کریں گے وہی کریں جو باقی گرڈ کی average بجلی کی خرید ہے۔ بجلی کی خرید ہوتی کیا ہے۔ (آگے جاری T-24)

**T24-10Feb2026 Mariam Arshad/Ed:Shakeel 07:00 p.m.**

جناب اویس احمد خان لغاری: (جاری۔۔۔) جو باقی grid کی average بجلی کی خرید ہے۔ بجلی کی خرید ہوتی کیا ہے؟ بجلی کی خرید وہ ہوتی ہے جب ایک plant بنا کر آپ کو بجلی دیتا ہے وہ بجلی کی خرید ہماری دن کے وقت ساڑھے پانچ چھ روپے فی یونٹ بنتی ہے اور رات کے وقت بہت زیادہ ہوتی ہیں کیونکہ مہنگے plant چل رہے ہوتے ہیں۔ اس وقت میں اویس لغاری Solar Net Meter کا مالک ہوں، 11 کلو واٹ کا سسٹم میرے گھر پر لگا ہوا ہے۔ میں بجلی کو اس وقت ساڑھے پانچ چھ روپے فی یونٹ کے اوپر بنا رہا ہوں مجھے معلوم ہے اور ہر Net Metering users کو یہ بات معلوم ہے۔ جب میں وہ 27 روپے یا 26 روپے کا میں grid کو دوں گا تو باقی تین کروڑ ۴۵ لاکھ لوگوں کے ساتھ انصاف ہے یا ظلم ہے۔

اس کو میں نے rationalize کرنا ہے کہ نہیں کرنا اور وہ بھی ہم نے نئے consumers کی cost کے اوپر نہیں کیا۔ اس وقت جو NEPRA نے ریٹ دیے ہیں جو نئی regulation کے ریٹ ہیں۔ اس کے مطابق بھی اگر آپ ایک نئے Net Meter کے consumer بنیں، آپ کو energy rate کے مطابق پیسہ مل رہا ہو اور net billing ہو رہی ہو تو آپ پھر بھی تین سوا تین سال کے اندر اپنی investment کو پورا کرتے ہیں۔ اس کا مطلب ہے آپ کا 28% rate of return سے

زیادہ بنتا ہے۔ اس وقت بینک کتنا پیسہ دے رہا ہے، ساڑھے آٹھ، نو پرسنٹ سے زیادہ بینک دیتا ہے، نہیں دیتا۔ کیا یہ کاروبار ایک اچھا منافع بخش کاروبار پھر بھی رہے گا کہ نہیں رہے گا۔ یہ consumers کی regulations change کرنا۔

Policies are not like dinosaurs جن کے Number one regulations evolving ہوتی ہیں۔ جو بھی fossils ہوتے ہیں وہ اربوں سال پڑے رہے ہیں اور وہ ملتے نہیں ہیں۔ یہ انسانوں کی بنائی ہوئی اور innovative thinking کی بنائی ہوئی policies ہیں جو وقت کے ساتھ ساتھ evolve ہوتی ہیں اور یہ policy بھی نہیں ہے، یہ تو regulation ہے۔ میں اس ہاؤس میں چیلنج کرنا چاہتا ہوں جس چیز کو ہمارے honourable Senator نے دہشت گردی کہا جو میں نے لفظ expunge کروانے کی گزارش کی ان کو میں چیلنج کرنا چاہتا ہوں۔ کیا آپ کو معلوم ہے کہ اس وقت جو ہماری cost of production ہے وہ کیا ہے؟ کیا آپ کو معلوم ہے کہ نئے Net Metering Consumers کا بل جو نئے regulations کے مطابق آئے گا وہ کیا ہوگا؟ کیا آپ کو معلوم ہے کہ یہ NEPRA regulations ہر ایک دو سال کے بعد ماضی کے اندر change کرتا رہا ہے، یہ پہلی دفعہ نہیں ہو رہا پہلے بھی regulations change ہوئی ہیں، پہلے بھی rate revise ہوئے ہیں اور یہ rate revise اگر NEPRA نے کیے ہیں تو NEPRA نے پاکستان کی غریب عوام کے اوپر، اس معیشت کے اوپر اور solar and renewable sector کے لیے ایک بہت احسن اقدام اٹھایا ہے اور ہمیں اس بات کا فخر ہے کیونکہ میں آج سے تین سال بعد اگر اللہ نے زندگی دی اور اگر اس آفس میں رہنے کی ہم میں ہمت ہوئی اور رہے اور پرائم منسٹر صاحب نے رکھا اور میری جماعت نے مجھے رکھا تو میں تین سال کے بعد ادھر سر نیچے کرکے آپ کے سامنے یہ بات نہیں کر سکتا کہ بجلی کا ریٹ اس لیے مہنگے ہوئے ہیں کہ ہم میں اس وقت تین سال پہلے ان فضول خرچیوں کو روکنے کی ہمت نہیں تھی۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ منسٹر صاحب۔

جناب اویس احمد خان لغاری: جناب پریذائیڈنگ آفیسر! مہربانی کریں اور مجھے آپ اس چیز کا موقع دیں آج صفائی پوری پیش ہوگی۔ یہ اس بات کا الزام ہمارے سر ہے آج یہ چار سوا چار لاکھ consumers کون ہیں۔ میں ہوں، آپ ہیں، اس Net Meter کے users ہیں اور جو اس سے فائدہ اٹھا رہے ہیں۔ ہم ہیں، ہمیں تو ماشاءاللہ پھر بھی پیسہ بنتا رہے گا، اتنی بھوک کس چیز کی ہے۔ آج میری سینیٹر صاحبہ کے ساتھ off the record بات ہوئی لیکن میں اس کو on the record لے کر آنا چاہتا

ہوں۔ میں آپ کو guaranteeدیتا ہوں کہ ہم نے 2034 تک مزید 8 ہزار میگا واٹ سولر انرجی نیٹ میٹرنگ کے ذریعے لے کر آنے کی گنجائش رکھی ہے اور میں اس floor the houseکے اوپر guarantee دیتاہوں کہ یہ 8 ہزار میگا واٹ کا اتنی ہی تیزی سے اضافہ ہوگا، نئیregulationsکے باوجود جتنا آج تک ہوا ہے۔

یہ renewal energy proہے، یہ غریبوں کے حق میں کی ہوئی regulationہے۔ ان چار لاکھ غریبوں کی شاید حق میں نہ ہو جو اپنے آپ کو غریب سمجھتے ہیں جو آجNet Meterکےowners and usersہیں لیکن ان تین کروڑ 30 لاکھ غریبوں کے حق میں ہے جن کے بلوں کے اندر ہم چار لاکھ ساٹھ ہزار نیٹ میٹرنگ ownerکی وجہ سے مزید اضافہ ہونا تھا اور مزید ہونا تھا، ان کے اوپر مزید 500 ارب روپے کا بوجھ سالانہ پانچ روپے یونٹ بنتا ہے۔ مر مرکے ہم نے بجلی کی قیمتیں ابھی کم کی ہیں۔ 20 روپے کے قریب انڈسٹری کا ریٹ وزیراعظم شہباز شریف اور قائد میاں محمد نواز شریف کی حکومت آج تک انڈسٹری کے ریٹ کو 20 روپے فی یونٹ کم کر چکی ہوئی ہے۔ عام صارف کے ریٹ کو 200 یونٹ سے کم والے کو 40% کا ہم نے مزید discountدیا ہے۔ آج اس کی بجلی اصلی قیمت کے بجائے 70% discount پر اس کو ملتی ہے۔ ہمیں ان چیزوں کا فخر ہے یہ pro renewable regulationہے، یہ pro investor regulationہے۔ اس میں investorکےcontractکو مکمل sanctityکے ساتھ maintain کیا گیا ہے۔ یہ سارا کچھ اور یہcorrectionپہلے اپنی اصلاح کرنے کے بعد اور ثابت کرنے کے بعد کی گئی ہے۔ ہم نے پہلے اپنی چادر کو اپنے sizeکے مطابق کاٹا۔ ہم نے بڑے بڑے سیٹ اور انویسٹرز کو IPPsکے contracts renewکر کے کاٹا۔ ہم نے مزید فضول خرچی کر کے، مزید generation plantsکو بند کیا اور ان کو systemکے اوپر نہیں آنے دیا اور آج ہم اور ہماری حکومت اس بات کے اندر فخر محسوس کرتے ہیں۔ Hence, I oppose the resolution and I just wanted to state all this before the house.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ منسٹر صاحب۔

**(مداخلت)**

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی کامل علی آغا صاحب۔

**Senator Kamil Ali Agha**

سینیٹر کامل علی آغا: جناب پریذائیڈنگ آفیسر! میرے لیے قابل احترام ہیں، میرے چھوٹے بھائیوں کی طرح ہیں لیکن میں ایک بات معذرت کے ساتھ کہوں گا کہ انہوں نے اصل جو query تھی جو تشویش تھی اس کا جواب نہیں دیا۔ انہوں نے ایسی جگہ پر بیٹھ کر ساری باتیں کی ہیں جہاں سے سب اچھا نظر آتا ہے، جہاں پر کوئی تباہی، شدید تشویش اور تکلیف نظر ہی نہیں آتی۔ اس جگہ پر بیٹھ کر انہوں نے جواب دے دیا ہے۔ مفروضوں پر جواب دیا ہے اور وہ مفروضے پیٹ نہیں بھر سکتے، غریب کی کفالت نہیں کر سکتے، غریب جس نے بیچارے نے کہیں سے ادھار پکڑ کر جیسے شیری صاحبہ نے بتایا کسی نے ادھار لیا، کسی نے loan لیا، کسی نے بینک سے loan لیا۔ لوگوں نے بینکوں سے loan لے لے کر گھروں میں roof top solar system لگائے ہوئے ہیں تو میں یہ سمجھتا ہوں اور ان کا بوجھ بھی نہیں ختم ہونا۔ ان کا circular debt اگر نہ بڑھا تو میری گردن کاٹ دیں۔ وہ بڑھے گا، کیوں، اس لیے کہ انہوں نے IPPs کا پیٹ بھرنا ہے۔ وہ بھرنے کے لیے یہ سارا عذاب نازل کیا ہوا ہے اور وہ کرتے چلے جا رہے ہیں۔ یہ عذاب IPPs کے اوپر نازل ہونا چاہیے تھا انہوں نے ان کے اوپر کوئی عذاب نازل کرنے کی بجائے، fuel تو یہ پھر منگوائیں گے جس کی وجہ سے circular debt increase ہو گا۔ IPPs کو بھی dollars میں payment کر رہے ہیں اور جو fuel منگوا کر دے رہے ہیں ان کو بھی dollar pay کر رہے ہیں اور بوجھ غریب آدمی پر ڈال رہے ہیں جس بیچارے نے محنت کر کے ادھار اٹھا کر یہ سسٹم لگا لیا ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بہت شکریہ کامل علی آغا صاحب۔ جی منسٹر صاحب۔

**Mr. Awais Ahmad Khan Leghari (Minister for Power)**

جناب اویس احمد خان لغاری: میں on record ہوں میں نے کسی مفروضے کے اوپر کوئی بات نہیں کی جتنے نمبرز میں نے دیے ہیں انہوں نے ایک نمبر نہیں دیا۔ سارے نمبرز جو دیے ہیں وہ part of the record ہیں۔ I am responsible for each and every number. غریب لوگ کون ہیں، تین کروڑ 40 لاکھ consumer میرا غریب ہے یا 4 لاکھ 65 ہزار غریب ہے۔ تین کروڑ 40 لاکھ کا کون سوچے گا، سینیٹر صاحب تو اپنا اور میرا سوچ رہے ہیں۔ ان کا کون سوچے گا الحمدللہ سوچ بچار کر کے اس regulator نے جو کچھ کیا ہے اور ہمیں اس بات پر فخر ہے۔

Mr. Presiding Officer: I, now put the resolution before the house.

*(The resolution was not adopted)*

Mr. Presiding Officer: The resolution is rejected. Order No. 41. Senator Samina Mumtaz Zehri, she is not here.

Order No.42. Senator Abdul Qadir, he is not here, so this is deferred.

Order No.43. Senator Samina Mumtaz Zehri, she is not here, this is also deferred.

Order No.44. Senator Zarqa Suharwardy, she is not here.

یہ اس کے ساتھ club ہو کر dispose off ہو جائے گا۔ Order No.45. یہ بھی defer ہو گیا۔

I have to make an announcement it is for the information of the house that the Provincial Assembly of KP has passed a resolution:

Resolving there in that the Majlis-al-Shura Parliament may make amendments in Article 141(a) of the Constitution to clarify the role and tenure of the local governments.

The copy of the resolution is being laid on the table for information of the members as required under Rule 150 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012.

The proceeding of the house stands adjourn to meet again on Thursday, the 12th February, 2026 at 03:00 p.m.

-------------------

*[The House was then adjourned to meet again on Thursday, the 12th of February 2026 at 03:00 p.m.]*

-------------------